# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

*OFFICIAL REPORT*

Monday, the August 18, 2025
(353rd Session)
Volume IX, No. 03
(Nos. 01-04)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

Volume IX — SP.IX(03)/2025
No. 03 — 04

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran ..... 1
2. Fateha ..... 2
3. Leave of Absence ..... 2
4. Introduction of [The Fatima University of Science and Technology Bill, 2025] ..... 4
5. Consideration and passage of [The Public Procurement Regulatory Authority (Amendment) Bill, 2023] ..... 5
6. Consideration and passage of [The Pakistan Council for Science and Technology (Amendment) Bill, 2023] ..... 7
7. Consideration and passage of [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024] ..... 9
8. Consideration and passage of [The Higher Education Commission (Amendment) Bill, 2024] ..... 10
9. Consideration and passage of [The Pakistan Bait-ul-Mal (Amendment) Bill, 2024] ..... 12
10. Consideration and Passage of [The Islamabad Capital Territory Prohibition on Employment of Children Bill, 2022] ..... 14
11. Withdrawal of [The Social Media (Age-Restricted Users) Bill, 2025] ..... 16
12. Motion under Rule 218 moved by Senator Sherry Rehman regarding the alarming increase in cases of Gender Based Violence in the Country ..... 17
    - Senator Mohsin Aziz ..... 20
    - Senator Syed Ali Zafar ..... 22
    - Senator Danesh Kumar ..... 24
    - Senator Rubina Khalid ..... 26
    - Senator Bilal Ahmed Khan ..... 28
    - Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justice ..... 30
13. Matter raised by Senator Saleem Mandviwalla regarding interference of Courts in Senate Committee proceedings ..... 35
    - Senator Syed Ali Zafar ..... 36
    - Senator Zameer Hussain Ghumro ..... 36
    - Senator Kamran Murtaza ..... 37
    - Mr. Mansoor Usman Awan (Attorney General for Pakistan) ..... 37
    - Senator Syed Ali Zafar ..... 39
    - Mr. Mansoor Usman Awan ..... 40
    - Senator Azam Nazeer Tarar ..... 41
14. Motion under Rule 218 moved by Senator Mohsin Aziz regarding the overall performance of NDMA during the recent flood crisis in the country. ..... 44
    - Senator Hidayatullah Khan ..... 50
    - Senator Zamir Hussain Ghumro ..... 52
    - Senator Mirza Muhammad Afridi ..... 54
    - Senator Rubina Khalid ..... 56
    - Senator Kamran Murtaza ..... 58
    - Senator Bilal Ahmed Khan ..... 61
    - Senator Manzoor Ahmed ..... 66
    - Senator Sarmad Ali ..... 69
    - Senator Abdul Wasay ..... 72
    - Senator Shahadat Awan ..... 74
    - Senator Aimal Wali Khan ..... 76
    - Senator Nadeem Ahmed Bhutto ..... 81
    - Senator Aon Abbas ..... 84

- Senator Syed Waqar Mehdi ........ 88
- Senator Falak Naz ........ 92
- Senator Gurdeep Singh ........ 96
- Senator Rubina Naaz ........ 98

15. Point of Public Importance raised by Senator Kamran Murtaza regarding the incident of kidnapping of Sardarzada Yousaf Ali Khan Qalandrani from Karachi and killing of Molvi Kaleem-ullah in Chaghi ........ 100
    - Tariq Fazal Chaudhary (Minister for Parliamentary Affairs) ........ 100

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Monday, the August 18, 2025

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at seventeen minutes past five in the evening with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

الٓمّٓ ﴿١﴾ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ﴿٢﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٣﴾ اَمْ حَسِبَ
الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿٤﴾ مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ
فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٥﴾

ترجمہ: کیالوگوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ انہیں یوں ہی چھوڑ دیا جائے گا کہ بس وہ یہ کہہ دیں کہ: ''ہم ایمان لے آئے'' اور ان کو آزمایا نہ جائے؟ حالانکہ ہم نے ان سب کی آزمائش کی ہے جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں۔ لہٰذا اللہ ضرور معلوم کرکے رہے گا کہ کون لوگ ہیں جنہوں نے سچائی سے کام لیا ہے، اور وہ یہ بھی معلوم کرکے رہے گا کہ کون لوگ جھوٹے ہیں۔ جن لوگوں نے برے برے کام کیے ہیں، کیا وہ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ ہم سے بازی لے جائیں گے؟ بہت برا اندازہ ہے جو وہ لگا رہے ہیں۔ جو شخص اللہ سے جاملنے کی امید رکھتا ہو، اسے یقین رکھنا چاہیے کہ اللہ کی مقرر کی ہوئی میعاد ضرور آکر رہے گی، اور وہی ہے جو ہر بات سنتا، ہر چیز جانتا ہے۔

سورۃ العنکبوت (آیات ۱ تا ۵)

Mr. Chairman: I welcome Mr. Ghulam Muhammad Shalani, former Senator, in the Gallery.

*(Desk thumping)*

## Fateha

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: جناب چیئرمین ! گلگت بلتستان، کشمیر، خیبر پختونخوا، پنجاب میں جو لوگ طوفانی بارش اور سیلاب کی وجہ سے فوت ہو چکے ہیں، ان کے لیے فاتحہ خوانی کی جائے۔

جناب چیئرمین: پیر صاحب ! فاتحہ پڑھ لیں۔

(اس موقع پر ایوان میں فاتحہ خوانی کی گئی)

## Leave of Absence

Mr. Chairman: Senator Palwasha Mohammad Zai Khan has requested for the grant of leave for 12th and 15th August, 2025 due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Mohammad Ishaq Dar has requested for the grant of leave for 12th and 15th August, 2025 due to official engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Nadeem Ahmed Bhutto has requested for the grant of leave for 12th August, 2025 due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Khalil Tahir has requested for the grant of leave from 15th August to end of the current session due to visit abroad. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Qurat-Ul-Ain Marri has requested for the grant of leave for 12th and 15th August, 2025 due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Abdul Shakoor Khan has requested for the grant of leave for 12th and 15th August, 2025 due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Syed Kazim Ali Shah has requested for the grant of leave for 15th August, 2025 due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Zamir Hussain Ghumro has requested for the grant of leave for 15th August, 2025 due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Pervaiz Rashid has requested for the grant of leave for 15th to 22nd August, 2025 due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

جناب چیئرمین: جی شیری رحمان صاحبہ۔

سینیٹر شیری رحمان: شکریہ، جناب چیئرمین! ابھی میرے فاضل ساتھی نے بات کی ہے۔ میں تقریر نہیں کر رہی، میرا خیال ہے کہ business کے بعد اگر آپ time reserve کر دیں تو بہت موزوں ہو گا لیکن آپ سے ایک گزارش کرنی تھی، اجازت بھی لینی تھی کہ مجھے کہیں تقریب میں پہنچنا ہے، اس لیے میں آپ سے گزارش کر رہی تھی کہ بہت ہی خوفناک سیلاب کی وجہ سے اس وقت ہلاکتیں 650 ہو گئی ہیں۔ میں نے ٹیلی فون کرکے NDMA سے پوچھا ہے۔ پاکستان کے 63 اضلاع اس وقت زندگی اور موت کی کشمکش میں ہیں، لڑ رہے ہیں۔ خوفناک سیلاب کی وجہ سے سارا ملک حادثات کا نقشہ، منظر پیش کر رہا ہے، اندوہناک حادثات ہو رہے ہیں۔۔۔

جناب چیئرمین: شیری رحمان صاحبہ! میں وقت دوں گا۔ میں پہلے لسٹ بنواتا ہوں، پھر سب بولیں گے۔

سینیٹر شیری رحمان: میں صرف آپ سے یہ گزارش کر رہی ہوں، میں تقریر نہیں کر رہی۔ آپ سے ایک agreement لینا ہے۔ اگر سب لوگ agree کرلیں۔ میں نے وزیر قانون سے بات کی اور اتفاق سے پی ٹی آئی کے پارلیمانی لیڈر سے بھی بات ہو گئی کہ ہم کم از کم شروع کر دیں، سارے سینیٹرز اگر agree کریں کہ ایک مہینے کی تنخواہ سیلاب زدگان کو دے دیں۔ اس وقت ایک تہائی پاکستان ایک مرتبہ پھر سیلاب سے لڑ رہا ہے تو اگر ہم flood relief میں donate کرلیں۔

جناب چیئرمین: میں نے وزیراعظم کا statement پڑھا ہے۔ انہوں نے کابینہ کے لیے کہا ہے کہ وہ اپنی ایک تنخواہ سیلاب زدگان کو دیں۔

سینیٹر شیری رحمان: میری proposal ہے کہ سینیٹ بھی کرلے۔ جیسے آپ موزوں سمجھیں۔ سو بسم اللہ۔

جناب چیئرمین: آپ consensus evolve کرلیں، پھر ہم announce کریں گے۔

Senator Sherry Rehman: Thank you.

Mr. Chairman: Senators Hidayatullah Khan Sahib and Umer Farooq may move Order No. 2.

**<u>Introduction of [The Fatima University of Science and Technology Bill, 2025]</u>**

سینیٹر ہدایت اللہ خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ ملتان میں فاطمہ یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے قیام کے لیے قانون وضع کرنے کا بل [فاطمہ یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی بل، 2025ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

Mr. Chairman: Law Minister Sahib.

Senator Azam Nazeer Tarar (Minister for Law and Justice): Sir, it is being introduced. It may be referred to the Standing Committee concerned.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried and the leave to introduce the Bill is granted unanimously. Order No. 3. Senators Hidayatullah Khan and Umer Farooq may move Order No. 3.

سینیٹر ہدایت اللہ خان: میں تحریک پیش کرتاہوں کہ ملتان میں فاطمہ یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے قیام کے لیے قانون وضع کرنے کابل [فاطمہ یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی بل،2025ء] پیش کرتاہوں۔

جناب چیئرمین ! اس کے کچھ اغراض ومقاصد ہیں،وہ میں بیان کرناچاہتاہوں کہ وجوہات کیاہیں کہ ہم یونیورسٹی کے قیام کے لیے یہ بل پیش کرتے ہیں۔ جنوبی پنجاب،خاص طور پر ملتان، طبّی علوم،انجینیئرنگ ،بائیو ٹیکنالوجی اورابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز میں اعلیٰ پروگرامز پیش کرنے والے خصوصی اعلیٰ تعلیمی اداروں کی کمی کاشکار ہے۔لہٰذا، فاطمہ یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی،ملتان کے قیام کامقصد یہ ہے:

نمبرا۔ تعلیمی علاقائی عدم مساوات کودور کرنا اور عالمی معیار کی سائنس اور تکنیکی تعلیم فراہم کرکے جنوبی پنجاب کے لیےایک تبدیلی لانے والا تعلیمی مرکزبنناجو قومی ترقی میں حصہ ڈالے؛

نمبر۲۔ باصلاحیت طلبا کو خطے میں رکھ کربڑے شہروں پر طلباکے بوجھ کو کم کرناہے؛اور

نمبر۳۔ قومی ترقی کےاہداف کے مطابق تحقیق اور جدت کوفروغ دینا۔

مذکورہ مقاصد کے حصول کے لیے یہ بل پیش کیاجاتاہے۔اس لیےاسے منظور کیاجائے۔

Mr. Chairman: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. Senator Malik Shahadat Awan Sahib, please move Order No. 4.

## Consideration and passage of [The Public Procurement Regulatory Authority (Amendment) Bill, 2023]

Senator Shahadat Awan: I move that the Bill further to amend the Public Procurement Regulatory

Authority Ordinance, 2002 [The Public Procurement Regulatory Authority (Amendment) Bill, 2023], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

**سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر برائے قانون و انصاف):** جناب! یہ PPRA کے بورڈ میں nomination کے حوالے سے improvement چاہ رہے ہیں جو کہ اچھی بات ہے اور اس سے quality بہتر ہو گی۔ So, I support it.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted unanimously. We now take up second reading of the Bill i.e. clause by clause consideration of the Bill. Clause 2, there is no amendment in clause 2, so I will put this clause as one question. The question is that clause 2 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 2 stands part of the Bill. Clause 1, the Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title, do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, The Preamble and the Title, stands part of the Bill. Order No.05. Senator Shahadat Awan *Sahib*.

Senator Shahadat Awan: I move that the Bill further to amend the Public Procurement Regulatory Authority Ordinance, 2002 [The Public Procurement Regulatory Authority (Amendment) Bill, 2023], be passed.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted and the Bill stands passed unanimously. Order No. 06. Shahadat Awan *Sahib*.

**<u>Consideration and passage of [The Pakistan Council for Science and Technology (Amendment) Bill, 2023]</u>**

Senator Shahadat Awan: I move that the Bill further to amend the Pakistan Council for Science and Technology Act, 2017 [The Pakistan Council for Science and Technology (Amendment) Bill, 2023], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

جناب خالد حسین مگسی (وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی): جناب! گزارش یہ ہے کہ rightsizing میں اس کو wind up کر دیا ہے۔ اس پر مزید اب Cabinet کا فیصلہ آگیا ہے۔ تو اس پر مزید اب۔۔۔

جناب چیئرمین: جی، کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted nanimously. We now take up second reading of the Bill i.e. clause by clause consideration of the Bill. Clause 2. There is no amendment in clause 2, so I will put this clause as one question. The question is that clause 2 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 2 stands part of the Bill. Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill. We may now take up Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title, do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, The Preamble and the Title stands part of the Bill. Order No.07. Senator Shahadat Awan *Sahib*.

Senator Shahadat Awan: I move that the Bill further to amend the Pakistan Council for Science and Technology Act, 2017 [The Pakistan Council for Science and Technology (Amendment) Bill, 2023], be passed.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted and the Bill stands passed unanimously. Order No. 08. Shahadat Awan *Sahib*.

**Consideration and passage of [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Shahadat Awan: I move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024] (Insertion of new section 297A in the PPC and subsequent amendment in Schedule II of Cr.PC), as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

Senator Shahadat Awan: No sir.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted nanimously. We now take up second reading of the Bill i.e. clause by clause consideration of the Bill. Clauses 2 and 3. There is no amendment in clauses 2 and 3, so I will put these clauses as one question. The question is that clauses 2 and 3 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 and 3 stand part of the Bill. Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill. We

may now take up Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title, do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted and clause 1, The Preamble and the Title stands part of the Bill. Order No.09. Senator Shahadat Awan *Sahib*.

Senator Shahadat Awan: I move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024], be passed.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted and the Bill stands passed unanimously. Order No. 10. Shahadat Awan.

## Consideration and passage of [The Higher Education Commission (Amendment) Bill, 2024]

Senator Shahadat Awan: I move that the Bill further to amend the Higher Education Commission Ordinance, 2002 [The Higher Education Commission (Amendment) Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed? No. Ok. I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted unanimously. We now take up second reading of the Bill i.e. clause by clause consideration of the Bill. Clause 2. There is no amendment in clause 2, so I will put this clause as one question. The question is that clause 2 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 2 stands part of the Bill. Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill. We may now take up Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title, do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, The Preamble and the Title stands part of the Bill. Order No.11. Senator Shahadat Awan.

Senator Shahadat Awan: I move that the Bill further to amend the Higher Education Commission Ordinance, 2002 [The Higher Education Commission (Amendment) Bill, 2024], be passed.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted and the Bill stands passed unanimously. Order No. 12. Shahadat Awan.

## <u>Consideration and passage of [The Pakistan Bait-ul-Mal (Amendment) Bill, 2024]</u>

Senator Shahadat Awan: I move that the Bill further to amend the Pakistan Bait-ul-Mal Act, 1992 [The Pakistan Bait-ul-Mal (Amendment) Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اس میں بھی ہم صوبوں کو، جیسے کہ کشمیر اور گلگت کو بیت المال میں نمائندگی دے رہے ہیں۔

Mr. Chairman: Ok. I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted unanimously. We now take up second reading of the Bill i.e. clause by clause consideration of the Bill. Clauses 2 to 7. There is no amendment in clauses 2 to 7, so I will put these clauses as one question. The question is that clauses 2 to 7 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 to 7 stand part of the Bill. Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill. We may now take up Clause 1, The Preamble and the Title of the

Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title, do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, The Preamble and the Title stands part of the Bill. Order No.13. Senator Shahadat Awan *Sahib*.

Senator Shahadat Awan: I move that the Bill further to amend the Pakistan Bait-ul-Mal Act, 1992 [The Pakistan Bait-ul-Mal (Amendment) Bill, 2024], be passed.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted and the Bill stands passed unanimously. Order No. 14. Senator Fawzia Arshad may move Order No.14. Not present. Who will move on her behalf? She is sitting!

فوزیہ ارشد صاحبہ! آپ کا تو item گزر گیا ہے۔ You can go to your seat.

Mr. Chairman: Order No.14.

Senator Fawzia Arshad: Apologies for not being on my seat. Thank you.

Mr. Chairman: No its fine.

**<u>Consideration and Passage of [The Islamabad Capital Territory Prohibition on Employment of Children Bill, 2022]</u>**

Senator Fawzia Arshad: I would like to move that the Bill to prohibit the employment of children and to regulate the employment of adolescents in certain works [The Islamabad Capital Territory Prohibition on Employment of Children Bill, 2022], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

Senator Muhammad Tallal Badar (MoS for Interior and Narcotics Control): Not opposed.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted unanimously. Second reading of the Bill. Clauses 2 to 24. There is no amendment in Clauses 2 to 24, so I put these Clauses before the House as one question. The question is that Clauses 2 to 24 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 to 24 stand part of the Bill. I now put the Schedule before the House. There is no amendment in Schedule. The question is that the Schedule do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Schedule stands part of the Bill. Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill. We may now take up Clause 1, The Preamble and Title of the Bill. The question is that Clause 1, The Preamble and the Title do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, The Preamble and the Title stands part of the Bill. Order No.15 Senator Fawzia Arshad may move Order No.15.

Senator Fawzia Arshad: I move that Bill to prohibit the employment of children and to regulate the employment of adolescents in certain works [The Islamabad Capital Territory Prohibition on Employment of Children Bill, 2022], be passed.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The Motion is carried and the Bill stands passed. Senator Samina Mumtaz Zehri has requested for deferments of Orders No. 16 to 21. Order No. 16 to 21 stand deferred. Order No. 22 Senator Sarmad Ali may move on behalf of Senator Sayed Masroor Ahsan.

## Withdrawal of [The Social Media (Age-Restricted Users) Bill, 2025]

Senator Sarmad Ali: I, on behalf of Syed Masroor Ahsan would like to withdraw the Bill to provide for Social Media (Age-Restricted Users) [The Social Media (Age-Restricted Users) Bill, 2025], as introduced in the Senate on 21st July, 2025.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The leave to withdraw the Bill is granted. Senators Masroor Ahsan and Sarmad Ali may move Order No.23.

Senator Sarmad Ali: I, on behalf of Syed Masroor Ahsan would like to withdraw the Bill to provide for Social Media (Age-Restricted Users) [The Social Media (Age-Restricted Users) Bill, 2025].

*(The Bill was withdrawn)*

Mr. Chairman: The Bill stands withdrawn. Order No.24 Senator Saadia Abbasi to move Order No.24. Who will move on her behalf? No, Senator. You cannot move. Your name is not there. Please be seated. We move to Order No.26. Senator Sherry Rehman sahiba may move the motion.

**Motion under Rule 218 moved by Senator Sherry Rehman regarding the alarming increase in cases of Gender Based Violence in the Country**

Senator Sherry Rehman: I, hereby move that this House may discuss the alarming rise in Gender Based Violence cases in Pakistan with recent data pointing to an alarming surge in reported cases but also a colossal failure of state's institutional and judicial mechanisms to address it. Despite legislation that has created 480 courts across the country to meet the rising demand for justice, for heinous cases of gender-based abuse and femicide, the number of unsettled cases remains too high, while conviction rates remain shockingly low. At the same time, a high number of acquittals points to shocking levels of impunity according to such criminality, including poor investigative and prosecution gaps that encourage a systematic tolerance for crimes against women at the institutional mechanism for the dispensation of law and justice. Under Rule 218, Sir I beg that the House may take steps to suggest higher action and reconsider measures for improvement as well as timely reporting to Parliament on this crucial issue of rights abuse across the country.

جناب چیئرمین! میں مختصراً بتاؤں گی کہ یہ ایک gender based violenceکے حوالے سےreport نکلی تھی۔ ابھی پچھلےsession میں بھی ہم نے ایک دل خراش معاملے پر بات کی اور ہم نے دیکھاجہاں خواتین کوhonour killings میں بھی ہلاک کیا گیا۔ سب کے سامنےcold-blooded premeditated murderبلوچستان کی بات ہوئی، پھر ایک اور جگہ اسلام آباد میں ہوا۔ ایک بہت بڑا نمبر gender-based violence

cases کا چلتا چلا جا رہا ہے۔ ہمارے لیے یہ سلسلہ مستقل شرم کا باعث بنا ہوا ہے۔ اس وقت ملک میں پچھلے سال کے اعداد و شمار 32,617 cases ہیں اور یہ reported cases ہیں۔ آپ سمجھیں کہ یہ iceberg کی ایک سطح ہے جو اوپر سے نظر آ رہی ہے، پانی کے نیچے کیا ہے یہ تو ہمیں پتا ہی نہیں کہ خواتین report بھی نہیں کرتیں، ڈرتی ہیں۔ اس میں almost ساڑھے پانچ ہزار rape کے incidents ہیں، almost پچیس ہزار kidnapping and abduction دو ہزار ڈھائی سو تک domestic violence ہیں۔ یہ بھی بہت low reporting ہے۔ اصلی numbers اس سے زیادہ ہیں اور honour killings پچھلے سال، یہ اس سال کے numbers included نہیں ہیں۔ 547 غیرت کے نام پر ابھی بھی قتل عام جاری و ساری ہیں۔

جناب چیئرمین! اب یہ صرف numbers نہیں ہیں، مجھے اس میں تشویش یہ ہے کہ 480 آپ نے صرف gender-based courts بنائی ہوئی ہیں یعنی ان crimes کے خلاف تاکہ تھوڑے یہاں پر educated judges ہوں educated prosecution ہوں۔ لیکن آپ دیکھئے national conviction rate کیا ہے یعنی کھلی چھوٹ اور استثناء کتنی ہے جو خواتین کے خلاف اس طرح کا تشدد کیا جا رہا ہے، کھلے عام جان لیوا تشدد کیا جا رہا ہے۔ اس میں honour killings کی conviction کیا ہے؟ ایک فیصد بھی نہیں ہے۔ آدھا فیصد تک مشکل سے پہنچ رہی ہے۔ Rape کی conviction کیا ہے؟ آپ سمجھیں گے زیادہ ہو گی کیونکہ DNA testing کیا کیا ہیں۔ کتنے قوانین بنائے ہلکان ہو گئے میں قوانین بنا بنا کر ایک فیصد بھی نہیں ہے۔ Kidnapping and abduction 0.1% domestic violence یہ پہنچی ہے سک سک سے 1.3% پر ہیں۔

جناب والا! آپ مجھے بتائیں کہ یہ province wise ہو رہا ہے چار صوبے اور Islamabad Capital Territory زیادہ تر convictions ہیں ہی نہیں۔ Cases آ رہے ہیں، cases جا رہے ہیں۔ 480 gender based courts اسی violence کے لیے، خواتین پر ہونے والے تشدد کے لیے بنی ہیں۔ سب سے زیادہ cases پنجاب میں ہی ہیں

26,753 یہاں سے دو convictions secure ہوئی ہیں اور باقی سارے صوبوں میں اس سے کم ہوتی جاتی ہیں۔ اگلا خیبر پختونخوا ہے، اس کے بعد سندھ ہے، پھر بلوچستان ہے اور پھر ICT ہے۔

اب جناب آپ backlog بھی دیکھیں 2023 میں 21000 سے زیادہ cases کا backlog تھا، تو کیا ہمارے ہاں خواتین کی زندگی کی، ان کی موت کی، ان کی سانسوں کی کوئی قیمت نہیں ہے کیونکہ یہاں پر مجموعی طور پر conviction rate 5% ہے اور یہ میرا یا آپ کی طرف سے دیا ہوا figure نہیں ہے، میں نے کسی اخبار سے اٹھا کر نہیں لیے ہیں، میں نے Law and Justice Commission of Pakistan کی رپورٹ پڑھی ہے۔ مجھے وہ رپورٹ پڑھ کر بہت تکلیف ہوئی اور میں یہ کوئی چھ ماہ سے move کر رہی ہوں۔ 64% acquittal rate ہے، 64% کھلی چھوٹ، آپ ماریں غیرت کے نام پر، بے غیرتی کے نام پر قتل کریں، آپ domestic violence میں تشدد میں مار ڈالیں، جان لے لیں، آپ rape کروادیں، gang rape ہو، کچھ بھی ہو، acid killing ہو کچھ بھی ہو، آپ کا acquittal rate ماشاءاللہ ہر crime سے زیادہ ہے۔ 64% کی کھلی چھوٹ ہے، شرم ناک اعداد و شمار ہیں اور اسی کمیشن نے بتایا ہے جو میں نے آپ سے شرم ناک، خوف ناک اعداد و شمار share کیے ہیں جناب یہ 70% unreported cases ہیں یعنی کہ صرف 30% cases report ہوئے ہیں اور یہ Human Rights Watch نے بتایا ہے، یہ بھی مستند figures ہیں۔

یہ جو systematic کھلی چھوٹ ہے اسے impunity کہتے ہیں، sir this is failing the women of Pakistan, we are failing the women of Pakistan کہ ہم اس کے بارے میں کچھ نہیں کر پا رہے ہیں اور میں لمبی تقریر نہیں کروں گی۔ یہ اعداد و شمار دیکھ کر میرے تو رونگٹے کھڑے ہو گئے ہیں اور میں چاہوں گی کہ سب اس پر غور و فکر کریں۔ وزیر قانون بھی یہاں بیٹھے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ Human Rights بھی ان کا قلم دان ہے تو جواب دیں اور یہ بھی بتائیں کہ اس سسٹم میں 64% acquittals اور 5% سے کم conviction rate کیوں ہے، یہ تو بالکل ہی unacceptable ہے، اس کے بارے میں

یہ کیا کر سکتے ہیں اور امید ہے کہ ہمیں اس میں کچھ بہتری نظر آئے گی لیکن جناب چیئرمین آپ کوئی monitoring mechanism بنادیں، یہ پارلیمنٹ کو رپورٹ تو ہو۔ شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین: وزیر صاحب پہلے ایک دو ارکان کی بات سن لیں پھر آپ wind-up کر لیں۔ جی سینیٹر ہدایت اللہ صاحب۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: شکریہ جناب چیئرمین! جو موجودہ سیلاب کا ریلہ آیا ہے خصوصی طور پر خیبر پختونخوامیں، میں اس پر بات کرنا چاہوں گا۔۔۔

جناب چیئرمین: اس وقت شیری رحمان صاحبہ کی motion پر بات ہو رہی ہے۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: اس میں سیلاب کا بھی ذکر ہے۔

جناب چیئرمین: اس پر بعد میں بات کرتے ہیں۔ جی سینیٹر محسن عزیز صاحب۔

**Senator Mohsin Aziz**

سینیٹر محسن عزیز: جناب چیئرمین! سینیٹر شیری رحمان صاحبہ جو gender based violence سے متعلق motion لے کر آئی ہیں یہ بہت اہم بھی ہے، ضروری بھی ہے اور اس پر discussion بھی بہت ضروری ہے۔ میں چند الفاظ یہاں پر بولنا چاہتا ہوں اور یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ violence بڑھتا ہوا ہی نظر آ رہا ہے، اس کی وجوہات بھی ہیں اور ان وجوہات کو ہمیں یہاں پر ضرور study کرنا چاہیے۔ ایک تو تعلیم کا فقدان ہے، یہاں پر تعلیم روز بہ روز گھٹتی جا رہی ہے، لوگوں کی education نہیں ہے، شاید میری یہ بات یہاں پر کسی کو بری بھی لگے لیکن وہ بات یہ ہے کہ ہمارے ہاتھ میں یہ جو موبائل فون ہے یہ بھی ایک frustration create کر رہا ہے، اس میں کئی قسم کی خرافات سامنے آ رہی ہیں جو کہ censor نہیں ہو رہی ہیں، ان کو بھی censor کرنے کی ضرورت ہے، ان وجوہات سے بھی میں سمجھتا ہوں کہ یہ چیزیں زیادہ ہو رہی ہیں۔

یہ بالکل صحیح بات ہے کہ conviction بہت کم ہو رہی ہے، جہاں conviction ہونی چاہیے، ایک تو وہاں ہوتی نہیں ہے اور جہاں conviction ہوتی بھی ہے تو وہاں کئی سال لگ جاتے ہیں۔ میں ایک اور زاویے سے بھی اسے دیکھتا ہوں اور ایک بات کرنا چاہتا ہوں کہ یہاں پر جو gender based violence ہے وہ of course اس ملک میں موجود ہے لیکن جو reported cases ہیں وہ بہت ہی کم ہیں۔ Reported cases اس لیے کم ہیں کیونکہ ایک elite capture ہے، ایک وڈیرہ، ایک سردار اور ایک خان نے اس ملک کو capture کیا ہوا ہے، وہ ان cases کو سامنے نہیں لانے دیتے ہیں۔ میرے پاس کچھ figures ہیں، 2022 میں مظفر گڑھ میں ایک case register ہوا لیکن ایک بہت بڑا feudal landlord تھا اس نے pressure ڈالا اور وہ case 48 hours میں ختم ہو گیا۔ ڈسکہ میں 2021 میں ایک case ہوا، وہ ruling party کا ایک MPA تھا، اس کا بیٹا اس case میں ملوث تھا اور وہ اگلے روز ہی ملک سے فرار ہو کر چلا گیا۔ قصور میں ایک بہت بڑا landlord ہے، I am not naming any person وہ ایک serial sort of abuser تھا جو کہ اس میں involve تھا، اس کے cases بہت pressure کی وجہ سے روک دیے گئے۔ Cases بنے لیکن pressure کی وجہ سے روک دیے گئے۔ Forced marriages کے حوالے سے کشمور میں ایک جرگہ ہے اس کے حکم پر سندھ کی ایک فیملی میں ایک بہت بڑا وڈیرہ ہے اس نے پانچ بچیوں کو murder dispute کی settlement میں دے دیا۔ اسی طریقے سے صوابی میں ہمارا وہاں کا ایک لوکل خان ہے اس کی بدولت وہاں پر ایک بچی سورے کی رسم میں دے دی گئی۔

جناب چیئرمین! اگر آپ دیکھیں تو یہ وہی لوگ ہیں جو میں نے پچھلی مرتبہ یہاں پر عرض کیا تھا کہ اس ملک میں جو lawlessness بڑھ رہی ہے اس کی وجوہات کیا ہیں۔ ہم rule of law کو adopt نہیں کر رہے ہیں اس کی وجوہات کیا ہیں۔ آیا جو elite class ہے جس نے capture کر لیا ہے، جو کہ اس سوسائٹی پر اس وقت rule کر رہے ہیں، یہ وہی لوگ ہیں جو powerful ہیں، وہی لوگ ہیں جو سسٹم کو abuse کرتے ہیں اور وہی لوگ ہیں جن کے ہاتھ سے یہ تمام قوانین تو بنا دیئے گئے ہیں، law exists کرتے ہیں لیکن ان پر صرف اس لیے عمل درآمد نہیں ہوتا ہے کہ نہ صرف وہ influential ہیں بلکہ powerful بھی ہیں اور ان کے پاس

پیسا بھی ہے، اس لیے ہم اس چیز کو بھی یہاں ضرور مد نظر رکھیں کیونکہ اسے ہم نے بہتر کرنا ہے، بہتری کی ضرورت ہے اور ہمیں بہتر کرنا چاہیے، یہ ہمارا فرض ہے، جب ہم یہاں بیٹھتے ہیں تو ہمارے فرائض میں کچھ چیزیں شامل ہیں جس میں یہ بھی ہے کہ ہم ان چیزوں کو کنٹرول کرنے کی کوشش کریں لیکن ساتھ ساتھ یہ بھی دیکھیں کہ ہمارے مابین اور ہمارے ارد گرد کون سے ایسے لوگ ہیں جن کو ہم یہاں بیٹھ کر بعض اوقات protect کرتے ہیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی پارلیمانی لیڈر سینیٹر سید علی ظفر صاحب۔

**Senator Syed Ali Zafar**

سینیٹر سید علی ظفر: شکریہ، جناب چیئرمین! سینیٹر شیری رحمان نے بہت اہم موضوع کی طرف ہمیں کہا ہے کہ ہم غور کریں، میری نظر میں جناب violence against women is not just a women's issue, it is a national issue and I am grateful کہ آپ نے یہ issue raise کیا ہے۔ As a lawyer ہماری practice کا ایک portion ہے جہاں ہم اس قسم کے cases کو مفت prosecute بھی کرتے ہیں، مدد بھی کرتے ہیں جب اس طرح کا gender based violence ہو اور بے تحاشہ ہیں۔ ابھی سینیٹر محسن عزیز صاحب نے ذکر کیا کہ شاید یہ صرف upper class کا یا وڈیروں کا issue ہے، actually یہ issue اوپر سے لے کر نیچے تک ہے، چونکہ اس کی awareness نہیں ہے، اس کے بارے میں آگاہی نہیں ہوتی اور بات نہیں کی جاتی، اسے چھپایا جاتا ہے اس لیے وہ بڑھتا جا رہا ہے اور بہت زیادہ ہے۔ سینیٹر شیری رحمان نے کچھ figures دیے، کچھ figures میرے پاس بھی ہیں جو ہم share کر سکتے ہیں لیکن ان figures کی تعداد اتنی زیادہ ہے کہ انسان ایک سیکنڈ کے لیے بیٹھ کر سوچتا ہے کہ ہمارا معاشرہ کس طرف جا رہا ہے۔

جناب چیئرمین! اس پر میں نے بہت کام کیا اور میں نے یہ دیکھا کہ ہمارے پاس قوانین تو بہت سے ہیں، قوانین تو ہمارے پاس بھرپور ہیں اور recently PTI کی حکومت میں ایک Anti-Rape Law بھی آیا تھا جب میں Law and Justice Committee کا چیئرمین تھا اور معزز وزیر قانون صاحب بھی a part of that Committee تھے اور وہ

قانون ہم نے بہت غور و فکر کرکے بنایا تھا اسی لیے کہ rape cases کی investigation بھی ٹھیک ہو سکے اور trial بھی بہتر ہو سکے۔ اس طرح کے بہت سارے قانون موجود ہیں جو کہ تحفظات دیتے ہیں ہمارے جو مختلف genders کے لوگ ہیں، ہماری جو خواتین ہیں لیکن میں نے دیکھا ہے کہ مسئلہ قانون سازی کا نہیں ہے۔ جہاں problem ہے، جہاں issue آتا ہے وہ یہ ہے کہ جب آپ کو سزا نہ ملے۔ قانون موجود ہے لیکن سزا نہ ملے تو پھر لوگ سمجھتے ہیں کہ ہمیں immunity ہے، بہت سارے rapists ہیں، بہت سارے لوگ violence کرتے ہیں ان کو جب سزا نہ ملے تو ہر کوئی پھر سمجھتا ہے کہ چونکہ ہمیں کوئی چھو نہیں سکتا تو ہم جو مرضی کریں۔

At the end of the day issue آتا ہے in the implementation of the law کا قانون موجود ہے، کیا اس کی investigation ہوتی ہے؟ کیا وہ trial میں جاتا ہے اور کیا trial کے بعد سزا ہوتی ہے یا نہیں؟ وہاں ہمارا system fail ہو گیا ہے۔ ہم نے Law and Justice Committee میں ایک concept start کیا تھا اور میرا خیال ہے اس سے کافی کامیابی ہوئی تھی۔ اس قسم کا concept ہمیں کرنا پڑے گا اور ہم نے یہ کہا کہ ہم نے anti-rape قانون بنا دیا ہے اب ہم نے دیکھنا یہ ہے کہ اس کی implementation ہو رہی ہے کہ نہیں۔ So ہم periodical 15, 20 days بعد اس کی report منگواتے تھے اور ہم پوچھتے تھے کہ کتنے incidents ہوئے تھے اور اس پر کیا کیا ہے، کیا کارروائی investigating officers نے کی ہے۔ کیا اس میں جو شقیں لکھی تھیں ان کو follow کیا گیا ہے یا نہیں، اس سے کچھ تھوڑی بہت تبدیلی آ رہی تھی۔ میرا خیال ہے اگر آپ سمجھیں کچھ suggestions بھی Law Minister کی طرف سے آئیں گی لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ implementation کا جو loophole ہے، یہ جو خلا ہے اس کو پر کرنے کے لیے اگر ہم monitor کر سکیں۔ ہماری committees بہت ساری ہیں، پچاس سے زیادہ committees ہیں۔ ہم اگر monitor کر سکیں کہ ہمارے جو قوانین ہیں جب بھی یہ violence ہوتا ہے تو اس میں کیا کیا ہم facilitate کر سکتے ہیں implementation کے لحاظ سے تو میرا خیال ہے بہت فرق پڑ سکتا ہے۔

ہمارا Judicial system clogged ہے وہ clogged up ہے، وہ اس وقت میری نظر میں existing system میں اس طرح کے violence کے cases کو آگے نہیں چلا سکتے۔ اس کے لیے جب ہم نے anti-rape law بنایا تو ہم نے اس کی باقاعدہ الگ عدالتیں بنائیں۔ اب معلوم نہیں Law Minister بتائیں گے کہ وہ عدالتیں کام کر رہی ہیں یا نہیں کر رہیں کیونکہ ان عدالتوں میں judges کی تو تعیناتی ان کو لگانا اور ان کو آگے کرنا وہ یہ بتا سکتے ہیں۔ میری اطلاع کے مطابق جتنا اس قانون نے کرنا تھا وہ سارا implement نہیں ہوا۔ اسی طرح میرا خیال ہے جب آپ domestic violence کی بات کرتے ہیں اس کے لیے بھی الگ قانون تو ہے لیکن عدالتیں بنانی پڑیں گی تاکہ اس کا trial expeditious ہو سکے اور اسی طرح میرا خیال ہے کہ executive کے اوپر بہت زیادہ responsibility ہے کہ آپ کا جو investigating officer ہے ان کی اس معاملے میں ,training وہ گھر تک پہنچنا۔ ان کو گھر تلاش کر کے culprits کو پکڑنا اور پھر State offence بنانا۔ یہ ایسا offence نہیں ہو سکتا جس میں والدین آ کر یا دوسرے خاندان کے لوگ آ کر compromise کر لیں۔ اس کو ایک State offence کے level پر لانا پڑے گا۔ یہ ساری چیزیں میں سمجھتا ہوں کہ ضروری ہیں اس معاملے کو Law and Justice committee کو refer کر دیں اور ان کو اس پر ایک باقاعدہ report بنانی چاہیے۔ یہ پانچ منٹ یا چھ منٹ بول کر ہم ایک اندازہ ہی لگا سکتے ہیں، اس میں اپنی suggestions دے سکتے ہیں لیکن یہ solution نہیں ہے، یہ حل نہیں ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر دنیش کمار، آپ کے بعد روبینہ خالد صاحبہ۔

**Senator Danesh Kumar**

سینیٹر دنیش کمار: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ سینیٹر شیری رحمان نے جو motion move کی ہے۔ میں سمجھتا ہوں اور جو انہوں نے تحقیقاتی کمیٹی کے حوالے سے کہا کہ وہ صرف 1% case register ہوئے ہیں ان پر 1% بھی سزا نہیں ہوئی۔ یہ بہت ہی خطرناک صورت حال ہے، gender based violence پاکستان میں دن بہ دن بڑھتا جا رہا ہے۔ آپ نے دیکھا کہ بلوچستان میں واقعات ہوئے اسی طرح سے پورے ملک میں اس طرح کے واقعات ہوتے ہیں حالانکہ اگر مذہبی طور پر دیکھا جائے تو ہر مذہب میں عورت کی عزت کا کہا گیا ہے۔ عورت کی عزت یہ ہے یہ

میرا رکشا بندھن ہے میں نے اپنی بہن سے راکھی بندھوائی ہے مگر میں حیران ہوں کہ یہ کس قسم کے لوگ ہیں جو نہ مذہب کو مانتے ہیں، نہ قانون کو مانتے ہیں اور اس طرح سے violence کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین! جس طرح سے علی ظفر صاحب نے کہا بہت سے ایسے cases ہوتے ہیں جن میں والدین report نہیں کرانا چاہتے۔ میں اس چیز کا عینی گواہ ہوں کل ہی میرے پاس ایسا case آیا جس میں ایک لڑکی کو web کے through black mail کیا گیا ہے AI generated تصاویر سے۔ میں نے جب کہا کہ آپ چلیں تو انہوں نے کہا کہ نہیں ہم اپنی عزت سے ڈرتے ہیں ہم نہیں جائیں گے۔ جب ایک چیز open ہو جاتی ہے، جب social media پر آجاتی ہے تو state کو اس پر action لینا چاہیے۔ اس لڑکی یا اس کے والدین کو نہیں کہنا چاہیے کہ آپ آکر report کرائیں تو ہم تب اس پر عمل درآمد کریں گے۔ یہ بہت بڑا ظلم ہے اور اس پر state کو ماں کا کردار ادا کرنا چاہیے اور state کو ماں کی حیثیت سے اس لڑکی کی پردہ پوشی کرکے ان کے خلاف کارروائی کرنی چاہیے۔ مگر ہمارے ہاں جہاں تک قانون سازی کی بات کرتے ہیں تو ہم نے تو قانون بہت بنائے ہیں مگر ان پر عمل درآمد بالکل نہیں ہوتا۔

جناب چیئرمین! میں آپ کے سامنے ایک اور انکشاف کر رہا ہوں کہ یہاں سے ہماری بچیوں کو نوکری کا جھانسہ دے کر بیرون ملک smuggle کیا جا رہا ہے اور وہاں ان سے جسم فروشی کا کام لیا جا رہا ہے جو ہمارے لیے باعث شرم ہے۔ ہم نے اگر ان چیزوں کو نہ روکا تو یقین جانیں تاریخ ہمیں معاف نہیں کرے گی اور مذہب بھی۔ جناب چیئرمین! آپ ماشاء اللہ ایک بہت بڑے عہدے پر رہ چکے ہیں، آپ نے اس کا سخت سے سخت notice لینا ہے اور اس motion کو منطقی انجام تک پہنچانا ہے، صرف یہ نہیں کہ ہم باتیں کرتے رہیں اور اس پر عمل درآمد نہ کریں۔ ایک اور واقعہ میں بتانا چاہتا ہوں، یہ میں نہیں کہہ رہا ہوں یہ media پر چل رہا ہے کہ dark web ہے جہاں پر زبردستی ان کی videos upload کرکے فروخت کی جاتی ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ یہ ہمارے لیے باعث شرم ہے۔ اسی طرح سے خواتین کے علاوہ میں آتا ہوں transgender پر، ان کے ساتھ ہم نے کیا سلوک کیا ہے۔ ان کو ہم نے مجبور کیا ہے کہ وہ signals پر جا کر بھیک مانگیں، ان کے

ساتھ ہم نے توہین آمیز رویہ رکھا ہوا ہے۔ ان کو ہم انسان نہیں سمجھتے۔ میں Philippines گیا گیا تھا آپ یقین کریں transgender جو ہیں وہاں پر بہت مشہور celebrities ہیں۔ ان کی اتنی عزت کی جاتی ہے۔

جناب چیئرمین! آپ اپنے دل سے سوچیں کہ ہمارے ہاں transgender کو کن کن ناموں سے پکارا جاتا ہے کہ یہ ہیجڑا جا رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں ان چیزوں پر بھی اب وقت کا تقاضا ہے اور میں محترمہ شیری رحمان صاحبہ سے بھی گزارش کروں گا کہ اس سلسلے میں جو بھی تجاویز آئیں ہم ان کے ساتھ ہیں۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر روبینہ خالد۔

**Senator Rubina Khalid**

Senator Rubina Khalid: Mr. Chairman! Thank you and thank you Senator Sherry Rehman for bringing up this very important issue. جی؟

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے بات کریں۔

سینیٹر روبینہ خالد: اس پر باتیں تو بہت ساری ہو بھی چکی ہیں اور ہوں گی بھی لیکن legislation کی کوئی کمی نہیں ہے۔ میرے خیال سے جتنی legislation ہوئی ہے I think the largest and the کے حساب سے Pakistan legislation top most ہو گا جس میں legislation ہوتی ہے لیکن بات جہاں implementations کی آتی ہے وہاں ہم اس کو اس طرح سے implement نہیں کر پاتے اور اس کیس میں implementation سے زیادہ mindsets کا مسئلہ ہے جب تک یہ mindsets change نہیں ہوں گے یہ issues اسی طرح زندہ رہیں گے کیونکہ بچپن سے سکھایا جاتا ہے کہ جو قابل احترام عورت ہے وہ آپ کی ماں ہے، بہن ہے، بیٹی ہے۔ یہ رشتے آپ کے قابل احترام ہیں لیکن یہ نہیں بتایا جاتا کہ دوسرے کی بھی جو ماں ہے، بہن ہے، بیٹی ہے وہ اتنی ہی قابل احترام ہے جتنا احترام آپ اپنے رشتوں کا کرتے ہیں۔ جب تک

یہ mindset نہیں change ہوں گے، ہمیں یہ نہیں سکھایا جائے گا یا ہم اپنے بچو ں کو نہیں سکھائیں گے تو یہ issues اسی طرح ہی رہیں گے۔ اس چیز پر جتنی discussion ہوا چھی بات ہو گی اور سب سے بڑی بات جو ہے کہ جب بھی ایسا کوئی مسئلہ آتا ہے تو آپ کچھ دنوں بعد دیکھتے ہیں کہ ایک counter narrative شروع ہو جاتا ہے۔ وہ خاتون جو complaint کرتی ہے اسی کی character assassination شروع ہو جاتی ہے اور کسی نہ کسی طریقے سے وہ سارا الزام اس خاتون کے سر پر رکھ دیا جاتا ہے کہ یہ خود اچھے کردار کی نہیں تھی۔ اس کا یہ مسئلہ تھا اس کا وہ مسئلہ تھا۔

ہم daily basis پر اس کو دیکھتے ہیں تو اس پر ہمیں کافی کام کرنے کی ضرورت ہے لیکن This is the House of federation اور اگر Federation اپنے federating units کے بارے میں اس طریقے سے بات نہیں کرے گی تو میں سمجھتی ہوں یہ انصاف نہیں ہوگا۔ آج ہمیں صرف اور صرف ایک چیز پر بات کرنی چاہیے تھی وہ جو خیبر پختونخوا میں اس وقت floods ہیں۔ جو خیبر پختونخوا کی اس وقت situation ہے۔ جہاں لوگ بے یار و مددگار بیٹھے ہوئے ہیں۔ منسٹر صاحب! بالکل لیکن یہ پہلے ہونا چاہیے تھا۔ This should have been the first item on the agenda اور مجھے بتایا گیا ہے کہ سینیٹر شیری رحمان نے بات کی بھی ہے۔ جناب چیئرمین! جس طریقے سے بے بسی کا عالم ہے۔ جس طریقے سے لوگ اس وقت اذیت سے گزر رہے ہیں تو ضروری ہے کہ ریاست ان کے سر پر ہاتھ رکھے۔ جناب چیئرمین! میری آپ کے توسط سے اپیل ہوگی اپنے پرائم منسٹر صاحب سے کہ وہ خیبر پختونخوا میں State of Emergency declare کریں تاکہ پوری طاقت کے ساتھ، پورے جذبے کے ساتھ ہم سب مل کر اس صوبے کو جو اس وقت ایک عذاب میں مبتلا ہے اور اس وقت ایک تکلیف میں مبتلا ہے۔ تو سارے جو بھائی ہیں، جو صوبے ہیں، جو Federation ہے یہ مل کر اس صوبے کی داد رسی کریں کیونکہ the situation is very grey. The disaster is unimaginable. تو میری آپ سے اپیل ہوگی کہ اگر پرائم منسٹر صاحب یہ۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین: اس کے لیے میں time دیتا ہوں۔ اس پر بات کریں گے۔

سینیٹر روبینہ خالد: جی بالکل۔ بس میں آپ سے یہ کہنا چاہ رہی تھی کہ وزیر اعظم صاحب سے ہماری اپیل ہے کہ خیبر پختونخوا میں State of Emergency declare کریں۔

Mr. Chairman: The last speaker will be Bilal Mandokhail Sahib.

**<u>Senator Bilal Ahmed Khan</u>**

سینیٹر بلال احمد خان: شکریہ، جناب چیئرمین! سینیٹر شیری رحمان صاحبہ کی جو motion ہے اس کے بارے میں، انہوں نے جو motion move کی ہے یہ ایک بڑی اچھی کوشش ہے لیکن اس کے ساتھ یہ دیکھا جائے کہ ہمارے ملک میں یہ جو نظام چل رہے ہیں وہ دو نظام چل رہے ہیں۔ ایک وہ ہمارا قبائلی نظام جس کو ہم کہہ سکتے ہیں یا ہمارا وہ نظام جو شہروں میں لاگو نہیں ہے۔ ایک وہ نظام ہے جو ہمارا شہروں میں لاگو ہے۔ کیا ہم اس نظام کو جو کہ ہمارے شہروں میں لاگو نہیں ہے یا وہاں پر یہ implement نہیں ہو سکتا تو کیا اس سلسلے میں اس motion کے ساتھ ہم نے کوئی planning کی ہے، کیا ہم نے ایسا کوئی mechanism بنایا ہے یا کوئی ایسا قانون بنانے کی طرف ہم جا رہے ہیں کہ جس سے ہم ان دونوں نظام کے follow کرنے والوں کو ساتھ لے کر چلیں اور اس نظام میں جس طرح ہمارا یہ خاص طور پر پچھلے کئی دنوں سے یہ ہمارے بلوچستان کے ایک واقعہ کو اتنا highlight کر کے پیش کیا گیا۔ تو کیا کسی نے کبھی پوچھا ہے کہ اس گولی کے پیچھے جو محرکات ہیں وہ کیا ہیں۔ کیا کسی نے کبھی پوچھا ہے کہ ہمارے بلوچستان والے جن حالات میں، جن circumstances میں اور جس رسم و رواج میں رہتے ہیں۔ کیا اس میں یہ گولی اس کو جو لگی ہے، کیا وہ justified ہے یا نہیں۔ میں اس گولی کو justify نہیں کرتا۔ میں کسی کی موت کو justify نہیں کرتا۔ لیکن میں اس نظام کی بات کرتا ہوں۔ کیا کبھی اس نظام کے بارے میں ہمارے ایوانوں میں discuss ہوا ہے کہ اس نظام کو ہم اپنے ملک کے باقی نظام کے ساتھ parallel کیسے لے کر چلیں۔ ہم اس نظام کو اپنے system میں کیسے active کریں یا اس نظام کو ہم de-active کیسے کریں۔ کیا کبھی اس بارے میں کوئی planning ہوئی ہے۔

پچھلے کئی سالوں سے جو اس جیسے ایوانوں میں discussions ہوتی ہیں۔ آج تو الحمد للہ میں اس پر کہہ سکتا ہوں کہ ہمارے سوشل میڈیا پر بیٹھے ہوئے 25 کروڑ عوام سب کے سب

legislators بھی بنے ہوئے ہیں۔ 25 کروڑ عوام قانون بنانے والے بھی بنے ہوئے ہیں، انصاف دلانے والے بھی بنے ہوئے ہیں اور سیاست دان بھی بنے ہوئے ہیں۔ تمام چیزیں بنے ہوئے ہیں۔ سوشل میڈیا پر بیٹھ کر ایک شخص صرف اتنی سی بات کر لیتا ہے کہ وہ نہ اس contents کی چیزوں کو سمجھتا ہے اور نہ ان کو جانتا ہے۔ جیسے اس کی screen پر کوئی بھی چیز آتی ہے وہ within moment اس کو forward کر دیتا ہے اور اس کو forward کرنے سے اس کو پتا نہیں چلتا ہے کہ وہ آگے جا کر کتنے ذہنوں کو وہ تبدیل کر رہا ہے اور کتنے لوگوں کو اس پر بات کرنے کے لیے مجبور کرتا ہے۔اس system کو آپ cover کریں۔ اس system کو آپ دیکھیں کہ یہ جو بلوچستان والا واقعہ ہوا۔ بلوچستان والے واقعے پر جس شخص نے گولی چلائی ہے یا جس شخص نے یہ کام کیا ہے اس کے بدلے میں آپ نے اس کے سردار کو اٹھا کر گرفتار کر لیا۔ اس کے سردار کو گرفتار کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ کیا ہمارا یہ ایوان یا ہمارے یہ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ آج ہمارا سردار اتنا powerful ہے کہ وہ اکیلے کھڑے ہو کر وہ تمام لوگوں کو لے کر چل رہے ہیں۔ نہیں، اس نظام میں چلنے والے لوگ، اس نظام میں لوگوں کو provoke کرنے والے لوگ، اس system میں provoke کرنے کے لیے جس طرح محسن صاحب نے فرمایا کہ یہ ایک موبائل ہے۔ اس موبائل کے ذریعے ہمارے لوگوں کو provoke کیا جاتا ہے۔ ہمارا جو نظام ہے، ہمارے سے مراد ہمارا وہ قبائلی نظام جس میں provoke کرنے کا مقصد یہ ہے کہ آپ سیدھی سیدھی لوگوں کو گالی دے رہے ہیں۔ Provoke کرنے کا مقصد یہ ہے کہ آپ لوگوں کو سیدھا سیدھا اس نہج پر لے آتے ہیں کہ وہ مجبور ہو کر گولی چلاتے ہیں۔ کیا کبھی اس system کو بھی آپ نے دیکھا ہے۔ کیا اس system کو بھی کبھی روکیں گے؟ کیا آپ کبھی کسی کے، جسے ہم پشتو میں پیغور کہتے ہیں۔ سوشل میڈیا پر جس کو کچھ پتا نہیں وہ بھی بیٹھ کر پیغور دینا شروع کر دیتے ہیں۔ کیا ہم اس طرح پھر اس معاشرے میں جی سکتے ہیں۔ کیا ہمارا وہ جو نظام ہے۔ جو ہمارا قبائلی نظام ہے اس میں ہم کیا اس طرح رہ سکتے ہیں۔

لہٰذا میں یہ درخواست کرتا ہوں کہ اس motion کو ہماری ان روایات کے ساتھ منتھی کر کے، ہماری جو norms ہیں اور ہمارے جو cultures ہیں ان کو upgrade کروائیں۔ ان کو upgrade کرانے کے لیے جو معاملات ہیں ان کو discuss کریں۔ ہم نے ان کو کس طرح

آگے لے کر چلنا ہے۔ ہم ان پر discuss کریں۔ اس طرح تو باتیں بہت ہیں۔ قانون تو ہے implementation نہیں ہو رہے۔ تو ان علاقوں میں کیوں implement نہیں ہو رہے۔ کبھی اس پر سوچا ہے۔ یہ جو قوانین بنے ہیں۔ قانون بنا کر ہم چلے جاتے ہیں۔ اس کی implementation کیوں نہیں ہو رہی۔ اس پر کبھی سوچا ہے۔ اس کی implementation نہ ہونے کی وجوہات کیا ہیں؟ اس پر کبھی سوچا ہے۔ کیا کبھی ایسا بھی کوئی قانون آئے گا کہ قانون implement نہ ہونے کے متعلق کیا ہوگا۔ کبھی کوئی ہم نے ایسا سوچا ہے کہ جو قوانین ہم نے بنائے ہیں یا ہم سے پہلے جنہوں نے بنائے ہیں وہ قوانین implement نہیں ہو رہے ہیں۔ تو اس کو implement کرانے کے لئے ہم نے کون سا قانون لانا ہے۔ اس کو ہم نے کس طرح implement کرانا ہے۔ کیا ہم صرف کاغذوں کے پیٹ بھرتے رہیں گے یا صرف ہم نے اپنے آئین کی کتاب میں چیزوں کو amend کرنا ہے اور اس کی implementation کے لیے ہم نے کوئی بات نہیں کرنی ہے۔ آپ implement کروائیں۔ جو موجودہ قانون ہے یہی میرے خیال میں ہمارے معاملات کو discuss کرنے کے لیے کافی ہے۔ لہٰذا اس چیز کو دیکھیں اور اس کو آگے لے کر چلیں۔

جناب چیئرمین: یہ ایک important issue ہے اور سب بولنا چاہ رہے تھے۔ شیری رحمان صاحبہ ایک تو بہت important issue لے کر آتی ہیں۔ پھر ان کو سنیں۔ جی، وزیر قانون صاحب۔

**Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justice**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر قانون وانصاف): بلا شبہ جی بڑا ایک اہم موضوع ہے جس پر آج محترمہ شیری رحمان صاحبہ motion لے کر آئی ہیں۔ Aisle کی دونوں جانب سے بڑی سیر حاصل بحث بھی ہوئی اور بڑا کھل کر اس پر اظہار خیال کیا گیا۔ Mover نے جو numbers and statistics دیے ہیں وہ بلا شبہ alarming ہیں اور ان کو اگر آپ کسی حد تک ان کے مستند ہونے پر کوئی شک و شبہ ہو بھی تو وہ اتنے lower side پر ہیں کہ اس میں improvement ہو بھی جائے تو وہ جنابِ چیئرمین! میں نہیں سمجھتا کہ وہ انصاف ہے اور وہ درست ہے۔

جناب چیئرمین! میں نے اسی floor پر وزارتِ قانون اور انصاف کا قلمدان سنبھالنے سے پہلے بھی اور بعد میں بھی یہی بات میں نے کئی دفعہ دہرائی ہے کہ ہمارا over legislated system ہے اور اس ایوان کے ساتھیوں کو یاد ہوگا کہ بڑے بھاری دل کے ساتھ میں کئی دفعہ private member bills کی مخالفت کرتا ہوں جو کہ فوجداری قوانین کے حوالے سے آتے ہیں صرف اس استدعا کے ساتھ کہ قانون سازی بہت احتیاط کے ساتھ کرنی چاہیےاور system کو مضبوط بنانے کے لیے جو کچھ ہو سکتا ہے وہ ہمیں کرنا چاہیے۔ جناب چیئرمین! آج جس topic پر بات ہو رہی ہےاس میں بھی قوانین کی کمی تو نہیں ہے۔ غیرت کے نام پر قتل ہوتا ہے۔CLPC کے section 345 کے تحت جو قتل ہے کیونکہ ہماری شریعت میں اس کی اجازت ہے۔اس میں بدل صلح، خون بہا یا اللہ کے نام پر فی سبیل اللہ معافی دی جا سکتی ہے۔ ایک بڑا challenge یہ آیا کہ معصوم لڑکیاں غیرت کے نام پر قتل ہوئیں اور اس کے بعد وہی لواحقین جنھوں نے غیرت کا سہارا لے کر ایک نہتی لڑکی کو قتل کیا۔ وہی family جا کر Session Court میں پیش ہو جاتی ہے اور کہتے ہیں کہ جی ماں اور باپ کہتے ہیں کہ ہم نے اپنی بچی کا خون معاف کیا۔ کس کو معاف کیا اپنے بیٹے کو یعنی اس کے بھائی کو۔ So, it is all a collusive affairs.

اس کو روکنے کے لیے legislators سر جوڑ کر بیٹھے۔ ہمارے ہاں شریعت میں بھی جو ایک فساد فی الارض کا concept ہے، انہوں نے اس میں گنجائش دیکھی اور قانون میں لکھ دیا کہ صلح اور راضی نامے کے باوجود اگر غیرت کے نام پر قتل کیا گیا ہے اور وہ رشتہ داروں کے مابین ہے تو ایسی صورت حال میں صلح نامہ تو مان لیا جائے گا لیکن عدالت اس کے باوجود تعزیر کے اندر عمر قید کی سزا سنا سکتی ہے۔ پھر مسئلہ یہ سامنے آتا ہے جو بات ہوئی mind-set کی اور رویے کی۔ اب اگر گھر کے اندر واقعہ ہوا ہے تو گواہ بھی تو گھر والے ہی ہیں۔ اب اگلا کام شروع ہو گیا کہ گواہوں کو بٹھاؤ، گواہ عدالت میں نہ جائیں۔ ہم عدالت کو اور ججز کو criticize کرتے ہیں لیکن ہم یہ بھول جاتے ہیں کہ انصاف کے تقاضے پورے کرنے کے لیے ایک mechanism ہے، آپ نے شہادتیں لینی ہیں، شہادتوں پر جرح ہونی ہے اور اس کے بعد فیصلے ہونے ہیں۔ لہٰذا، پھر وہاں پر collision آ جاتا ہے کہ عام طور پر غیرت کا جو پرچہ درج کرایا جاتا ہے، اس میں مدعیہ والدہ ہو جاتی ہیں یا مدعی والد ہو جاتے

ہیں۔ اگر والد نے کیا ہے تو کسی بہن کو بنادیا جاتا ہے۔ گواہ بھی گھر کے، ملزم بھی گھر کا اور پھر اس کا حل یہ ہے کہ عدالت میں جا کر گواہی سے مکر جائیں۔

ان ساری چیزوں کو سامنے رکھتے ہوئے ہمیں تعلیم کے شعبے میں بھی شعور دینے کی بہت ضرورت ہے۔ معاشرتی اور سماجی pressures اپنی جگہ پر لیکن ہمارے دین میں بھی ایسا حکم کہیں نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کے احکامات کے مطابق جہاں تک جان لینے کے اختیار کا معاملہ ہے تو آپ اپنی حفاظت کرتے ہوئے self defence میں جان لے سکتے ہیں، یا آپ جب جہاد پر جاتے ہیں تو دشمن سے لڑتے ہوئے آپ جان لیتے ہیں، اسی طرح کے اور instances ہیں۔ یہ جو طریقہ کار ہے، اس کی صریحاً قانون میں اجازت ہے اور نہ شریعت میں۔ اس کی ذمہ دار تو ریاست ہے۔ ریاست کا تصور ہی اس لیے بنایا گیا، ایک mechanism ہوگا، ایک نظام کے تحت سب کچھ چلے گا، اگر کسی نے گناہ کیا ہے، اگر کسی نے غلط کیا ہے، اس کے خلاف مقدمہ چلے گا اور ریاست یہ فیصلہ کرے گی کہ کون گناہ گار ہے اور کون نہیں۔

ہم domestic violence کی طرف آجاتے ہیں۔ اس میں پھر وہی مسئلہ ہے کہ جب اس کا بل صوبوں میں آیا تو اس پر مختلف اعتراضات آئے کہ یہ اس وجہ سے نہیں ہونا چاہیے یا اُس وجہ سے۔ بہر کیف شکر ہے چاروں صوبوں نے وہ legislation کر لی۔ اب جو وفاقی دار لحکومت ہے، اس کی قانون سازی pending ہے۔ میرے کئی دوست یہاں پر بیٹھے ہیں، پچھلی مرتبہ جب وہ بل قومی اسمبلی میں گیا تو اس پر بہت سارے اعتراضات ہوئے۔ وہاں پر بھی یہی مسئلہ ہے کہ مرد کی انا اتنی بڑی ہے کہ چھوٹی سی بات پر اس نے ڈنڈا اٹھا لینا ہے اور پھر تشدد کرنا ہے۔ اس پر مختلف قسم کے criticism آتے ہیں کہ جی آپ نے emotional and psychological torture کو کیوں جرم سمجھا ہے۔ ایسے بات کی جاتی ہے کہ جس طرح یہ کوئی جرم ہے ہی نہیں۔ اس کے بعد cases report ہونا شروع ہوئے۔ پھر وہاں پر یہی مسئلہ کہ family pressures آتے ہیں تو victim withdraw کر جاتی ہے۔

جناب! کچھ misuse بھی ہے۔ I have spent three decades in the courts and corridors. بدقسمتی سے misuse یہ ہے کہ جو choice کی

شادیاں ہیں، لڑکے لڑکیاں اپنی choice سے شادی کرتے ہیں لیکن ہمارا سماج انہیں قبول نہیں کرتا۔ اب اس میں قانون کا misuse اس طرح کرتے ہیں کہ kidnapping and rape کے کئی مقدمات اس couple یعنی نوبیاہتا جوڑے کے خلاف درج کروا دیے جاتے ہیں۔ یہاں پر میرے بہت سارے وکیل دوست بیٹھے ہیں، روز عدالتوں میں ایک بڑا segment اور زیادہ وقت ان کیسز میں لگتا ہے کہ وہ نکاح نامہ پیش کرتے ہیں، پھر جج صاحب ان کا بیان لکھتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ ہم نے اپنی مرضی اور رضا سے یہ کام کیا ہے، دین ہمیں اجازت دیتا ہے، قانون اجازت دیتا ہے، ہماری عمریں اٹھارہ سال سے اوپر ہیں، یہ ہمارے شناختی کارڈ ہیں، ہمارے گھر والے اس شادی پر خوش نہیں ہیں۔ ہر ضلع میں سیکڑوں کی تعداد میں ایسے کیسز بھی pending ہیں لیکن ان کی FIR اور چالان کی پیشانی پر جو لکھا ہوا ہے، وہ بدقسمتی سے 'اغوا برائے زنا ہے'۔ ہم سب اس کو perpetuate کرتے رہتے ہیں، کہتے ہیں کہ ٹھیک ہے ماں باپ دکھی ہیں، انہوں نے ٹھیک کیا ہے پرچہ دیا ہے۔ پولیس کے لیے ایک اور نظام کھل جاتا ہے۔ ان کے لیے پکڑ دھکڑ کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔

علی ظفر صاحب نے بالکل صحیح کہا کہ جب anti-rape legislation آئی، میرے خیال میں یہ ایک exceptional bill تھا جس پر ہم دو یا تین روز متواتر کمیٹی میں بیٹھے اور گھنٹوں کے حساب سے بیٹھے۔ اس کی ایک ایک شق کو درست کیا۔ Luckily, we were many lawyers sitting in the Committee. اس پر عمل شروع ہوا، results ٹھیک تھے اور میں علی ظفر صاحب کی سہولت کے لیے یہ بتا دیتا ہوں کہ اس میں رولز کے تحت جو کمیٹی قائم ہونی تھی، ہم نے وہ بھی کر دی۔ اسی ہاؤس کی ایک رکن رہی ہیں، سینیٹر عائشہ رضا صاحبہ، بہت محنتی خاتون ہیں، وہ اس کمیٹی کو head کرتی ہیں، اس میں چاروں صوبوں کے نمائندگان بھی ہیں، time to time وہ اس میں بتاتے بھی رہتے ہیں لیکن اس کے باوجود پھر وہاں پر یہی مسئلہ ہے کہ شہادتوں کے حوالے سے، quality of investigation کے حوالے سے ہر جگہ پر problem ہے۔

جناب! تین major disconnect ہیں۔ ہماری prosecution کمزور ہونے کی ایک وجہ یہ ہے کہ جب تک مقدمہ عدالت میں آتا ہے، تفتیش کے نقائص اتنے زیادہ ہوتے ہیں کہ

ایک مرتبہ چالان جمع ہونے کے بعد آپ اسے درست نہیں کر سکتے۔ ہم بار بار یہ instructions بھی دیتے ہیں، اب کچھ صوبوں میں یہ قانون آگیا ہے، کچھ میں ابھی یہ چیزیں ہو رہی ہیں کہ prosecution service کے fundamental roles میں سے ایک role یہ ہو کہ initiation of case سے لے کر چالان جمع ہونے تک پولیس کو assistance فراہم کریں، انہیں بتائیں کہ تفتیش کے تقاضے کیسے پورے ہونے ہیں۔ وہ بہتر ہوگا تو اس سے آپ کے conviction rates بہتر ہو جائیں گے۔ Legislation میں ابھی بھی problems ہیں۔ قوانین بہت سارے ہیں لیکن ان کی overlapping کی وجہ سے مسائل ہیں۔

جناب چیئرمین: اس کا way forward بتائیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! اس کا way forward یہ ہے، جیسے علی ظفر صاحب نے کہا ہے کہ یہ وہ معاملات ہیں جن کے لیے لوگ آپ کو elect کرکے یہاں بھیجتے ہیں۔ بجلی کے کنکشن اور گیس کے چولہے جلانے کے لیے تو local governments ہونی چاہییں۔ ہمارا تو وہ کام ہی نہیں ہے۔ گلیاں نالیاں بنانے کے لیے تو کونسلرز ہونے چاہییں۔ وہ ہمارا کام نہیں ہے۔ ہمیں تو ان issues پر بیٹھ کر قانون سازی کرنی ہے۔ ماحول کو سنجیدگی کی طرف لے جانے کے لیے میں بالکل صاف دل سے یہ بات کر رہا ہوں، اسٹینڈنگ کمیٹیز میں ان کو discuss ہونا چاہیے۔ I fully agree with parliamentary leader کہ یہ معاملہ وہاں refer کیا جائے۔

Mr. Chairman: Do you agree that it may be referred to the Standing Committee?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: ہم کمیٹی میں بیٹھیں۔ فوجداری قوانین میں 108 کے قریب ترامیم ہیں جو میں نے ساڑھے تین سال کام کرکے تیار کی ہیں، اس میں میرے بہت سارے دوستوں کی input بھی شامل ہے۔ ہم نے 108 ترامیم دی ہیں جو کہ قومی اسمبلی کی اسٹینڈنگ کمیٹی میں pending ہیں۔ ہم وہ بھی لا کر آپ کے سامنے رکھیں گے۔ مقصد یہ ہے کہ مجرم سزا سے نہ بچے۔ للذا، اس کو کمیٹی میں refer کیا جائے۔

Mr. Chairman: It is referred to the concerned Standing Committee.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: ہم دونوں اطراف کے لوگ اس میں نیک نیتی سے بیٹھیں اور اس کا کوئی حل ڈھونڈیں، ان شاء اللہ العزیز۔

جناب چیئر مین: شکریہ۔ سلیم مانڈوی والا صاحب! آپ نے اٹارنی جنرل صاحب کو تکلیف دی۔ آپ نے اسے settle کر لیا ہے یا ابھی کرنا ہے؟

## Matter raised by Senator Saleem Mandviwalla regarding interference of Courts in Senate Committee proceedings

سینیٹر سلیم مانڈوی والا: جناب! یہ معاملہ وہی ہے جو last time میں نے raise کیا تھا کہ courts are interfering in the Committees' business. میں نے ابھی اٹارنی جنرل کو brief کیا ہے کہ وہ کیسے interfere کر رہے ہیں۔ They should not be interfering but they are giving stay orders on hearings of the Committees. مجھے سینیٹ میں 12 سال ہونے والے ہیں، کئی اور سینیٹرز یہاں بیٹھے ہیں جن کو ابھی اتنا وقت ہو گیا ہے، میں نے اپنی life میں کبھی عدالت کو on a matter which is being heard, stay دیتے ہوئے نہیں دیکھا۔ ابھی کمیٹی نے کوئی decision ہی نہیں لیا جبکہ وہ hearing کے اوپر every week, stay دیتے جا رہے ہیں کہ next week نہ سن لیں تو next week ایک اور stay دے دیں۔ اٹارنی جنرل صاحب سے میری detail میں discussion ہوئی ہے۔

He is going to discuss it further with me and try to find a solution so this matter gets resolved.

جناب چیئر مین: سینیٹر علی ظفر صاحب۔

**Senator Syed Ali Zafar**

Senator Syed Ali Zafar: In my view, under the Constitution, on proceedings of the Committee, because they are proceedings of the Senate, the court cannot order, the court cannot put a stay on that.

*(At this stage, Senator Danesh Kumar, Presiding Officer, occupied the Chair)*

*(Desk thumping)*

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین! میں کہہ رہا تھا کہ issue آیا تھا کہ جب کسی کمیٹی کی کارروائی ہو رہی ہوتی ہے تو وہ کارروائی سینیٹ کی ہوتی ہے۔ اس پر ہمارا آئین بہت واضح ہے کہ سینیٹ یا پارلیمنٹ کی کارروائی میں عدالت کسی قسم کی مداخلت نہیں کر سکتی۔ یہ بالکل اسی طرح ہے جس طرح ہم عدالت کی کارروائی پر یہاں سے stay order جاری نہیں کر سکتے۔ اگر ایسی کوئی بات ہوتی ہے تو ہم اس کو ignore کر سکتے ہیں لیکن اٹارنی جنرل صاحب ادھر آئے ہیں۔ I think وہ اس قانون کو اچھی طرح جانتے ہیں اور وہ کوئی نہ کوئی اس کا حل تلاش کریں گے تاکہ یہ نہ ہو کہ Institutions میں کسی قسم کا تصادم ہو۔ یہ ایک بڑا اہم معاملہ ہے۔ اگر ایسا ہو رہا ہے تو میرا خیال ہے کہ Attorney General صاحب کو اسے at the diplomatic level solve کرنا چاہیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر ضمیر حسین گھمرو۔

**Senator Zameer Hussain Ghumro**

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: جناب! کوئی بھی Court, Parliament کی proceedings میں interfere نہیں کر سکتی اور وہ clear ہے کہ جو House کی internal proceedings ہیں، چاہے Senate of Pakistan کی ہوں یا قومی اسمبلی کی، ان کی internal proceedings میں کوئی بھی عدالت interfere نہیں کر سکتی ہے۔ میرے خیال میں سینیٹر سلیم مانڈوی والا صاحب نے جو question اٹھایا ہے، وہ ایوان کی بالادستی

اورindependenceکاissue ہے اور Attorney General صاحب کو دیکھنا چاہیے کہCourtsہماریinternal proceedingsمیںinterfereنہیں کریں، شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر کامران مرتضی۔

**Senator Kamran Murtaza**

سینیٹر کامران مرتضی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب،اس کا ایک اور پہلو بھی ہے اور وہ Attorney Generalصاحب سے متعلق ہے۔ وہ پہلو یہ ہے کہ کورٹ نے اچھا کام کیا یا برا، برا ہی کیا، اچھا نہیں کیا کیونکہ یہ Article 69 کی violation میں کیا مگر جہاں بھی ایسے معاملات میںstay دیا گیا، وہاں State اس میں پارٹی تھی یا پارٹی ہے اور Attorney Generalخود سے تو شاید پیش نہیں ہو رہے ہوں گے مگر Additional or Deputy Attorney General یقیناً پیش ہو رہے ہوں گے اور جب پیش ہو رہے ہوں گے اور اس کے باوجودstay continue کر رہا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ہمارےlaw officers نے Article 69کوpoint outنہیں کیا یااس معاملے کی حساسیت سے آگاہ نہیں کیا۔ اسpartپر مجھے ان کا احترام ہے اور وہ میرے چھوٹے بھائی ہیں مگر اس میں اس حد تک آپ کی بھی ذمہ داری ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر:Attorney General صاحب !ابھی آپ اس پر بات کریں۔

**Mr. Mansoor Usman Awan (Attorney General for Pakistan)**

Mr. Mansoor Usman Awan(Attorney General for Pakistan): Thank you for the opportunity. I thank honourable Senator Saleem Mandviwalla for bringing me over to the Upper House. As Senator Saleem Mandviwalla has just stated….

*(Interruption)*

Mr. Mansoor Usman Awan: I have so many other things to deal with. I would have loved to come.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی بالکل آپ سال میں ایک دفعہ تو آیا کریں۔

Mr. Mansoor Usman Awan: Sir, we have discussed the matter and we will further discuss it. It might require certain amendments in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012. This is something which I have discussed with honourable Senator Saleem Mandviwalla, but there is another thing which I would like to point out while responding to what Senator Ali Zafar and Senator Zameer Hussain Ghumro have just said. Both of my honourable friends are fully aware that the bar under Article 69, there are series of cases, is not absolute. There is a great sanctity attached to it but it is not an absolute bar. We have seen not too far back in the past where certain proceedings were carried out in the Lower House, and then those proceedings went to the Supreme Court. My learned friend, Senator Ali Zafar, I believe was one of the counsel, and Pakistan Peoples Party was a petitioner also. I myself as a private lawyer was also a counsel in that matter. The Court gave a ruling where it found a particular ruling to be un-constitutional.

Now, in those circumstances, it perhaps becomes very important to leave this door open because sometimes matters could bring everything to not just a standstill, but produce consequences which may not have any resolution within the House. In this particular case, when the ruling came out, the House was dissolved.

Now, where would the Members have gone? Obviously, they had to go the Court, and that Court did interfere. So, this is something on the side. But as far as the issue raised by Senator Saleem Mandviwalla is concerned, we had a discussion, and I think there is a resolution which can be found out. We will discuss it further and perhaps the matter will come back before the House in due course, thank you.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر سید علی ظفر۔

**Senator Syed Ali Zafar**

سینیٹر سید علی ظفر: I think I have great respect for the honourable Attorney General لیکن اس معاملے میں انہوں نے on record قانون کی جو تشریح کی ہے، with due respect میرا خیال ہے کہ وہ غلط ہے۔ جہاں تک عدالت کا تعلق ہے اور وہ جن judgements کی بات کر رہے ہیں اور سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ سے جتنی judgements آئی ہیں، وہ یہ کہتی ہیں کہ جہاں آئینی آرٹیکل ہے یا آئین میں کچھ چیز لکھی ہے اور وہ کارروائی نہیں ہو رہی تو پھر اس حد تک عدالت سپیکر، چیئرمین سینیٹ یا پارلیمنٹ کو حکم دے سکتی ہے کہ وہ یہ چیز کرے لیکن جہاں internal process ہوتا ہے، مثلاً اس وقت آپ مجھے بولنے کی اجازت دے رہے ہیں، یہ ایک internal process ہے۔ آپ کوئی ruling دے رہے ہیں کہ کسی کمیٹی کو کوئی چیز refer کرنی ہے تو یہ internal process ہے۔ آپ نے Chairman or Speaker کا الیکشن کرنا ہے، یہ internal affair ہے۔ اس قسم کے معاملے پر آئین کا آرٹیکل بڑا واضح طور پر کہتا ہے کہ کسی طرح عدالت interfere نہیں کر سکتی کیونکہ یہ internal معاملات ہیں۔ آئینی معاملے الگ ہیں اور internal matter الگ ہیں۔ آئینی معاملوں تک تو عدالت کر سکتی ہے اور کیا بھی ہے لیکن internal معاملے میں نہیں کر سکتی۔ اس پر بہت ساری judgements ہیں including that judgement کہ جب یہاں کے الیکشن چیلنج ہوئے تھے۔ اس لیے میرا خیال ہے کہ ہمیں

as a Parliamentarian یہ بات سمجھ جانی چاہیے کہ جو ہمارے internal معاملات ہیں،وہ ہماری jurisdiction ہے اور Chairperson آپ جو بیٹھے ہیں، آپ اس وقت ہمارے ultimate Supreme Court ہیں۔ جو کچھ فیصلے ہونے ہیں، وہ آپ نے کرنے ہیں اور ہم نے یہاں اس پر voting کرنی ہے اور اس کے مطابق آگے چلے گا۔ اگر suppose اس voting پر آج ایک عدالت آتی ہے اور کہتی ہے کہ جناب یہ جو voting کی ہے، یہ غلط ہے تو یہ عدالت کا کوئی اختیار نہیں ہے۔ ہم نہیں مانیں گے اور simple بات ہے لیکن اگر کوئی آئینی معاملہ ہے جہاں آئین میں لکھا ہے کہ آپ نے 30 دن یا 40 دن کے اندر، اندر vote of confidence or no confidence لینا ہے تو وہ اگر نہیں ہوتا تو عدالت کہہ سکتی ہے کہ یہ آئینی معاملہ ہے اور آپ اسے اتنے وقت میں کریں۔ So there is difference between constitutional provisions and internal process. تو میں ذرا یہ clarification کرنا چاہ رہا تھا کیونکہ Attorney General کی طرف سے جس طرح کی statement آئی تھی تو اس سے لگتا ہے کہ ہم لوگ عدالت کے بالکل ہی subordinate ہیں جبکہ ہم sovereign ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Attorney General صاحب سے اس پر وضاحت طلب کرتے ہیں۔یہ genuine مسئلہ ہے تو اس پر کوئی way forward بھی بتائیں تاکہ آئندہ اس طرح کے واقعات نہ ہوں۔ دیکھیں سینیٹر سلیم مانڈوی والا صاحب Chair کر رہے تھے تو چیئرمین کی تو وہی حیثیت ہے جو یہاں Chair کی ہے۔اگر ہمارے internal معاملے میں مداخلت ہوتی ہے تو یہ صحیح نہیں ہے۔

**Mr. Mansoor Usman Awan**

Mr. Mansoor Usman Awan: Absolutely. There cannot be any interference. I did not for a moment intended any disrespect to the Upper House because it is House of the Federation. It is more important in many ways so I did not mean to say anything which in any way belittles this House. What I was saying was that Article 69

bars something which Senator Syed Ali Zafar had referred to. The matter at hand relates to something which is covered or which is to be covered under sub-rule (5) of Rule 166 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012. Now, under this sub-rule, the rule requires that the Committee shall deal with matters which are of general public importance, the matter must relate to or primarily a concern of the Government and thirdly, no court or tribunal has jurisdiction to hear such matter. Now, the issue here is and the question before the Court is related to a case brought before the High Court was whether the Court had jurisdiction to hear those matters which the authority took cognizance of. Now, this is something which on a constitutional plain relates to the trichotomy principle embedded in the Constitution and Article 2A states as such that each branch of the State/Government may act in its own sphere, but this is all now academic. I had to respond to it because Senator Ali Zafar had said that I did not put the things in right perspective. I completely appreciate that and this matter will be resolved In Shaa Allah. I will again sit with honourable Senator Saleem Mandviwalla and this will be resolved In Shaa Allah. Thank you.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر اعظم نذیر تارڑ۔

**Senator Azam Nazeer Tarar**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: ایک تو آپ کو مبارک ہو کہ آج آپ نے presiding chair سنبھالی ہوئی ہے۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: ہم تو Minorities week celebrate کر رہے ہیں۔ یہ ایک بہت اچھا اور مثبت پیغام ہے اور میری یہ خواہش ہو گی کہ ان شاء اللہ العزیز ایک دن وہ بھی آئے گا جب یہاں پر آپ جیسا ہمارا کوئی بھائی یا بہن regular incumbent کے طور پر بھی ہو گا۔ یہی جمہوریت کی spirit ہے اور یہی خواہش بھی ہونی چاہیے۔ یہ ایک بڑی مزیدار آئینی بحث ہو رہی ہے، I fully agree with Ali Zafar Sahib, Attorney General Sahib ظاہر ہے عدالتوں کو deal کرتے ہیں، انہوں نے کوئی سیاسی بیان دینے کی بجائے اپنے آپ کو purely اس case تک confine کیا ہے۔

اس بات پر کوئی دوسری رائے نہیں ہے کہ trichotomy کا جو principle ہے کہ ادارے ایک دوسرے کی عزت کریں، اس کی توقیر کا خیال رکھیں اور ہم interfere نہ کریں۔ اگر ہم لوگ judicial affairs میں interfere نہیں کرتے، آپ کو یاد ہو گا کہ میں نے اسی ایوان میں کھڑے ہو کر بہت سارے matters پر معزز سینیٹر حضرات سے خود یہ request کی کہ یہ معاملہ sub judice ہے، ہم اس پر زیادہ بحث نہ کریں کیونکہ آئین ہمیں کہتا ہے کہ عدالت میں جو pending matters ہیں ہم انہیں take up نہیں کرتے۔ آپ کو یہ بھی یاد ہو گا کہ بہت ساری کمیٹیوں میں کچھ ایسی چیزیں آ جاتی ہیں جو عدالتوں میں sub judice ہوتی ہیں۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ ایک قتل کے مقدمے کے حوالے سے کوئی شکایت آ گئی اور Human Rights کی کمیٹی میں انہوں نے بلایا، میں نے کہا کہ آپ صرف information تو لے سکتے ہیں کہ اس مقدمے کی نوعیت کیا ہے اور وہ کہاں پہنچا ہے لیکن اس سے آگے نہیں چلیں گے کیونکہ ہم نے اپنے rules میں لکھا ہوا ہے کہ ہم پارلیمنٹ کے floor پر یا پارلیمنٹ کے business میں sub judice matters کو touch نہیں کریں گے۔ میں خود اعلیٰ عدالتوں سے بھی یہ توقع رکھتا ہوں کہ وہ قانون اور آئین کی تشریح کرتے ہیں، لوگوں کے حقوق جہاں نہیں دیے جا رہے، ان کی enforcement کرتے ہیں لیکن اداروں کا احترام بھی کرنا ہے اور پارلیمنٹ کی عزت و توقیر ہمیں اس لیے سب سے زیادہ عزیز ہے، ہم اسے ہمیشہ 'mother of institutions' کہتے

ہیں۔ اس کے بہت سارے اختیارات ہیں، سب سے بڑا اختیار قانون سازی کا ہے جو اس ایوان کو حاصل ہے۔ اس کی ایک مثال ہے، کسی کو اس پر اعتراض ہو، کوئی اس پر خوش ہو یا ناخوش ہو، پارلیمان نے 2010 میں judges' appointment کے لیے ایک mechanism provide کیا تھا۔ اس میں Judicial Commission of Pakistan, Chief Justice of Pakistan کی سربراہی میں الگ سے بیٹھ کر appointments کے لیے سفارشات مرتب کرتا تھا، پھر ایک پارلیمانی کمیٹی دی گئی جس میں چار حکومت اور چار اپوزیشن کے نمائندگان تھے، وہ کمیٹی دو تہائی اکثریت سے ان nominations کو رد کر سکتی تھی۔ آپ سب نے دیکھا کہ چودہ سالوں میں جب کبھی بھی پارلیمانی کمیٹی نے اپنا اختیار استعمال کیا، عدالتی فیصلے کے ذریعے اسے turnaround کر دیا گیا، ultimately پارلیمان بیٹھی، اُس نے سوچ بچار کی، اس نظام کو تبدیل کیا، اب پارلیمان کی نمائندگی، Government and Opposition benches اس commission کا حصہ ہیں، اب وہ وہاں بیٹھ کر خود فیصلے کرتے ہیں، علی ظفر صاحب بھی ہیں، ہم لوگ بھی ہیں۔ اس لیے یہ اختیار تو پارلیمان کا ہی رہے گا کہ ملک کس طرح چلنا ہے، اس کا نظام کون سا ہو گا، اس کے آئین میں کون سی چیزیں ہوں گی، کون سی نہیں ہوں گی۔

جناب والا! میں اس موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے یہ گزارش ضرور کروں گا کہ ہمارے جج صاحبان جو اعلیٰ عدلیہ میں بیٹھے ہوئے ہیں کہ اداروں کے احترام میں ہی عزت ہے، اگر اداروں کا احترام نہیں ہو گا تو پھر نظام نہیں چلے گا۔ اس ادارے کا احترام اس لیے زیادہ فائق ہے کہ پچیس کروڑ عوام نے آپ کو یہ اختیار دیا ہے کہ یہاں بیٹھ کر آپ ملکی نظام کو چلانے کے لیے جو قانون وضع کریں گے وہی final ہو گا۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وزیر صاحب! جس طرح اٹارنی جنرل صاحب نے amendment کے حوالے سے کہا ہے کہ ہم Rules of Business in the Senate میں amendment کریں، اس حوالے سے میں سمجھتا ہوں کہ آپ جلد از جلد یہ کریں۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب والا! اس کے باوجود اگر ضرورت پیش آئے گی تو Law and Justice کی کمیٹی بھی ہے، Finance کی کمیٹی بھی ہے اور Rules of Procedure کی بھی ہے، جہاں بھی جانا ہوا، وہاں بیٹھ کر یہ کر لیں، وہ ہمارا internal مسئلہ ہے اور وہ حل ہو جائے گا۔

Mr. Presiding Officer: We may now take up Order No. 27. Senator Mohsin Aziz please move Order No. 27.

## **Motion under Rule 218 moved by Senator Mohsin Aziz regarding the overall performance of NDMA during the recent flood crisis in the country.**

Senator Mohsin Aziz: Sir, I move that the House may discuss overall performance of NDMA during the recent flood crisis in the country.

جناب والا! میں سب سے پہلے آپ کو مبارک باد دیتا ہوں کہ آپ آج اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔ ویسے تو میں نے یہ motion اٹھارہ، انیس دن پہلے جمع کروایا تھا لیکن بہت بد قسمتی سے آج جس طرح سیلاب آئے ہیں اس نے بڑی اہمیت اختیار کر لی ہے۔ اپنی بات شروع کرنے سے پہلے صدر صاحب، وزیراعظم صاحب، چیئرمین سینیٹ اور سب سے میری یہ التجا ہے کہ خیبر پختونخوا اس ملک کا حصہ ہے، وہاں کے باشندے ہمارے بھائی ہیں، اس وقت ان کی جتنی بھی مدد کی جائے وہ کم ہے۔ اس کو disaster سمجھا جائے، اسے ایک national calamity سمجھا جائے۔ اس وقت پاک فوج کے جوان لوگوں کی امداد کے لیے وہاں موجود ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت ہمیں وہاں وفاقی حکومت کی غیر حاضری چبھ رہی ہے، اس لیے جیسے یہاں پہلے کہا گیا، میں بھی آج یہی کہنا چاہتا ہوں کہ ہم سب کو اپنی ایک ایک مہینے کی تنخواہ اس disaster میں دینی چاہیے اور ساتھ ہی ساتھ ہمیں اپنے تمام مخیّر حضرات سے اپیل کرنی چاہیے کہ وہ دل کھول کر چندہ دیں۔ جس طرح 2005 کے زلزلے کے دوران پاکستانی قوم اکٹھی ہوئی تھی، جس طرح 2010 and 2022 میں یہ قوم اکٹھی ہوئی تھی اور انہوں نے اپنے غریب بہن بھائیوں کی مدد کی تھی۔

جناب والا! قدرتی آفات چاہے زلزلہ ہو، tsunami ہو، سمندری طوفان ہو، بادو باران ہو، cloud burst ہو، میں سمجھتا ہوں کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک آگاہی ہوتی ہے، یہ اللہ کی طرف سے ایک تنبیہ اور آزمائش ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ کبھی کبھی یہ ایک سزا بھی ہوتی ہے جو کسی علاقے کو دی جاتی ہے۔ اگر آپ دیکھیں تو recent history میں پاکستان میں جسے flash floods کہا جاتا ہے، ان کی تعداد بہت بڑھ گئی ہے، اس مرتبہ تو یہ کافی زیادہ ہوا ہے۔ آپ 2005 کے زلزلے کو دیکھیں جس میں بہت زیادہ اموات ہوئی تھیں، اس میں بہت سی قیمتی جانیں ضائع ہوئی تھیں، املاک، جانور و مویشی ضائع ہوئے تھے۔ اسی طرح 2010 کے سیلاب نے بھی ایک طوفانی حیثیت اختیار کر لی تھی۔ 2022 میں بھی سیلاب کے یہاں سے لے کر سندھ تک نقصانات ہوئے تھے۔ اس مرتبہ تباہی پورے ملک میں ہوئی ہے لیکن Northern Areas, KP کے علاقے باجوڑ، بونیر، مہمند، سوات، دیر اور چترال کے علاقے اس کی زد میں آئے ہوئے ہیں اور reportedly تقریباً چار سو افراد فوت ہو گئے ہیں۔ اس کے علاوہ پل، سڑکیں، infrastructure تباہ ہو گیا ہے، مویشی بہہ گئے ہیں، لوگوں کی املاک ضائع ہو گئی ہیں۔ میں سب سے پہلے اس میں فوت ہونے والے افراد کے لواحقین سے تعزیت کرتا ہوں، اللہ تعالیٰ سے ان کی مغفرت کی دعا کرتا ہوں، ان کے ورثا کو اللہ تعالیٰ صبر جمیل عطا کرے۔ اس کے ساتھ ساتھ جیسے میں نے پہلے عرض کیا کہ ہمیں ان کی دل کھول کر امداد بھی کرنی چاہیے۔

جناب چیئرمین! اگر دنیا بھر میں دیکھا جائے تو یہ آفات آتی رہتی ہیں لیکن human resource کی وجہ سے، technology کے استعمال کی وجہ سے ایسی تدابیر کی جاتی ہیں، ایسے کام کیے جاتے ہیں جس سے جانی اور مالی نقصان کم سے کم ہو، جیسے early warning system ہے، جیسے evacuation کا نظام ہے، اس کے علاوہ buildings کے structure کے codes ہوتے ہیں، ان کے تحت buildings بنائی جاتی ہیں، ایسے ادارے بنائے جاتے ہیں جو نہ صرف ان کی دیکھ بھال کریں بلکہ ان کی sanction اس طرح سے دیں، تاکہ بعد میں ضرورت پڑنے پر ان کی دیکھ بھال اچھی طرح کریں، ان کی maintenance ہو اور جب اس طرح کا کوئی واقعہ ہو تو وہ یہ چیزیں سنبھال سکیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ developed countries کے لیے nature کے ساتھ لڑنا چاہے وہ درخت کاٹنا، چاہے

سمندر کے اند جانا یا دریا کے راستے میں آنا سنگین جرم سمجھا جاتا ہے۔ اس کے مقابلے میں اگر آپ یہاں دیکھیں تو چاہے یہاں تعلیم کی کمی ہے یا احساس کی کمی ہے، ہم یہ چیز نہیں سوچتے اور ہم nature کے راستے میں آتے ہیں۔ اگر آپ دیکھیں تو یہاں قبضہ مافیا ہے، یہاں China cutting ہے، یہاں timber mafia کا rule ہے۔ یہ دراصل وہی لوگ ہیں جو اس وقت ان سب چیزوں پر قابض ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی warning بھی بار بار ہمیں اس سمت میں بتا رہی ہے کہ یہ جو غلط کام ہم nature کے ساتھ کر رہے ہیں، ہم nature کے راستے میں آ رہے ہیں اور یہ تباہی جو اللہ کی طرف سے ہے وہ بڑھ جاتی ہے۔ آپ دیکھیں کہ پشاور سے لے کر کراچی تک جو طاقتور لوگ ہیں، انہوں نے ندی نالوں کو اپنا راستہ بنایا ہوا ہے۔ انہوں نے ان پر قبضہ کیا ہوا ہے۔ چونکہ مفت کی زمین ہے، انہوں نے اونے پونے داموں پر غریب لوگوں کو بیچی ہوئی ہے کیونکہ وہاں پر باقی جگہوں پر اگر زمین مہنگی ہے تو انہوں نے اُس جگہ پر اپنے گھر، مکانات بنا لیے ہیں۔ جو امرا ہیں، انہوں نے تو اپنے بنگلے بھی ان ہی راستوں پر بنائے ہوئے ہیں۔ انہوں نے ہوٹل اور اپنی سیر گاہیں بھی ان ہی راستوں پر بنائے ہوئے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا ایک نظام ہے۔ یہ riverbed ہمیں aquifer دیتا ہے، صرف ایسے مواقع پر جس وقت سیلاب آتا ہے تو زمین بھی پانی چوس جاتی ہے۔ Riverbed نے اپنا راستہ جو صدیوں سے بنایا ہوا ہے، اسی راستے سے جاتا ہے، اِدھر اُدھر divert نہیں ہوتا۔ باقی علاقے بچ جاتے ہیں، پانی زمین کے اندر جذب ہو جاتا ہے، وہ بعد میں ہم ٹیوب ویل کے ذریعے زمین سے نکال سکتے ہیں۔ یہ ہم ایک طرف نقصان نہیں کر رہے، ہم کئی طرف نقصان کر رہے ہیں۔ ہم پڑھے لکھے لوگ اپنے آپ کو environmentalist کہتے ہیں۔ ہم environment پر کئی گھنٹے بات کرتے ہیں۔ اپنے ملک میں اور باہر ممالک میں جا کر ہم seminars میں کئی کئی گھنٹے تقاریر کرتے ہیں لیکن ہم ہی وہ لوگ ہیں جس وقت اپنا گھر، ہوٹل اور بنگلہ کہیں بننا ہوتا ہے تو وہاں پر نہ ہم درخت کی پرواہ کرتے ہیں، نہ ندی نالے کی پرواہ کرتے ہیں اور نہ environment کی پرواہ کرتے ہیں۔ ہم لے گزرتے ہیں، ہم چل پڑتے ہیں۔

آپ نے دیکھا ہو گا کہ ایک طاقتور آدمی نے Attabad lake کے کنارے پر،riverbed کے اوپر ایک بڑی عالی شان ہوٹل بنایا تھااور اس کا sewerage کا پانی بھی اسی lake میں ڈالا گیا تھا۔ افسوس کی بات ہے کہ ایک tourist نے آکر فوراً اس کی نشان دہی کی۔ ان کی نشان دہی پر action ہوا یا نہیں ہوا لیکن nature نے اپنا انتقام لے لیا۔ وہی ہوٹل آج مرعوب ہو گیا ہے۔ اسی ہوٹل میں سیلاب آ چکا ہے۔ اس وقت وہ ہوٹل خالی اور سنسان پڑا ہے۔ یہ nature کا انتقام ہوتا ہے۔ اگر ہم اس کو اس angle سے نہیں دیکھیں گے تو ہمارا مستقبل بہت ہی بھیانک اور بہت ہی خراب ہو گا۔

جہاں پر بات آتی ہے کہ ہم NDMA کی constitution کی بات کریں۔ ایک ادارہ جو 2005 میں بنایا گیا تھا، آج دن تک وہ اپنی جگہ قائم نہیں کر سکا۔ ہمارے پاس کن چیزوں کا فقدان ہے؟ ایک تو ہماری اپنی سوچ، عقل اور طاقت کا بے جا استعمال ہے۔ دوسری طرف یہ ہے کہ ہم میں تعلیم کی کمی ہے۔ اگر تیسری طرف دیکھا جائے تو ہمارے ملک کو کئی مرتبہ غیر ملکی امداد ملی۔ وہ ان ہی کاموں کے لیے ملی لیکن افسوس ہے کہ سب سے پہلے اس امداد سے اُس افسر نے اپنے لیے لینڈ کروزر لی کیونکہ اس نے اس terrain میں جانا ہے، وہ لینڈ کروزر کے بغیر جا نہیں سکتا۔ اس کے بعد اس نے اپنے لیے ایک خوب صورت دفتر بنانا ہے اور پھر چونکہ یہ اس طرح کا terrain ہے، اس میں tent اور کمرے میں رہنے کا رواج ہے نہیں تو وہاں پر ایک ڈاک بنگلہ بھی بن جاتا ہے، سب سے پہلے ہمارے اخراجات وہاں پر ہوتے ہیں۔ یہاں پر ہمارا احتساب نہیں ہوتا، یہاں پر آکر ہم اپنی قوم ،اپنے کردار کو بھول جاتے ہیں۔ اس کے بعد باقی چیزوں کا نمبر آتا ہے کہ disaster management کے لیے آپ کو کیا چیزیں چاہییں، آپ کو کیا کیا سامان چاہیے۔

ہمارے جو وفود باہر جاتے ہیں ، وہ billions and millions کی pledges لے کر آتے ہیں۔ اب انہوں نے بھی change کر دیا ہے اور بڑے افسوس کا مقام ہے، بطور ایک پاکستانی، اب میں شرم سے یہ بات کر رہا ہوں کہ ایک تو وہ pledges fulfill نہیں ہوتیں اور دوسری pledges میں سے تقریباً اب aid کی شکل میں نہیں آتیں، وہ loan کی شکل میں آتی ہیں۔ اور loans بھی disburse نہیں ہوئے کیونکہ پھر ہم ان کو qualify نہیں کر سکتے۔ ہم ان کو نہیں بتا سکتے کہ کہاں پر کیا لگتا ہے۔ 2022 کا جو سیلاب آیا تو اس کے لیے 10

billion rupees رکھے گئے تھے لیکن میری اطلاع کے مطابق تقریباً 2.5 billion rupees خرچ ہوئے، باقی خرچ نہیں ہوئے۔ بلوچستان میں جو ایک قحط تھا، سیلاب آیا تھا،اس کے لیے حکومت نے جو وسائل مہیا کیے تھے، ان میں سے تیس فیصد وہاں پر لگے، چاہے وہ tent کے ذریعے ہیں یا وہ خوراک کے عمل میں ہیں یا کسی اور طریقے سے ہیں، وہ تیس فیصد ground reality پر آیا، باقی خرچ نہیں ہوا۔

یہاں پر اگر شفافیت کی بات کی جائے تو NDMA پر بہت سے سوالات اٹھتے ہیں جس کو ہمیں یہاں پر دیکھنا چاہیے کیونکہ ایک ادارہ آج سے بیس سال پہلے بنا تھا، وہ ابھی تک اپنے پیروں پر کھڑا نہیں ہو سکا۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اگر آپ ختم کریں کیونکہ ابھی باقی سینیٹرز نے بات کرنی ہے۔

سینیٹر محسن عزیز: جی، جی۔ میں آپ کے سامنے چند اعداد و شمار رکھنا چاہتا ہوں جن سے آپ کو اس مسئلے کی intensity کا معلوم ہو۔ دریائے انڈس، راوی، کئی main جگہوں پر، سندھ، پنجاب، خیبر پختونخوا بھی کسی سے پیچھے نہیں ہے، وہاں پر شہروں کے قریب ان جگہوں پر قبضے ہو چکے ہیں۔ اس وقت نالہ لئی کا آدھا حصہ چل رہا ہے اور آدھا حصہ قبضہ ہو چکا ہے۔ دریائے کابل، نوشہرہ کے قریب تقریباً strip narrow 45% ہو چکی ہے۔ کورنگ نالہ جو کراچی میں ہے، massive construction کی وجہ سے تقریباً آدھا رہ چکا ہے۔ یہ وہ اعداد و شمار ہیں جن کا ہمیں پتا ہو۔ اس وقت گجر نالے کی چوڑائی تقریباً پندرہ فیصد رہ چکی ہے، باقی ختم ہو گئی ہے۔ میں صرف دو منٹ اور بات کرنا چاہوں گا۔ ایک climate expert کی statement میں یہاں پر repeat کرنا چاہتا ہوں۔

I "quote, unquote" "Houses built in riverbed, drown. This is not the monsoons fault. Until Pakistan criminalizes institutional negligence, this disaster calendar will only grow and only grow."

اس وقت ہماری فوری ضرورت یہ ہے کہ خیبر سے لے کر کراچی تک تمام encroachments کو فوری طور پر demolish کیا جائے۔ جو تجاوزات ہیں، اگر rich,

influential and powerful کی ہیں اور مقامی حکومت وہاں پر کچھ نہیں کر سکتی تو ہمیں اس میں پاک آرمی کی مدد لینی چاہیے۔

(اس دوران ایوان میں اذانِ مغرب سنائی دی)

سینیٹر محسن عزیز: ویسے تو میرے چھ منٹ اور انتیس سیکنڈ رہتے ہیں لیکن میں صرف دو منٹ میں ختم کروں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں ابھی پندرہ منٹ ہیں۔ Mover کے پندرہ منٹ ہوتے ہیں۔

سینیٹر محسن عزیز: نہیں، بیس منٹ ہوتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، پندرہ منٹ ہوتے ہیں۔

سینیٹر محسن عزیز: اچھا چلیں بہرحال! پھر بھی ڈھائی منٹ رہتے ہیں۔ میں یہ کہہ رہا تھا کہ سب سے پہلے encroachments کو demolish کرنے کی ضرورت ہے۔ جہاں جہاں بھی یہ encroachments کی گئی ہیں، دریا میں، دریا کے کناروں پر اور جہاں جہاں بھی زیادتی ہوئی ہے وہاں پر اس کو ختم ہونا چاہیے۔ یہ تھی پہلی بات۔

اب دوسری بات یہ ہے کہ جو ہماری مساجد ہیں، ہمارے اسکول ہیں، سرکاری عمارات ہیں، اُن میں warning systems اور siren systems کو Install کرنے کی ضرورت ہے تاکہ لوگوں کو بر وقت اطلاع دی جاسکے۔ تیسری بات یہ کہ نشیبی علاقوں میں awareness create کرنے کی ضرورت ہے۔ اُن کو educate کرنے کی ضرورت ہے۔ وہاں پر لوگوں کو evacuation plan بتایا اور سمجھایا جائے تاکہ اُس وقت افراتفری کا ماحول نہ بنے۔

چوتھی چیز یہ کہ ہمارے ملک میں جو سیاحتی مقامات ہیں، جیسے کہ Northern areas ہیں، کاغان ہے، ناران ہے، نتھیا گلی ہے، گلیات ہیں، ان میں جو بے ہنگم construction ہو رہی ہے، اُس کو فی الفور روکا جائے۔ جو بھی high-rise buildings بن رہی ہیں، اُن کو فی الفور روکا جائے کیونکہ یہ بھی ایک دن بہت بڑا disaster create کریں

گی۔ NDMA کی اَز سرِ نو تشکیل کی جائے، اس کی funding کو بڑھایا جائے جیسے کہ اس کی 2022 funding میں تقریباً ساڑھے سات ارب روپے تھی، میں یہ سمجھتا ہوں کہ آج اِس کو کم از کم تین گنا ہونا چاہیے اور اُس کو بیس سے پچیس ارب روپے ملنے چاہیں تاکہ وہ ضروری سامان اور machinery کو خرید سکیں۔ یہ سب سے زیادہ ضروری ہے۔

میں سب سے آخر میں یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت جو سب سے ضروری چیز ہے، وہ یہ ہے کہ اس کو national calamity declare کرکے خیبر پختونخوا کی فوری اور بغیر کسی delay کے مدد کی جائے اور وہ مدد چاہے personnel میں ہو، چاہے خوراک میں ہو یا evacuation میں ہو، اُن کی فوری طور پر امداد کی جائے۔ ہم ایسے واقعات بھی دیکھتے رہے ہیں کہ آج سے ایک ماہ پہلے جس طرح مینگورہ میں چند بچے دریابرد ہو گئے تھے، وہ ایک complete negligence تھی اور میں سمجھتا ہوں کہ اس کے ذمہ دار افسروں کو بھی قرار واقعی سزا ملنی چاہیے۔ شکریہ جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ چونکہ کافی سینیٹر صاحبان اس موضوع پر بولنا چاہتے ہیں اور میرے سامنے list بھی لمبی چوڑی ہے تو میری request ہے کہ ایک ممبر Opposition کی جانب سے اور ایک حکومت کی جانب سے مختصراً تقریر کریں۔ جی حاجی ہدایت اللہ صاحب۔

**Senator Hidayatullah Khan**

سینیٹر ہدایت اللہ خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرپرسن صاحب۔ سب سے پہلے تو آپ کو مبارک باد پیش کرتے ہیں کہ آپ اس Chair پر تشریف فرما ہیں۔ جناب! flood کے بارے اور اُس سے جو تباہ کاریاں ہوئیں ہیں، میں اُس پر بات کرنا چاہتا تھا لیکن اب ہمارے سینیٹر ایمل ولی خان صاحب بھی آ گئے ہیں اور وہ بھی اس پر تفصیل سے بات کریں گے تو اس لیے میں مختصر بات کرنا چاہتا ہوں۔

جس طرح فرمایا گیا اور ہم نے سنا کہ ہمارے صوبہ خیبر پختونخوا کے تقریباً تمام اضلاع میں، کہیں پر کم اور کہیں پر زیادہ، لیکن سیلاب آیا ضرور ہے۔ پہلے تو سیلاب آیا کرتے تھے لیکن اب تو ایک

نئ مصیبت آئی ہے جسے بادل پھٹنا یا cloud burst کہتے ہیں۔ اس میں ایسا ہوتا ہے کہ ایک دم پانی برستا ہے اور اُس کی زد میں جو بھی گھر، زمینیں یا جو بھی کچھ آتا ہے، وہ اپنے ساتھ سب کو بہا کر لے جاتا ہے۔ اس میں کوئی time نہیں لگتا اور کسی کو فرصت ہی نہیں ملتی کہ وہ بچ سکے۔

اس طرح کی قدرتی آفات بونیر میں سب سے زیادہ آئی ہیں خاص طور پر گوکند، بیشونئ اور پیر بابا جیسے مختلف گاؤں شامل ہیں۔ وہاں کچھ گاؤں تو ایسے ہیں کہ جو صفحہ ہستی سے بالکل مٹ گئے ہیں۔ وہاں پر جو بڑے بڑے گھر آباد تھے، اب وہاں بڑے بڑے پتھر پڑے ہیں۔ آپ وہاں دیکھ کر حیران ہو جائیں گے کہ جو گھر آباد تھے وہ کہاں گئے اور اُن کی جگہ یہ پتھر کدھر سے آ گئے۔ یہ قدرتی آفات ہیں جس کے لیے لوگوں نے بھی کوشش کی ہے، حکومت نے بھی کوشش کی ہے لیکن ان میں جو لوگ سیلاب کی نذر ہو کر کیچڑ میں یا پانی میں چلے گئے ہیں، اُن میں سے کچھ مل گئے ہیں، کچھ ابھی تک نامعلوم ہیں اور کئی لوگ تو ابھی تک پتھروں کے نیچے دبے ہوئے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ اس کے لیے سب سے زیادہ ضروری عمل یہ ہے کہ machinery کا بندوبست کیا جائے تاکہ ایسے لوگوں کو نکالا جا سکے۔ اسی طرح آج باجوڑ میں ایک واقعہ ہوا ہے جس میں تیس آدمی اُس واقعے کا شکار ہوئے اور وہاں شہید ہو گئے۔ اس کے علاوہ چترال میں، دیر میں، سوات میں، بونیر میں اور خاص طور پر پیر بابا کا جو بازار ہے، وہاں سیلاب لوگوں کا پورا سامان بہا کر لے گیا۔

سنا ہے کہ آج صبح صوابی میں ایک dam cloud burst کی وجہ سے ٹوٹ گیا جس میں بائیس لوگ بہہ گئے اور جو دریا نیچے مردان، نوشہرہ، چارسدہ اور پشاور کی طرف آتے ہیں تو وہاں بھی وہ تباہی مچاتے ہیں۔ ایک طرف تو بارش کی وجہ سے تباہ کاریاں ہیں اور دوسری طرف ہم اپنے صوبے میں امن و امان کے حوالے سے بات کریں گے کیونکہ جیسے کہتے ہیں کہ اوپر سے رب نے مارا اور نیچے سے عبدالرب نے مارا۔ ابھی ہم camp لگا کر بونیر اور باجوڑ کے لیے چندہ اکٹھا کر رہے تھے۔ ہماری عوامی نیشنل پارٹی کی ذیلی تنظیم کے نوجوانان اور وہاں پر ہماری خدائی خدمت گار تحریک کے دیگر لوگوں نے relief camp لگایا ہوا تھا اور وہ وہاں چندہ اکٹھا کر رہے تھے تو ایک انتہائی انسانیت سوز واقعہ ہوا جس میں اُس چندہ اکٹھا کرنے والے relief camp پر firing کر دی گئی جس میں ڈپٹی سالار فرحان جان شہید ہو گیا اور تین آدمی زخمی ہو گئے۔ یہ کتنا انسانیت سوز واقعہ ہے کہ

وہ ہمارے لوگ باجوڑ، اور بونیر میں جو سیلاب سے مصیبت زدہ لوگوں کے لیے چندہ اکٹھا کر رہے ہیں، اُن پر ایسا دہشت گردی سے بھرپور حملہ کیا گیا۔ دوسری طرف ایک ہی رات میں پشاور میں ہمارے ایک سینیئر صحافی میاں فاروق فراق کے نوجوان بیٹے کو شہید کیا گیا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ Motion پر بات کریں۔ اُس کے بعد آپ اِس پر بات کریں۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: جی میں کر رہا ہوں۔ اُن کے نوجوان بیٹے کو رات کی تاریکی میں نامعلوم لوگوں نے شہید کیا۔ وہ نامعلوم تھے۔ تو میرے خیال میں ان سب واقعات پر ہمارے منسٹر صاحب بھی یہاں بیٹھے ہیں تو وہ دیکھ لیں کہ حالات کس طرف جا رہے ہیں۔ اِن حالات میں کچھ امن و امان کی طرف بھی توجہ دی جانی چاہیے۔ ٹھیک ہے کہ بارش، آفات اور مصیبت تو اللہ کی طرف سے آتی ہے لیکن میں اس پر مزید بات نہیں کرتا ہوں۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر ضمیر گھمرو صاحب۔

**Senator Zamir Hussain Ghumro**

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: آپ آج Chair کر رہے ہیں تو یہ ایک بہت اچھا دن ہے کیونکہ یہ House of the Federation ہے اور you belong to Balochistan تو ہم آپ کو مبارک باد دیتے ہیں۔ میں سب سے پہلے خیبر پختونخوا میں جو انسانی جانوں کا زیاں ہوا ہے اور جو بڑے پیمانے پر devastation ہوئی ہے، اُس پر خیبر پختونخوا کے عوام کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں۔ جناب چیئرمین! disasters کے سلسلے میں جب 2005 میں کشمیر میں زلزلہ آیا تو Constitution میں disaster management is a provincial subject. تو Federal government نے صوبوں کو کہا کہ آئین کے Article 144 میں آپ Resolution pass کریں تاکہ disaster management کے subject کو Parliament regulate کرے۔ اُس Article 144 میں یہ لکھا ہوا ہے کہ اگر ایک یا ایک سے زیادہ صوبائی اسمبلی Resolution pass کرے گی تو Parliament اس subject کو regulate کرے گی اور کسی بھی وقت صوبہ اُس Act کو

to the extent of that province can repeal at any time.

تو 2005 میں یہ disaster management کا subject Parliament نے regulate کیا اور National Disaster Management Authority وجود میں آئی۔ تو میرے خیال میں پچھلے بیس سالوں میں یہاں جو بھی افسوس ناک آفات آئی ہیں، جیسے کہ 2022 میں بلوچستان اور سندھ میں بہت devastation ہوئی تھی، ابھی last month پنجاب میں بڑی devastation ہوئی اور خیبر پختونخوا میں بہت devastation ہوئی۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ یہ climate change کا effect ہے لیکن اسے ہمیں man-made disaster نہیں بنانا چاہیے اور ہمارے پاس on the sight advance planning ہونی چاہیے اور on the field effectiveness ہونی چاہیے، capacity ہونی چاہیے کہ immediately جو اتنی جانوں کا نقصان ہوا ہے اس کی responsibility کس پر ہو گی کہ یا تو advance ہم planning نہیں کرتے یا ہماری presence on ground نہیں ہوتی۔ جیسے 2022 کے floods میں بھی یہ دیکھا گیا کہ NDMA میں capacity کے issues ہیں effectiveness کے issues ہیں، وفاقی حکوت کے پاس زیادہ funds ہیں۔ پاکستان کا total tax and non-tax revenue انیس ہزار ارب ہے۔ اس میں سے صوبوں کو effectively ساڑھے چھ ارب جاتا ہے، باقی جو resources ہیں وہ federal government کے پاس ہیں اور disaster management کا subject بھی فیڈریشن کا ہے۔

میرے خیال میں خیبر پختونخوا کے عوام کو فوری طور پر وفاقی حکومت کی طرف سے، جناب بلاول بھٹو زرداری صاحب نے فوری طور پر اقدامات کیے اور وزیر اعلیٰ سندھ کو کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کے لیے فوری طور پر امداد کی رسد شروع کی جائے۔ یہ بڑا المیہ ہے اس پر سیاست نہیں کرنی چاہیے لیکن ہمیں اکٹھے ہو کر وفاقی حکومت اور صوبائی حکومتوں کو اس بڑے المیے کو address کرنا چاہیے اور آئندہ NDMA کو زیادہ effective اور اس کی capacity building کرنی

چاہیے کیونکہ disaster management کا subject صوبوں نے وفاقی حکومت سے takeover کیا ہے اس کو effectively deal کرنا چاہیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت بہت شکریہ۔ سینیٹر مرزا آفریدی صاحب۔

**Senator Mirza Muhammad Afridi**

سینیٹر مرزا محمد آفریدی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سب سے پہلے تو آپ کو مبارک ہو چیئرمین صاحب اقلیت کی طرف سے panel میں آپ کا نام آیا ہے۔ چیئرمین صاحب! شروعات میں ایک ضروری بات کرنا چاہوں گا کہ خیبر پختونخوا میں flood آیا ہے۔ اس کے بارے میں میرے خیال سے کچھ لوگوں کو علم ہوگا۔ میں کچھ نئی report اس ایوان میں آپ کے ساتھ share کرنا چاہتا ہوں۔۔ آج صبح جو PDMA کی report آئی ہے اس report میں ابھی تک تین سو تیئیس افراد وہاں پر جاں بحق ہو چکے ہیں اور ان تین سو تیئیس میں دو سو بہتر، تہتر وہ مرد ہیں اور اس میں انتیس خواتین ہیں اکیس بچے ہیں جو ابھی تک شہید ہو چکے ہیں اور جو زخمی ہو گئے ہیں وہ ایک سو تیئیس مرد ہیں، ستائیس خواتین زخمی ہو چکی ہیں اور دس بچے شامل ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ تین سو تینتیس گھر تباہ ہو چکے ہیں جو کہ KP میں بارشوں کی وجہ سے ہوا۔ تقریباً بونیر کے صرف ایک علاقے میں دو سو نو افراد شہید ہو چکے ہیں۔

جناب والا! دراصل بات یہ ہے کہ آج ہم اس issue کو discuss کر رہے ہیں۔ صبح ایک بندے نے پوچھا کہ یہ جو climate change آیا ہے یہ KP میں جو درخت کاٹ رہے ہیں اس کی وجہ سے آیا ہے۔ بات یہ ہے کہ عمران خان صاحب نے یہ جو one billion trees لگائے ہیں کیا وہ کسی نے وہاں پر دیکھے ہیں؟ میرے خیال سے یہ بات کرنا مناسب نہیں ہے کہ اگر لوگ اس طرح بات کرتے ہیں کہ انہوں نے درخت کاٹے ہیں اس وجہ سے climate change ہوا ہے۔

دوسری بات چیئرمین صاحب میں اپنے وزیراعلیٰ سردار علی امین گنڈاپور صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور ان کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ وہ دن رات اس علاقے میں موجود ہیں جہاں flood آیا۔ میرے MPAs بھی موجود ہیں، ہمارے MNAs بھی موجود ہیں، ہمارے

workers بھی موجود ہیں اور PTI کی ساری قیادت موجود ہے۔ ہمارے چیئرمین بیرسٹر گوہر صاحب بھی وہاں پر موجود ہیں۔

ایک میرے بھائی نے یہاں پر حکومت کی side سے بڑی اچھی بات کی۔ دیکھیں آج حالات وہاں پر بہت خراب ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے جتنے بھی House کے Members ہیں وہ جائیں وہاں پر دیکھیں کہ کتنے حالات خراب ہیں۔ اس وقت اگر میں آپ کو بتاؤں تو ہمارے KP کے NFC award میں دو ہزار ارب روپے پڑے ہوئے ہیں۔ ہمارے پاس وہاں پیسوں کی بھی کمی ہے۔ میری گزارش ہے حکومت سے کہ سب سے پہلے وہ پیسے release کرائیں تاکہ فوری طور پر لوگوں کے لیے ہم گھر بنا سکیں اور وہاں کے مسائل حل کریں۔

تیسری بات میں اپنے سارے اداروں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ہماری افواج پاکستان ہے باقی ادارے، ہماری police اور 1122 نے جس طرح دن رات محنت کی ہے میں ان کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ climate change کا جو issue ہے، اس پر ایک debate ہونی چاہیے۔ ایک ایسی debate ہونی چاہیے کہ ہم اس کو کس طرح tackle کر سکیں۔ میں پہلے بھی یہ بات کر چکا ہوں بڑے عرصے بعد مجھے نیچے آ کر بات کرنے کا آج موقع ملا ہے، پہلے میں آپ کی chair پہ بیٹھتا تھا۔ میں نے پہلے بھی یہ بات کی تھی کہ ہمیں grouping اور zoning کرنی چاہیے تاکہ ان لوگوں کو shift کر سکیں، پانی کی اس رفتار کو اور اس ڈیم کے پانی کو کیسے ذخیرہ بنا سکیں۔

بہت ساری تجاویز ہیں، بہت ساری چیزیں ہیں جو میں کرنا چاہتا ہوں لیکن اس کے لیے ایک لمبی debate ہونی چاہیے۔ میں جناب محسن عزیز صاحب کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ایک ایسے اہم موضوع پر بات بھی کی ہے۔ لیکن آخر میں میں اپنے colleagues کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ آئیں اور خیبر پختونخوا میں جا کر دیکھیں کہ وہاں کیا حالات ہیں۔ ہمارے سارے صوبوں کے Chief Ministers ہیں میں ان کو بھی کہتا ہوں، میں اپنے Prime Minister صاحب سے بھی کہتا ہوں کہ وہ فوری طور پر امداد کے لیے لوگوں کو بھیجیں اور وہاں کے عوام کی امداد کریں۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت بہت شکریہ۔ سینیٹر روبینہ خالد صاحبہ۔

**Senator Rubina Khalid**

سینیٹر روبینہ خالد: بہت شکریہ۔ جناب چیئرمین!

I am also very thankful to Senator Mohsin Aziz, for bringing up this very important subject which should have been brought up the first thing as I said earlier.

بات یہ ہے کہ قدرتی آفات آتی ہیں، یہ اللہ کا ایک نظام ہے۔ لیکن قدرتی آفات کا کس طریقے سے انسان سامنا کرتا ہے، انسان اس سے کیسے نمٹتا ہے، یہ ایک بہت بڑا سوال ہے۔ سوال یہاں اٹھایا گیا ہے National Disaster Management کے اوپر۔ بہت سارے سوالات اور جگہوں پر بھی اٹھتے ہیں۔ یہ کوئی پہلی انہونی نہیں ہوئی۔ 2022 کا سیلاب ہم سب کے سامنے ہے اور جو قومیں اپنی تاریخ سے نہیں سیکھتیں ان کا وہی حال ہوتا ہے جو آج ہمارا ہے۔ 2022 میں جو سیلاب آیا اس میں بھی Malakand Division was the worst hit ہم نے دیکھا تھا آپ سب کو یاد ہوگا بہت سال نہیں گزرے کہ وہاں کتنی بڑی تباہی آئی تھی۔ اس سے ہم نے کیا سبق سیکھا؟

اس سے ہم نے یہ سبق سیکھا کہ tourism کے نام پر tourism کے فروغ کے نام پر جس بے دردی سے لوگوں کو NOCs دیے گئے دریا کے اوپر hotel بنانے کے جنگلات کاٹنے کے یہ سب واقعات ہمارے سامنے ہیں کوئی ڈھکے چھپے نہیں ہیں۔ 2022 میں جو دریا کے بیچ میں hotel کھڑے تھے اور بہہ گئے، اس سے سیکھنا چاہیے تھا نا Chairman صاحب؟ وہ hotel ادھر ہی پھر سے بنے بلکہ اس سے بڑے سائز میں بنے۔ پھر ہم گلہ کرتے ہیں کہ قدرتی آفت آ گئی ہے۔

ابھی نَتھیا گلی آپ دیکھ لیں۔ نتھیا گلی میں آپ سوچیں کہ seven storey اور eight storey high-rise building، اٹھارہ منزلہ high-rise building تو یہ کیا ہے؟ یہ آپ کو کس چیز کی نشانی دے رہے ہیں؟ یہ آنے والے disaster کی ابھی سے میں prediction کرتی ہوں کہ یہ عمارتیں اللہ نہ کرے، اللہ نہ کرے گر جائیں کیونکہ پہاڑوں کا ایک

اپنا construction style ہے، ان کا ایک طریقہ کار ہے، قدرت کا ایک نظام ہے۔ اس کے خلاف آپ چلیں گے تو یہی ہوگا جو ہو رہا ہے۔

درختوں کی آپ بات کرتے ہیں کہ درخت لگائے گئے تھے۔ درخت تو پتا نہیں تھے یا نہیں تھے، جڑی بوٹیاں تھیں یا جھاڑیاں تھیں۔ جو ہمارے original پرانے جنگلات ہیں وہ جس بے دردی سے کٹ رہے ہیں! آپ نے یہ 2022 میں دیکھا کہ جب سیلاب آیا تو وہی ٹمبر مافیا جو درخت کاٹتا ہے اور دریا کے کنارے رکھتا ہے، وہ لکڑیاں جب پانی میں آئیں، دریا کے بہاؤ میں آئیں، انہوں نے infrastructure کو hit کیا۔ خالی پانی اتنا نقصان شاید نہ کرتا لیکن جب یہ لکڑی پانی کے اندر ڈوب جاتی ہے تو اس کا وزن بڑھ جاتا ہے اور جب یہ infrastructure کو hit کرتی ہے تو ادھر تو کوئی بچت ہے ہی نہیں۔ ابھی بھی یہی کچھ ہو رہا ہے۔ ابھی بھی ٹمبر مافیا ایک مضبوط مافیا ہے۔ میرے خیبر پختونخوا میں مضبوط مافیا ہے جس بے دردی سے جنگل کٹ رہے ہیں، آپ آ کر دیکھیں۔ ہمیں ضرور جا کے اپنے لوگوں کی حالت دیکھنی چاہیے۔ ہمارے لوگ ہیں، ہمارے صوبے کے لوگ ہیں، ہمارے ملک کے لوگ ہیں۔ ان کی جتنی مدد ہم کر سکیں وہ کم ہے۔ لیکن ساتھ ساتھ یہ بھی دیکھنا ہے کہ یہ کیوں ہے۔ قدرتی آفت ہے، مان گئے۔ لیکن جو rescue ہے وہ جس طریقے ہو رہا ہے وہ بھی آپ جا کے دیکھ لیں، اسی لیے میں نے یہاں آتے ہی یہی demand رکھی اور وزیراعظم صاحب سے appeal کی کہ خدارا آپ اسے ایک national emergency declare کریں اور آئیں کیونکہ یہ ہمارے بس کی بات نہیں ہے۔ یہ نہیں کہ ہمارے پاس وسائل نہیں ہیں، ہمارے پاس competency نہیں ہے، اگر competency ہوتی تو ایک فیملی کے جو اٹھارہ لوگ ڈوبے وہ نہ ڈوبتے۔

کچھ چیزیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے حادثات کی صورت میں آتی ہیں لیکن انسان کو اللہ تعالیٰ نے اشرف المخلوقات کہا ہے، کیوں کہا ہے اشرف المخلوقات۔ کیونکہ وہ ذہن اور سوچ کا استعمال کرے۔ جہاں ذہن اور سوچ کام چھوڑ دیں پھر وہی حشر ہوتا ہے جو اس وقت ہمارے صوبے کا ہے۔ آپ کے توسط سے میں ایک مرتبہ پھر کہوں گی کہ national emergency declare کی جائے کیونکہ ہمارے بس کا کام نہیں ہے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب۔

**Senator Kamran Murtaza**

سینیٹر کامران مرتضٰی: شکریہ، جناب چیئرمین! آپ کو دو حوالوں سے مبارک باد دوں گا۔ ایک اس لیے کہ ایک ہندو faith کا شخص Chair کر رہا ہے اور یہ ہمارے لیے فخر کی بات ہے، اس سے اس بات کا اظہار ہوتا ہے کہ ہمارے ہاں وسعت موجود ہے اور دوسری مبارک باد اس لیے کہ آپ میرے صوبے سے تعلق رکھتے ہیں اور بلوچستان سے کوئی Chair کر رہا ہے، مجھے اس بات کی بھی خوشی ہے۔ وزیر صاحب یہ سیٹ آپ مستقل دے دیں اور اگر آپ اقلیتوں کے ساتھ اتنے مخلص ہیں تو اقلیت کے ساتھ ایسا ہونا چاہیے، میں اسے اقلیت کہوں، غیر مسلم کہوں، minority کہوں، کیا کہوں اسے۔

جناب چیئرمین! سیلاب کے حوالے سے بات ہو رہی تھی۔ سیلاب کا معاملہ بہت تکلیف دہ ہے، ہوتا یہ ہے کہ ہمارے ہاں آفت آتی ہے، سب سے پہلے ہم اس پر فاتحہ کرتے ہیں، یقیناً ہمیں ان کی مغفرت کی دعا کرنی چاہیے مگر دعا تو ہم کرتے ہیں لیکن دوا کبھی بھی نہیں کرتے اور موجودہ آفت اور اگلی آنے والی آفت کے درمیان ایک وقفہ ہوتا ہے اور ہر مرنے والے کے لیے یقیناً دعا ہونی چاہیے مگر اس دعا کے ساتھ اگر کبھی ہم دوا بھی کرتے تو شاید ان اموات کی تعداد ہم کم کر سکتے تھے۔ زلزلے آتے ہیں تب بھی ہم یہی کہتے ہیں کہ قدرتی آفت ہے، یقیناً قدرتی آفت ہے، cloud burst کا نام شاید ہی کسی نے سنا ہو، ہم نے اور آپ نے اپنے بچپن میں کبھی نہیں سنا تھا مگر اب یہ ہیں اور خیبر پختونخوا میں پانچ سے چھ cloud burst ہوئے ہیں اور پھر اتنی تعداد میں ہونا یہ ایک عجیب و غریب سی بات تھی مگر اس کے پیچھے کوئی وجہ تو موجود ہو گی۔

ایک بات تو یہ ہے کہ یہ معاملہ اللہ کی طرف سے ہو گیا، وہ سزا بھی ہو سکتی ہے، آزمائش بھی ہو سکتی ہے اگر سزا ہے تو اللہ پاک معاف کر دیں، اگر آزمائش ہے تو اللہ پاک اس سے نکلنے کی توفیق دے دیں، اچھے اور احسن طریقے سے نکلنے کی توفیق دے دیں مگر جناب یہ دنیا دارالعمل ہے، اس میں صرف دعا سے آپ اس آزمائش سے باہر نہیں نکل سکتے ہیں، آپ کوشش سے اس سے باہر نکل سکتے ہیں اس کے بعد اللہ پاک آپ کی مدد کرتے ہیں جب آپ کوشش کرتے ہیں اور آپ کہیں کہ

آپ نے کوشش نہیں کرنی اور اس طرح سے اللہ پاک بغیر کوشش کے ہمارا کام دعاؤں سے کر دیں تو صرف دعا سے اللہ پاک یہ کام نہیں کرتے، ہم سے نیک لوگ تھے اور ہیں وہ بھی عمل کرتے تھے اور کرتے ہیں اور اس عمل کے نتیجے میں وہ اس کے نتائج حاصل کرتے تھے یا دنیا بھر جو نتائج حاصل کرتی ہے وہ اس عمل کے نتیجے میں حاصل کرتی ہے، دعا کے ذریعے اس طرح سے یہ چیزیں اتنی آسان نہیں ہوتیں۔ دعا یقیناً ضروری ہے کیونکہ اگر آپ دعا نہیں کرتے تو وہ معاملہ تکبر میں چلا جاتا ہے۔ آپ نے عمل کر کے اس کے بعد معاملہ اللہ پر چھوڑنا ہے اور پھر وہ معاملہ تکبر میں نہیں بلکہ عاجزی میں جاتا ہے، وہ آپ کی اپنی کوشش ہوتی ہے اور پھر معاملہ درستی کی طرف جاتا ہے۔

جناب چیئرمین! اب صوبہ خیبر پختونخوا میں جو واقعہ ہوا ہے اس میں شہادتیں سات سو سے بھی زیادہ بڑھ گئی ہیں، جس وقت محسن عزیز صاحب کی طرف سے یہ motion لایا گیا تھا اس وقت شاید معاملہ اتنا سنجیدہ نہیں تھا مگر اب معاملہ بہت سنجیدہ ہو گیا ہے۔ یقیناً آپ کے پاس ایک مطالبہ آیا ہے کہ اسے قدرتی آفت declare کیا جائے، قدرتی آفت declare ہونا بھی چاہیے اور اس کے ساتھ ساتھ صوبہ خیبر پختونخوا کی مدد بھی ہونی چاہیے۔ جناب اس مدد کو آپ دو طرح سے لے لیں۔ میں ایک عام شخص کے طور پر اسے دو حوالوں سے دیکھتا ہوں۔ آپ دیکھیں کہ آپ کے عسکری ادارے ایک طرح سے مدد کر رہے ہیں اور وہ مدد effective بھی نظر آتی ہے مگر civil side پر ہم سب civil supremacy کے قائل ہیں اور اس بات پر ہم ہمیشہ بات کرتے ہیں مگر civilians چاہے وہ صوبے میں ہوں یا وفاق میں ہوں، ان کی طرف سے کوئی ایسا عمل اس طرح سے نظر نہیں آ رہا جس طرح سے وہ عمل نظر آنا چاہیے۔ اب جب وہ عمل نظر نہیں آتا اور civilian effective نہیں رہتے تو اس کے دو تین نتائج ہوا کرتے ہیں۔ آپ کسی چیز کو استعمال نہیں کرتے اور اس کا استعمال ترک کر دیتے ہیں تو اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ مزید ineffective ہو جاتا ہے اور وہ organ مزید کام کے قابل نہیں رہتا۔ Civilian side پر یہ ایک problem دیکھا جا رہا ہے کہ یہ organ ineffective ہو رہا ہے اور کام کے قابل نہیں رہا اور جب کام کے قابل نہیں رہے گا تو کل خدانخواستہ مزید کوئی ایسے معاملات ہو گئے تو کیا آپ نے ہر معاملے میں ایک طرف ہی دیکھنا ہے، یہ لمحہ فکریہ ہے اور اس پر غور ہونا چاہیے۔

پھر جناب اسے ایک اور angle سے بھی دیکھیے کہ کیا یہ قدرتی آفت صرف اللہ پاک کی طرف سے آئی ہے یا اس میں ہمارا بھی کوئی نقص یا کردار ہے۔ اگر آپ کردار کو determine کرتے ہیں تو پھر دو طرح سے کریں، ایک آفت آنے سے پہلے اور دوسری آفت آنے کے بعد۔ آفت آنے سے پہلے، اس آفت کے آنے میں یا اسے لانے میں ہمارا کیا کردار ہے، کیا ہماری وجہ سے یہ آفت ضرورت سے زیادہ سخت تو نہیں ہو گئی اور پھر جب آفت آ گئی تو پھر کیا ہم اس سے درست طریقے سے نمٹ رہے ہیں، کیا جو immediate actions ہونے چاہیں وہ درست ہیں؟ پھر اس کے بعد اگلا مرحلہ شروع ہو جاتا ہے کہ اس آفت سے نمٹنے کے لیے کچھ فوری اقدامات کرنے ہوتے ہیں اور کچھ long term یعنی طویل المدتی اقدامات ہوتے ہیں۔ جب آپ طویل المدتی اقدامات کریں گے تو پھر آپ کو وہ راستے clear کرنے ہوں گے جن پر وہ riverbeds ہیں۔ لوکل لوگ جو دریاؤں کے کنارے آباد ہوتے ہیں وہ ان پتھروں کے بارے میں کہتے ہیں کہ یہ پتھر جو ہمیں گول گول اور نیلے نیلے نظر آتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ یہ پتھر دریا یا پانی کے انڈے ہوتے ہیں اور دریا واپس ان انڈوں کو سینچنے کے لیے آیا کرتا ہے تو جہاں تک وہ پتھر گئے ہوتے ہیں یا آئے ہوتے ہیں تو دریا نے کبھی نہ کبھی ان پتھروں تک دوبارہ جانا ہوتا ہے چاہے وہ ایک سال میں جائے یا سو سالوں میں جائے اگر آپ اس پتھر کے نشان سے جیسا کہ لوکل لوگ کہتے ہیں کہ یہ پانی کے یا اس دریا کے انڈے ہیں اور وہ انہیں سینچنے کے لیے دوبارہ آئے گا، جہاں تک وہ پتھر کے نشان ہیں اگر آپ نے کہیں پر اجازت دی ہوئی ہے وہاں construction ہو گئی ہے، وہاں گاؤں یا ہوٹل بن گئے ہیں، جو کچھ بھی بن گیا ہے وہ آپ کو راستے clear کرنے ہوں گے اگر وہ راستے clear نہیں کریں گے تو دریا اپنے انڈوں کو سینچنے کے لیے دوبارہ آئے گا اور جب وہ آئے گا پھر اس کا نقصان ہو گا۔ اب cloud burst کیوں ہوتا ہے۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کامران مرتضٰی صاحب، تھوڑا وقت کم ہے۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: جناب میں صرف ایک بات کر کے اسے مختصر کر لیتا ہوں۔ 26th Constitutional Amendment کے حوالے سے اس طرف سے ماسوائے ہمارے باقی اسے برا کہتے ہیں۔ اس میں environment کے حوالے سے ایک Article شامل کیا گیا تھا،

اس حوالے سے کسی نے بات نہیں کی ہے۔ 26th Amendment اکتوبر میں آئی تھی اور اگلا اکتوبر آنے والا ہے، اگست کے درمیان میں ہم کھڑے ہیں تو کیا اس ایک سال میں جب اس ترمیم پر اتنی باتیں ہوئیں تو اگر اس ایک Article پر بھی غور کر لیتے تو میرے خیال میں اس آفت سے ہم اگر 100% نہ بچتے تو کسی نہ کسی طرح سے 5-10% بچا جا سکتا تھا۔

میں جو شہدا ہیں میں ہلاکتیں نہیں کہوں گا یہ شہادت ہے گو کہ کم تر درجے کی شہادت ہے مگر یہ شہادتیں ہیں۔ میں شہیدوں سے تعزیت کرتا ہوں، زخمیوں سے تعزیت کرتا ہوں اور صوبائی حکومت سے، وفاقی حکومت سے یہ مطالبہ بھی کرتا ہوں کہ ان کے لیے compensation, ان کے جو نقصانات ہیں ان کا ازالہ کیا جائے۔ شیری صاحبہ اور علی ظفر صاحب کی طرف سے ایک تجویز آئی تھی کہ اپنی ایک ہفتے کی تنخواہیں دی جائیں لیکن میرا خیال ہے کہ ایک ہفتہ کم ہے، ایک مہینے کی تنخواہ اس fund میں دی جائے، گو ان کے نقصانات کا مداوا تو نہیں ہو گا مگر کم از کم ان کے ساتھ یک جہتی کا اظہار ہو گا۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میری گزارش ہے کہ تقریر کو مختصر رکھیں اور کامران مرتضیٰ صاحب، چیئرمین صاحب نے کہا ہے کہ اس سلسلے میں وہ fund قائم کریں گے اور باہمی مشاورت سے جو بھی ہو گا وہ بتا دیا جائے گا۔ سینیٹر بلال مندوخیل۔

**<u>Senator Bilal Ahmed Khan</u>**

سینیٹر بلال احمد خان: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! بہت شکریہ۔ آپ کو مبارک باد۔ اس کرسی پر بیٹھ کر آپ بہت اچھے لگ رہے ہیں ہمیں بھی اور ویسے بھی اچھے لگ رہے ہیں۔ اس وقت سیلاب نے ہمارے ملک میں جو تباہی مچائی ہے اور ملک کے مخصوص علاقے میں جسے میں خیبر پختونخوا کہوں گا۔ اس میں جتنی تباہی ہوئی ہے اس تباہی سے ہونے والے نقصانات، اس تباہی سے ہونے والی شہادتیں اس پر جتنا بھی افسوس کیا جائے وہ کم ہے۔ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ ہم سب یہ بات کر رہے ہیں کہ یہ ایک آفت ہے لفظ ہم استعمال کرتے ہیں کہ آفت، آفت کب آتی ہے جب اللہ تعالیٰ ہم سے ناراض ہوتے ہیں۔ آفت کب آتی ہے جب ہم اللہ تعالیٰ اور اللہ تعالیٰ کے نظام سے دور ہوتے جاتے ہیں۔ آج کیا ہم بحیثیت قوم، ملک اللہ تعالیٰ سے دور ہو گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے نظام سے دور ہو

گئے ہیں، اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے اصولوں سے دور ہو گئے ہیں۔ اگر ایسی بات ہے تو یہ آفت کی بارش کی پہلی بوند ہے اس کے بعد اور بھی آفتیں آئیں گی، اس کے بعد اور بھی بہت سارےdisastersآئیں گے۔ اگر ہم اس بات کو سمجھیں یا سمجھنے کی کوشش کریں تو پھر ہمیں گزرے ہوئے کل کو سامنے رکھ کر آنے والے کل کی حکمت عملی طے کرنی ہے۔

ہم پرانی باتوں کو توdiscussکرتے ہیں کیونکہ ہمارے پاس علم اتنا ہی ہے کہ ہم گزرے ہوئے کل کی باتیں اس لیےdiscussکرتے ہیں کہ میرےcolleagueنے یہ بات کی، میرے دوست نے وہ بات کی، میرے گھر میں یہ بات ہوئی، میرے دوستوں میں یہ بات ہوئی۔ لیکن ہم یہاں بیٹھ کر آنے والے کل کوdiscussنہیں کر رہے۔ ہم یہاں بیٹھ کر اپنی آنے والی نسل کوdiscussنہیں کر رہے کہ ہم اپنی آنے والی نسل کو کیا دے رہے ہیں۔ ہم یہ نہیں discussکر رہے کہ ہماری گزری ہوئی نسل نے ہمارے لیے کیا کیا اور آج ہم اپنی آنے والی نسل کے لیے کیا کر رہے ہیں۔ کیا ہم اس کوdiscussکر رہے ہیں؟ نہیں کیا۔

میری نظر میں، میرے خیال سے ہم نے اس کو آج تک کبھیdiscussنہیں کیا۔ پورے ملک میں کسی جگہ پر کوئی آفت آتی ہے کسی بھی قسم کی، اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہم پر کوئی بھی عذاب آتا ہے تو اس کے بعد ہم اس چیز پر لگ جاتے ہیں کہ کون سا ادارہ کتنے پیسے لے گا۔ کس ادارے کی چاندی ہو گی، کس ادارے کےaccountsکھلیں گے، کون سے ادارے کے لوگ کیا کیا کریں گے۔ ہم ان چیزوں پر لگ جاتے ہیں۔ ہم نے کبھی یہ نہیں سوچا کہ کیا وہ ادارہ واقعی یہ کام کرے گا یا نہیں، چاہے وہcivilادارہ ہو، چاہے وہ حکومت سےrelatedکوئی بھی ادارہ ہو۔ ہمارے وقت میں آپ کو بھی یہ یاد ہو گا، اس عمر کے جتنے بھی لوگ ہیں کبھی کسی وقت ایک ادارہ ہوا کرتا تھا Civil Defence.اسcivil Defenceکا جو ایک mechanism تھا، اس کا جو ایک طریقہ کار تھا، اپنے عام شہریوں کوawareکرنے کا، اپنے عام شہریوں کو جو آفات آتی ہیں زلزلہ، طوفان، خشک سالی۔ اس کی عام لوگوں کوawareکرنے کی باقاعدہ ایک ترتیب ہوا کرتی تھی، لوگوں کو سکھایا جاتا تھا۔ کیا آج ہماراPDMAیہ کر رہا ہے۔ کسی بھی صوبے کے PDMAکے تربیت کے مواقع یا تربیت کے ادارے ہیں؟ کیا ہماراNDMAایسا کچھ کر رہا ہے یا وہ صرف بیٹھ کر اس انتظار میں تھے کہ

کب کوئی آفت آئے اور پھر اس کے بعد ہم اپنا کام شروع کریں۔ آپ کو اچھی طرح معلوم ہے کہ جب بھی آفت آتی ہے ہم سب سے پہلے راشن کی مد میں لوگوں کو چیزیں پہنچانے کے لیے بھاگ دوڑ شروع کر دیتے ہیں، جو کہ سب سے بڑا fraud ہوتا ہے۔ جس میں سب سے بڑا خرد برد ہوتا ہے۔ کیا آپ لوگوں نے یا ہم نے یہ کبھی سوچا ہے کہ اگر یہ آفت آئے گی تو میرا ایک عام شہری جب تک میرا ادارہ، میرا متعلقہ ادارہ اس آفت والی جگہ تک پہنچے گا۔ اس علاقے میں رہنے والے لوگوں کو میں نے اپنے Civil Defence کے حوالے سے کتنا اس کو aware کیا ہے۔ کن کن چیزوں کے بارے میں اس کو بتایا ہے۔ میرے پہنچنے سے پہلے وہ اپنے علاقے کی casualties کو کیسے control کرے گا۔ اپنے معاملات کو کیسے دیکھے گا۔

ہم نے آج تک ایسا کوئی programme plan نہیں کیا اور میرے خیال میں آج بھی ہمارے plan میں ایسا کچھ شامل نہیں ہے میں یقیناً یہ کہہ سکتا ہوں کہ نہ PDMA کے پاس ایسا کوئی mechanism ہے، نہ NDMA کے پاس ایسا کوئی mechanism ہے، نہ میں نے پچھلے بیس سالوں سے جب سے PDMA, NDMA بنی ہیں ان کے schedule میں ایسی کوئی تربیت نہیں دیکھی۔ آفت تو آئے گی وہ تو آتی ہے۔ آفت انسانوں پر آتی ہیں اور انسان ہی اس کا سامنا کرتے ہیں، انسان ہی اس کو handle کرتے ہیں۔ اوپر سے فرشتے نہیں آئیں گے اور نہ فرشتے آج تک آئے ہیں اور پھر ہمارے اعمال پر تو کبھی بھی نہیں آئیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مندوخیل صاحب مختصر کریں۔

سینیٹر بلال احمد خان: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! یہ جو خیبر پختونخوا میں یا ہمارے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں سیلاب سے جو نقصانات ہوئے ہیں۔ جس طرح میرے باقی colleagues نے یہ بات کی ہے بالکل اس کو قومی سانحہ declare کیا جائے اور ان شہداء کا باقاعدہ data collect کر کے ان کے لیے حکومت کی طرف سے جس طرح باقی شہداء کو financially compensate کیا جاتا ہے۔ اسی طرح ان لوگوں کو بھی financially اسی level پر کیونکہ یہ بھی شہیدوں کے زمرے میں آتے ہیں اور یہ بھی شہید ہیں۔ ان کو بھی اسی

categoryمیں ان کے لواحقین کے ساتھ، ان کے گھروں کو بنانے میں اور ان کی زندگیوں کو دوبارہrehabilitate کرنے کے لیے وہ چیزیں بنائی جائیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔

سینیٹر بلال احمد خان: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! اس کے ساتھ ساتھ میں بلوچستان کے حوالے سے ایک بات اور کہوں گا۔ یہ بات میں پہلے بھی کر چکا ہوں اور اس چیز کو کمیٹی میںrefer بھی کر چکا ہوں لیکن ابھی تک نہ کمیٹی کیmeetingہوئی اس بارے میں اور نہ اس پر کوئی سنوائی ہوئی ہے۔ میں بات کر رہا ہوں ہوائی جہاز کےticketsکے حوالے سے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی جی یہ کمیٹی میں ہے۔

سینیٹر بلال احمد خان: کمیٹی کا اگر کوئی اجلاس ہوا تو مجھے ابھی تکinformنہیں کیا۔ مجھے as a moverکوئیinformation provideنہیں کی گئی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مندوخیل صاحب میں چاہتا ہوں کہ اس پر۔۔

سینیٹر بلال احمد خان: یہ بھی ایک مسئلہ ہے اگر آپ کوئٹہ سے کراچی کا ٹکٹ ایک لاکھ روپے میںone wayخریدنے پر مجبور ہیں تو یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ کیوں مجبور ہیں۔ اگر میں کوئٹہ سے اسلام آباد کے لیے ایک لاکھ روپے میں ٹکٹ خریدتا ہوں یک طرفہ تو اس کی وجوہات بھی معلوم کرنی چاہیں کہ کیوں خرید رہا ہوں۔ کیا میرے راستے، میرے roads, National Highwayکی جوroadsہیں وہ اتنے غیر محفوظ ہوگئے ہیں کہ آج اس کے بدلے میں private airlinesوالوں نے اپنی مرضی سے، میں اب کیا کہوں کہ انہوں نے کیا حرکتیں شروع کر دی ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ معاملہcommitteeکوreferکیا جا چکا ہے۔

سینیٹر بلال احمد خان: کمیٹی اس کو دس سال کے بعدtake upکرے گی، کمیٹی اس کو کب کرے گی۔ کمیٹی کی تو میرے خیال سے پچھلے ڈیڑھ سال سے ایک بھیmeetingنہیں ہوئی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مندوخیل صاحب میں ruling دیتا ہوں کہ کمیٹی کو ہدایت دی جائے کہ جلد از جلد اس معاملے کو take up کیا جائے تاکہ یہ مسئلہ حل ہو سکے۔ بہت بہت شکریہ۔

سینیٹر بلال احمد خان: اس میں ایک چیز اور ہے چونکہ tickets کے حوالے سے بلوچستان میں صرف ایک airline.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی جی مندوخیل صاحب کو۔۔۔

سینیٹر بلال احمد خان: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! مجھے سن تو لیں۔ آپ کو بھی معلوم ہے آپ بھی بلوچستان سے تعلق رکھتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی جی۔

سینیٹر بلال احمد خان: میں اس حوالے سے کہنا چاہتا ہوں کہ صرف ایک airline جو کہ private airline Fly Jinnah کی پرواز ہے۔ ہمیں اس کی بھی بہت مشکل سے tickets ملتی ہیں۔ پاکستان میں موجود جو باقی private airlines ہیں وہ کوئٹہ کیوں نہیں آتیں، وہ کوئٹہ کے operations کو کیوں نہیں مکمل کرتیں۔ ان کو کوئٹہ بلوچستان کا license ملنے کے بعد وہ International license پر چلی گئی ہیں اور انہوں نے International routes کو cover کرنا start کر دیا ہے۔ ان کے International license اس وقت تک روکے جائیں جب تک وہ بلوچستان کی service کو دوبارہ شروع نہیں کرتیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ committee میں discuss کر لیں گے۔ بہت بہت شکریہ۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر منظور احمد صاحب۔

**Senator Manzoor Ahmed**

سینیٹر منظور احمد: شکریہ۔ ,Mr. Chairperson آپ کو آج اجلاس chair کرنے پر مبارک باد دیتا ہوں۔ جب یہاں پر بندہ نظر دوڑا دیتا ہے تو آپ دیکھ لیں کہ کتنے ممبران ماشاء اللہ بیٹھے ہوئے ہیں اور بات چل رہی ہے جو اس وقت خیبر پختونخوا میں ایک قیامت برپا ہے۔ لوگ جس اذیت سے گزر رہے ہیں تو ماشاء اللہ باقی تو میں کچھ نہیں کہوں گا۔ اس پر دوستوں نے بڑی تفصیلاً بات کی۔ پہلی مرتبہ یہ آفت اور یہ عذاب اس ملک میں نہیں آیا۔ دنیا میں یہ آتے رہتے ہیں لیکن دنیا اس سے سیکھتی ہے۔ دنیا اس میں سیکھنے کے بعد پھر اس پر کام بھی کرتے ہیں اور اپنے لوگوں کو محفوظ کرنے کے لیے اس پر بڑے کام ہوتے ہیں لیکن پتا نہیں کیوں یہاں پر جب earthquake آیا تھا اس کے بعد بھی ہم نے کچھ بھی نہیں سیکھا۔ اسی ایوان میں 2022 میں اسی floor پر ہم لوگ کھڑے تھے اور ہم چلا رہے تھے کہ یہ آفت ہے پھر آئے گا، پھر آئے گا اور پھر آئے گا لیکن صرف TV کی حد تک پھر وہ بات کروں گا۔ یہاں اچھی اچھی تقریریں کرنے کی حد تک ہم بڑی دلچسپی لے لیتے ہیں اور پھر ہم اپنے voters کو دکھاتے ہیں اور اپنے علاقے میں دکھاتے ہیں کہ ہم آپ کے لیے بولے ہیں۔ بولنے سے کیا ہوتا ہے۔ آپ پورا دن بولتے رہے ہیں۔ اس کے اوپر پورا مہینے تک آپ debate کرتے رہو لیکن اگر آپ implementation کی طرف نہیں جائیں گے۔ اس سے آپ سبق نہیں سیکھیں گے تو ہمارا حال اس سے بدتر ہوگا۔ 2022 میں جو سیلاب آیا تھا۔ سندھ اور بلوچستان کو جو hit کیا تھا۔ اس کے بعد ہم نے یہی کہا تھا کہ NDMA سے وہ رپورٹ منگوائی جائے تو میرا خیال ہے کہ آج تک NDMA کی طرف سے کوئی رپورٹ ہمارے سامنے آئی بھی نہیں ہے۔ Billions of Dollars آئے۔ ورلڈ بینک نے دیے لیکن وہ کہاں خرچ ہوئے۔ چاہے سندھ میں خرچ ہوئے یا بلوچستان میں خرچ ہوئے یا کہیں اور خرچ ہوئے۔ تو اس کے بارے میں بھی یہاں پر detail لانی چاہیے۔ اس detail کو اس ایوان میں رکھنا چاہیے۔

اگر میں 2022 کے حوالے سے صرف بلوچستان کی بات رکھ لوں۔ وہاں پر جو لوگ اذیت سے گزرے تھے اور وہاں پر جو roads ٹوٹے تھے، جو زراعت اور livestock کے حوالے سے نقصانات ہوئے تھے۔ ان پیسوں کے بارے میں یہ کہا گیا تھا کہ جہاں پر نقصانات ہوئے ہیں ہم گھر بھی بنا کر دیں گے۔ تو آپ وہ detail تو منگوالیں کہ کتنے گھر بنے ہیں بلوچستان میں۔ کتنے

زمینداروں کو facilitate کیا گیا۔ Livestock کی جو تباہی ہوئی ہے اس میں کتنے لوگ facilitate ہوئے۔ جو جانی نقصانات ہوئے تھے لیکن پھر آج ہم اسی ایوان میں اسی طرح کے مسائل پر بات کر رہے ہیں۔ آج وہ قیامت خیبر پختونخوا کے اضلاع میں برپا ہے۔ ایک ایک خاندان جو 22,22 and 23,23 لوگوں کا تھا اب اس میں ایک بندہ رہ گیا باقی سارے شہید ہو گئے۔ پتا بھی نہیں چل رہا کہ وہ ہے کہاں، کس پتھر کے نیچے ہے۔ کس مٹی کے نیچے ہے۔ تو آپ اس ایک فرد سے پوچھیں جس کا پورا گھر تباہ ہوا۔ یہاں تو ہم بات کر لیتے ہیں۔ لیکن اس کے لیے ہم نے کیا کیا ہے۔ جیسے دوستوں نے بات کی۔ صرف دعا، دعا سے کام نہیں چلے گا۔ ہم نے عملی کام کرنے ہوں گے۔ اگر واقعی ہماری نیت کرنے والی ہے۔ اگر ہماری نیت اسی طرح رہی جس طرح 2022 کے سیلاب کے بعد رہی تھی تو پھر یہی حال ہوگا۔ اسی طرح کے سیلاب آئیں گے۔ اسی طرح کے خدانخواستہ اور عذاب آئیں گے۔ اسی طرح ہمارے اجلاس ہوں گے۔ اسی طرح ہم اس کے لیے دعائیں کریں گے۔ مغفرت کے لیے دعائیں کریں گے۔ جناب چیئرمین! ایسا نہیں ہے۔ خدارا! خدارا! ان لوگوں پر رحم کریں۔ بہت ہوا۔ جتنا بھی ہونا تھا لیکن آئیں اور سر جوڑ کر اس چیز کو ہم آگے لے جائیں۔ ان 25 کروڑ عوام کے لیے، اب وہاں پر جو لوگ اس وقت بے گھر بیٹھے ہوئے۔ وہ کس کے آسرے پر بیٹھے ہیں۔ وہ اسی ریاست کے آسرے پر بیٹھے ہوئے ہیں کہ ریاست یا وہاں پر جو حکومت ہے یا ہم جو یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں ہم ان کے لیے کچھ کریں گے۔ ہم تو باتیں بہت اچھی کر لیتے ہیں لیکن کبھی ہم اس طرف گئے نہیں ہیں۔ Cloudburst ایک نئی چیز سامنے آئی۔ Climate Change کے حوالے سے ہم نے کیا کیا ہے۔ اس وقت دنیا اس کی زد میں ہے۔ کیا پاکستان نے اس کے حوالے سے کوئی کام کیا ہے۔ آج یہاں پر Minister of Climate Change کو ہونا چاہیے تھا۔ اس کو بیٹھنا چاہیے تھا۔ یہ اس سے related topic تھا۔ کم از کم ہم ان سے جواب تو مانگ سکتے تھے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب جواب دیں گے۔

سینیٹر منظور احمد: صوبہ بلوچستان میں جو radar لگا ہوا ہے جو مجھے یاد پڑتا ہے میرا خیال ہے کہ وہ بابا آدم کے زمانے کا لگا ہوگا۔ وہ مجھے کیا forecast بتائے گا۔ تو جب آپ صوبوں میں radars بھی نہیں دینا چاہ رہے ہو۔ کم از کم موسمیات کے حوالے سے دنیا اسی چیز کو follow کر

کے آگے گئی ہے۔ ہم ویسے کے ویسے ہی ہیں اور ہم کرنا بھی نہیں چاہتے۔ تو پھر یہاں آکر ہم روتے ہیں اور یہاں آکر اگر ہمارا رونا بھی ہوتا، کاش کہ یہ پورا ہال بھرا ہوتا پھر مزا آتا۔ ہر ایک نے اپنی point scoring کرلی اور باہر نکل کر چلے گئے۔ اب جا کر کسی کافی شاپ میں بیٹھے ہوں گے۔ اس طرح چلتا ہے، اس طرح ہوتا ہے؟ خدارا! چاہے وہ اپوزیشن ہو چاہے وہ treasury ہو اس وقت جو لوگ عذاب میں پھنسے ہوئے ہیں۔ ہم نے ان کے حوالے سے سوچنا ہوگا۔ NDMA کو تو آپ بلا لیں۔ ان سے تو آپ رپورٹ لے لیں۔ 2018 سے جو فنڈ آ رہا ہے۔ ان سے تو آپ detail لے لیں کہ پنجاب میں آپ نے کتنا کیا، سندھ میں کتنا کیا، بلوچستان میں کتنا کیا اور خیبر پختونخوا میں کتنا کیا۔ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا۔ آج تک ہم نے کوئی سزا اور جزا رکھا ہی نہیں ہے۔ لوگ لوگوں کی زندگیوں سے کھیل رہے ہیں۔ اسی disaster میں اور اسی floods میں ایسے ایسے کیس ہمارے سامنے آئے ہیں کہ لوگوں کے گھروں سے ان غریبوں کا جن کے اوپر آفت آئی ہوئی تھی ان کا سامان وہاں سے نکلا ہے۔ تو کیا اس کے اوپر ہم نے کوئی عمل کیا۔ ان کو کوئی سزا دی۔ کوئی FIR lodge ہوئی۔ ایسے کچھ بھی نہیں ہوگا۔ اس کے حوالے سے ہمیں سوچنا ہوگا۔ آئیں اور مل کر ابھی بھی ہمارے پاس وقت ہے۔ ملک کے لیے کام کریں۔ ان 25 کروڑ عوام کے لیے کام کریں۔

جناب چیئرمین! صرف آپ کے ایک دو منٹ اور لوں گا۔ بلوچستان میں کل ایک واقعہ ہوا تھا۔ خاص کر ایک عثمان قاضی کے نام سے جو لیکچرار تھا۔ بشیر زیب کے حوالے سے جو BLA تنظیم چلا رہا ہے۔ اس کے حوالے سے جو BUITEMS کا پروفیسر ہے، جو لیکچرار ہے وہ گرفتار ہوتا ہے سہولت کاری میں۔ یعنی لیکچرار Grade-18 کا آفیسر، اس کی wife وہ بھی گورنمنٹ آفیسر، اس کی والدہ ریٹائرڈ ہیں اور پینشن آ رہی ہے۔ پھر یہاں بھی ہم کہتے ہیں کہ محرومیاں ہیں۔ پھر ہم کہتے ہیں کہ unemployment ہے۔ پھر ہم کہتے ہیں، کچھ اور نام دے دیتے ہیں۔ آزادی کا نام دے دیتے ہیں۔ کیا جو لیکچرار تھا۔ اس کو کس چیز کی کمی تھی۔ آپ کو اس ریاست نے اتنی عزت دی۔ PhD بھی آپ نے یہیں کی۔ سب کچھ یہیں کیا اور ریلوے سٹیشن کے واقعے کو own کرتا ہے جس میں سو کے قریب ہمارے شہداء ہیں۔ جن میں عام civilians بھی ہمارے ہیں۔ اس میں خواتین اور بچے سب تھے۔ تو یہ دورائے پھر کیوں ہوتی ہے۔ خواتین کو target killing کے لیے بھیجا جاتا ہے۔

پھر کہتے ہیں کہ محرومی ہے۔ پھر کہتے ہیں کہ ہمارے علاقے میں روڈ نہیں ہے۔ ہمارے علاقے میں یہ نہیں ہے۔ جناب چیئر مین! یہ کوئی آزادی والی لڑائی نہیں ہے۔ جس کے ایجنڈے پر کام ہو رہا ہے۔ یہ اسی کے لیے کام ہو رہا ہے۔ بلوچستان کو نقصان دینا اور پاکستان کو نقصان دینا ہے لیکن بروقت جو کارروائی ہوئی اب اور بھی انکشافات سامنے نظر آئیں گے۔ اب اور بھی چیزیں ہمارے سامنے نظر آئیں گی۔ اسی طرح امریکہ نے، جو ایک دہشت گرد تنظیم تھی، جو پہلے کچھ اور آزادی کا نام تھا اس پر بھی ban لگایا کہ یہ دہشت گرد ہے۔ تو یہ چیزیں جو سہولت کاری ہے، جو اپنے ملک کو بدنام کرنا، اپنے ملک کو نقصان پہنچانا اور دوسرے ملک کے ایجنڈے کے لیے یہاں پر کام کرنا۔ جناب چیئر مین! میں مبارک باد دیتا ہوں اپنے اداروں کو، میں مبارک باد دیتا ہوں بلوچستان کی forces کو اور میں تمام لوگوں کو مبارک باد دیتا ہوں۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر سرمد علی صاحب۔

**Senator Sarmad Ali**

سینیٹر سرمد علی: جناب چیئر مین! شکریہ۔ سب سے پہلے تو آپ کو مبارک باد۔ اس کرسی پر آپ کو دیکھ کر بہت خوشی ہوئی۔ ہم یہ سوچ رہے ہیں کہ آپ سے کوئی گُر سیکھیں تاکہ ہم بھی اس کرسی پر آکر بیٹھ سکیں۔

جناب چیئر مین! ہم خیبر پختونخوا کی بات کر رہے ہیں جہاں سیلاب کی وجہ سے آفت آئی ہوئی ہے لیکن ہمیں آزاد کشمیر کی بھی بات کرنی چاہیے، ہمیں گلگت بلتستان کی بھی بات کرنی چاہیے۔ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کی گو کہ یہاں پر نمائندگی نہیں ہے لیکن وہ بھی پاکستان کا اتنا ہی حصہ ہے جتنا خیبر پختونخوا، پنجاب، سندھ یا بلوچستان ہیں۔ وہاں پر بھی آفت آئی ہوئی ہے۔ گلگت بلتستان میں بھی آفت آئی ہوئی ہے۔ ابھی ہم نے بات کی کہ یہ قدرتی آفت ہے اور یہ climate change کی وجہ سے آرہی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ آفت climate change کی وجہ سے آرہی ہے لیکن ان علاقوں میں جن کی ہم بات کر رہے ہیں، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر اور بالخصوص خیبر پختونخوا کی، وہاں پر یہ ایک قدرتی آفت کے ساتھ ساتھ انسانی آفت بھی ہے۔ یہ ایک man-made آفت بھی ہے جس کو انسان نے خود وہاں بنایا ہے۔

کل کے 'دی نیوز' اخبار میں ارشد عزیز ملک کی ایک خبر تھی جس کے مطابق پچھلے تیس سالوں میں پاکستان میں اٹھارہ فیصد جنگلات کم ہوئے ہیں۔ تیس سال پہلے یہ جنگلات تقریباً 3.78 ملین ہیکٹرز پر مشتمل تھے جو کہ اب 3.09 ملین ہیکٹرز رہ گئے ہیں۔ تقریباً 11ہزار ہیکٹرز سالانہ کے حساب سے جنگلات میں کمی آرہی ہے۔ ان جنگلات میں سب سے زیادہ کمی خیبر پختونخوا میں آئی ہے۔ ابھی آفریدی صاحب نے بڑی اچھی بات کہی۔ انہوں نے خود ہی سوال پوچھا کہ 'بلین ٹری سونامی' کہاں ہے۔ میں بھی ان سے اور اپنے دوستوں سے جو اس طرف بیٹھے ہیں، یہی سوال پوچھتا ہوں کہ 'بلین ٹری سونامی' کہاں گئی؟ وہ درخت کہاں لگائے گئے؟ کیا کسی نے وہ درخت دیکھے ہیں؟ انہوں نے سوال پوچھا کہ کیا کسی نے وہ درخت دیکھے ہیں۔ میں بھی یہی سوال پوچھتا ہوں کہ کیا کسی نے وہ درخت دیکھے ہیں جو وہاں لگائے گئے یا شاید لگائے ہی نہیں گئے اور ہمیں کہہ دیا کہ ملین کی جگہ کوئی تین چار extra zeros لگا کر بلین کر دیا گیا۔

سب سے زیادہ اور اہم مسئلہ tourism کے حوالے سے ہے۔ آپ نے دریاؤں کے اوپر ہوٹل بنا دیے ہیں۔ آپ نے دریا کے کناروں پر ہوٹل بنا دیے جہاں پر ہوٹل بنانے کی اجازت ہی نہیں ہونی چاہیے۔ اس کے بعد جب 2022 میں ہوٹل گرا، ابھی روبینہ خالد صاحبہ بتا گئیں کہ اس سے چار گنا بڑا ہوٹل اسی جگہ پر بنا دیا گیا اور نجانے کتنے ہوٹل بنائے جا رہے ہیں، انہیں NOC دیا جارہا ہے، کیا کسی نے سوچا ہے کہ انہیں کس basis پر NOC دیا جارہا ہے۔ اس کا environmental impact کیا ہے۔ جس جگہ وہ چیز بنائی جارہی ہے، کیا وہ اس کا impact لے سکے گی یا نہیں اور اس کی وجہ سے کتنے لوگوں کی جانیں ضائع ہوں گی۔

اٹھارہ منزلہ عمارت، نتھیا گلی میں بنائی جارہی ہے۔ کراچی، لاہور، اسلام آباد یا پشاور جیسے شہروں میں جب ہم اٹھارہ منزلہ عمارت بنانے کے بارے میں سوچتے ہیں تو اس پر پچاس بار غور کیا جاتا ہے کہ یہ شہر اس عمارت کو sustain کر سکیں گے۔ نتھیا گلی میں اٹھارہ منزلہ عمارت بنائی جارہی ہے، کسی نے سوچا کہ نتھیا گلی ہے کیا؟ کیا وہ کوئی میدانی شہر ہے یا ایک پہاڑی علاقہ ہے جہاں پر ہم یہ عمارت بنانے جارہے ہیں۔ کچھ خوفِ خدا کیجیے، پیسے بہت کما لیے، چھوڑ دیں پیسا کمانا، ہوٹلوں کو

NOC دینااور اس طرح سے بڑی بڑی عمارتوں کو NOC دینا۔ لوگوں پر کچھ رحم کریں جو وہاں رہیں گے، جو وہاں آئیں گے اور تباہ کاری کا شکار ہوں گے، ان پر رحم کیجیے۔

سال 2022 میں floods کی وجہ سے خیبر پختونخوا کے اندر 326,000 گھر تباہ ہوئے تھے۔ میں یہ سوال پوچھنا چاہوں گا کہ وہاں کتنے گھر بنائے گئے ہیں۔ اگر کسی صوبے میں بنائے جا رہے ہیں تو وہ 2.1 ملین گھر ہیں جو کہ سندھ میں سندھ پیپلز ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے تحت بنائے جا رہے ہیں۔ ان میں تقریباً آٹھ سے نو لاکھ گھر مکمل ہو چکے ہیں لیکن خیبر پختونخوا میں تو 326,897 گھر destroy ہوئے، کیا ان میں سے ایک گھر بھی بنا ہے۔ بات ہو رہی تھی کہ capacity ہے یا نہیں ہے؟ اصل بات competence کی ہے۔ خیبر پختونخوا میں competence نہیں ہے۔ وہاں اس وقت جو حکومت ہے، اس میں competence ہی نہیں ہے۔ وہاں کے جو چیف منسٹر ہیں، اگر حملہ آوری سے فارغ ہوں اور انہیں وقت ملے تو وہ لوگوں سے ملیں اور معلوم کریں کہ وہاں پر کیا ہو رہا ہے۔ میرے خیال میں صحیح تجویز دی گئی کہ وفاقی حکومت کو خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی declare کر دینی چاہیے۔ وہاں فلڈ ایمرجنسی declare کریں۔ اس کے ساتھ وہاں پر National Disaster Management کی بات ہو رہی ہے، پہلے PDMA سے پوچھیں کہ وہ وہاں کیا کر رہی ہے۔ صوبائی حکومت وہاں کیا کر رہی ہے، NDMA کی تو ہم بعد میں بات کریں گے۔ NDMA کو چاہیے کہ خیبر پختونخوا میں جا کر PDMA کی چیزیں بھی لے لے۔

چترال میں ٹمبر مافیا نے 3,700 ہیکٹرز پر مشتمل جنگلات destroy کیے ہیں۔ جو سب سے زیادہ illegal timber کٹتا ہے، وہ لوئر چترال میں کٹتا ہے۔ لوئر چترال میں غیر قانونی طور پر کاٹی گئی لکڑی کا حجم کوئی دس لاکھ مربع فٹ بنتا ہے۔ ذرا سوچیں کہ وہاں کیا ہو رہا ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ وہ خود ٹمبر مافیا ہیں، جب آپ خود ٹمبر میں involve ہوں گے تو کس طریقے سے روکیں گے؟ جب آپ خود ہوٹل بنانے میں involve ہوں گے تو کس طریقے سے روکیں گے؟ جب buildings بنانے میں involve ہوں گے تو کس طریقے سے روکیں گے؟ یہاں competence کا issue ہے۔ اپنی competence کو improve کیجیے اور ان چیزوں سے نکلیے کہ آپ اپنے ذاتی مفادات پر قوم اور صوبے کے مفاد کو قربان کر دیں۔

دوسری چیز جو میں یہاں پر کہنا چاہوں گا، کل حامد میر صاحب کی ایک ٹویٹ تھی جس میں انہوں نے لکھا ہے کہ اسلام آباد اور ٹیکسلا کے درمیان پہاڑوں کو کاٹ کاٹ کر ان کا پتھر سیمنٹ فیکٹریوں کو دیا جارہا ہے۔ اس پہاڑ خوری کا نتیجہ لینڈ سلائیڈنگ اور سیلابی ریلوں کی صورت میں نکلے گا۔ سیمنٹ فیکٹریوں کو اس سے روکنا چاہیے اور Islamabad Capital Territory کو اس پر action لے کر اس کو فوری طور پر ختم کرنا چاہیے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت بہت شکریہ۔ سینیٹر عبدالواسع صاحب۔

**Senator Abdul Wasay**

سینیٹر عبدالواسع: جناب چیئرمین! شکریہ۔ سب سے پہلے آپ کو اس نشست پر بیٹھنے کی مبارک باد دیتا ہوں۔ مجھے خوشی ہوئی ہے۔ بات یہ ہے کہ خیبر پختونخوا میں جو سیلاب آیا ہے، یہ قدرتی آفت ہے اور آفات آتی رہتی ہیں۔ اس حوالے سے ہم کسی کو موردِ الزام نہیں ٹھہرا سکتے اور نہ ہی اس کے آنے پر ہم کسی کے خلاف بات کرتے ہیں۔ اس معاملے پر سیاست نہیں کرنی چاہیے۔

جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ جب آفت آجاتی ہے تو اس کے بعد اس بات پر غور کیا جاسکتا ہے کہ اب آفات کے لیے ہمارے پاس ایک باقاعدہ محکمہ ہے۔ اس محکمے کے پاس باقاعدہ فنڈز ہوتے ہیں۔ ہر سال قدرتی آفات کے لیے بجٹ میں فنڈز رکھے جاتے ہیں۔ اس بات پر غور کرنا چاہیے کہ ہم اس کو کس طرح cover کر سکتے ہیں اور کس طرح لوگوں کی بحالی کے لیے کوشش کر سکتے ہیں۔

جناب! میں بات کو لمبا نہیں کرنا چاہتا، میں اس حوالے سے 2022 کی طرف جاؤں گا۔ سال 2022 میں ہم پر جو آفات آئیں، خاص طور پر بلوچستان میں ایک بہت بڑا سیلاب آیا، آپ خود بلوچستان کے رہنے والے ہیں، سندھ میں سیلاب آیا۔ دوسرے صوبوں، پنجاب کے بھی کچھ علاقوں میں آیا۔ اس وقت کے پرائم منسٹر کے ساتھ اکثر و بیشتر دوروں میں، میں خود وہاں گیا اور صورت حال دیکھی۔ اس وقت سے اب تک ان لوگوں کی بحالی کا کوئی کام نہیں ہوا۔ میں ایک گلہ کرتا ہوں، میں اس پر ناراض نہیں ہوں کہ سندھ کے بھائیوں کے ساتھ ایسا کیوں ہوا لیکن جو کچھ یہاں کسی کا بس چلتا تھا اور کسی کی power ہوتی تھی تو صوبہ سندھ کی حکومت کو یہاں سے بھی اربوں روپے ملے اور وہاں سے بھی تو اس طرح انہوں نے وہاں پر لوگوں کو facilities دیں، گھر بنوا کر دیے اور انہوں

نے بحالی کے لیے کافی حد تک کام کیا لیکن لاوارث صوبہ بلوچستان جو تھا، اب تک اگر کسی کا گھر گرا ہوا تھا، جو وہاں سروے ہو چکے تھے اور جو رپورٹیں تیار ہو گئی تھیں، اب تک وہ رپورٹوں کی حد تک ہے۔ اس وقت جو لوگ فوت ہو چکے تھے یا شہید ہو چکے تھے تو انہیں کچھ مل گیا لیکن اس کے علاوہ ابھی تک کسی کو مال مویشی کے حوالے سے کچھ بھی نہیں ملا ہے۔ جو وہاں گھر گر گئے تھے یا تباہ ہو گئے تھے، انہیں بھی کچھ نہیں ملا ہے۔ وہاں زمینیں، باغات، فصلیں یا جو infrastructure تباہ ہو گیا تھا، سڑکوں کے حوالے سے جو تباہی ہوئی تھی، اس حوالے سے ابھی تک کچھ نہیں ہوا ہے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ ابھی میری معلومات کے مطابق اور جو ہم سن رہے ہیں کہ پتا نہیں بلوچستان میں دو سالوں میں کوئی 30 ارب روپے ملے ہیں لیکن جتنا بھی ملا ہو، ابھی تک بلوچستان حکومت یا وفاقی حکومت نے وہاں کچھ خرچ نہیں کیے ہیں۔

اب میری تجویز یہ ہے کہ اگر اس دفعہ بھی اسی طرح صورت حال رہی اور خیبر پختونخوا میں تو بہت بڑی آفت آئی جو 2022 کی آفت سے زیادہ ہے، ابھی کتنے لوگ مرے ہیں، کتنے لوگ شہید ہو چکے ہیں اور کتنے زخمی ہو چکے ہیں، وہ سیکڑوں کی تعداد سے ہیں۔ میں دیکھ رہا تھا کہ Federal Government نے اس مقصد کے لیے 50 کروڑ روپے release کر دیے۔ وہاں 600 یا 700 لوگ شہید ہو چکے ہیں، 1500 سے 2000 کے قریب لوگ زخمی ہو گئے ہیں، ان کی املاک کا کیا ہوا ہے، آپ ان کے گھروں کی حالت دیکھیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر 50 کروڑ روپے سے ہم ان لوگوں کی بحالی یا ان سے کوئی تعاون کر سکتے ہیں تو یہ ناممکن ہے۔ اس حوالے سے حکومت پاکستان اور خاص طور پر NDMA جو اس طرح کا ادارہ ہے کہ نہ وہ میری رسد میں ہے، نہ آپ کی رسد میں، نہ آپ سے پوچھتے ہیں اور نہ کسی اور سے پوچھتے ہیں۔ وزیراعظم صاحب سے بھی پوچھتے ہیں یا نہیں پوچھتے، یہ بھی مجھے پتا نہیں ہے۔ اس حوالے سے میں سمجھتا ہوں کہ خدارا مرکزی حکومت فوری طور پر ان کے لیے ایک بڑا فنڈ مختص کرے۔ طویل مدتی منصوبے چھوڑیں اور ابھی فوری طور پر بحالی کے لیے کام کریں۔ وہ اربوں اور کھربوں روپے مانگتے ہیں اور وہ خرچ کر کے پھر شاید لوگوں کے لیے کچھ مداوا ہو سکے۔

جناب ! اسی طرح صوبائی حکومت کے اقدامات بھی ناکافی ہیں۔ میں پی ٹی آئی کے دوستوں کو یہی کہتا ہوں کہ وہ اپنی حکومت سے بھی احتجاج کر لیں کہ وہ ان پر بھی توجہ دے کیونکہ آج جب میں دیکھ رہا تھا تو جماعت اسلامی والوں کے ہاتھوں میں جو کچھ تھا، وہ اسے تقسیم کر رہے تھے لیکن ابھی تک صوبائی حکومت یا مرکزی حکومت کی طرف سے کوئی بھی چیز نظر نہیں آ رہی تھی۔ اس حوالے سے میری تجویز یہ ہے کہ لوگوں پر 2022 کی آفت سے جو گزرنی تھی، وہ گزر گئی۔ ابھی کچھ اضلاع میں لوگ جو گھر بنا رہے ہیں، چار سال گزرنے کے بعد انہوں نے پیسا ادھار لے کے اپنے گھروں کی دوبارہ تعمیر کروائی اور اپنے رہنے کے لیے کوئی دو، چار کمرے بنا دیے ورنہ چار سال کون انتظار کر سکتا تھا لیکن اب وہ کہتے ہیں کہ نہیں ہم آپ کو گھر بنا کر دیں گے۔ حکومت نے کچے گھر کے لیے دو لاکھ اور پکے گھر کے لیے چار لاکھ دینے کا فیصلہ کیا ہوا ہے لیکن نہ وہ دو لاکھ دیتے ہیں اور نہ چار لاکھ۔ لوگ کہتے ہیں کہ انہوں نے جو ادھار کر کے، جو لوگوں سے قرضے لے کے اور اپنا نقصان کر کے جو گھر بنایا، اس کی ادائیگی کس طرح ہو گی۔ میرا خیال ہے لوگوں کی خاطر اور ان کے کام کے لیے انہیں پیسے دیے جائیں۔ آفت اور آفت زدہ جو امداد ہے، اس میں بھی پتا نہیں کہ ہمارے لوگ اپنا 40 یا 50 per cent نکال لیتے ہیں اور پھر انہیں پیسے دے دیتے ہیں۔ ایوان اور حکومت یہ فیصلہ کرے کہ اس کی مکمل نگرانی کی جائے۔ اس کے ساتھ، ساتھ میں یہ کہتا ہوں کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں قدرتی آفت کے ساتھ ہم پر جو دہشت گردی مسلط ہے، اس کے مداوا کے لیے بھی لوگوں سے تعاون کیا جائے کیونکہ لوگ بے گھر ہو رہے ہیں۔ یہ تو قدرتی آفت ہے لیکن جو لوگ دہشت گردی اور آپریشنوں سے بے گھر ہو رہے ہیں، ان کے لیے بھی تعاون درکار ہے اور ان کا بھی تعاون کیا جائے، شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جی سینیٹر شہادت اعوان۔

**Senator Shahadat Awan**

سینیٹر شہادت اعوان: بہت شکریہ، جناب چیئرمین صاحب ! سب سے پہلے تو آپ کو مبارک باد اور جس طریقے سے آپ نے ہاؤس میں پاکستان اور خاص کر بلوچستان کی نمائندگی کی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ آج یہ اس کا صلہ ہے کہ بحیثیت پاکستانی شہری آپ کو اس ملک اور قوم نے اس منصب پر بٹھایا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس کے لائق تھے اور دوبارہ تمام دوستوں کی طرف سے آپ کو دلی مبارک باد۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر شہادت اعوان: جناب !آج ایک اہم مسئلہ پر میرے ایک دیرینہ ساتھی ایڈوکیٹ امیر زیب خان خان خیل صاحب نے توجہ دلائی ہے۔ وہ یہ ہے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ جو دریائے سوات ہے، وہ مہوڈنڈ سے لے کر کالام ویلی، پھر اسریت ویلج سے ہوتا ہوا قیدام سے لے کر مدین تک آتا ہے۔ جو دریا ئے سوات ہے، اس پر وہاں کے لوگ کاروبار کرتے ہیں اور وہاں ان کی رہائشیں ہیں۔ اس وجہ سے ملکی اور غیر ملکی سیاح وہاں آتے ہیں جس سے ملک کو زرمبادلہ حاصل ہوتا ہے۔ ماضی قریب میں PEDO نے وہاں تین پروجیکٹ بنانے کا منصوبہ تیار کیا۔ پہلا پروجیکٹ کالام ۔اسریت، دوسرا پروجیکٹ اسریت اور تیسرا مدین ہائیڈروپاور پروجیکٹ ہیں۔ ان projects کی وجہ سے اگر کوئی tunnel بنالی جاتی جیسے کالام سے لے کے اسریت ویلج تک، اسریت سے لے قیدام تک اور قیدام سے لے کر مدین تک تو اس کا مطلب یہ ہے کہ دریائے سوات جو اس ملک کا حسن ہے، وہ بالکل خشک ہو جاتا۔ وہاں جب public hearing ہوئی تو وہاں کے لوگوں نے اس پر احتجاج کیا کہ یہ پروجیکٹ شروع نہ کیے جائیں۔ میں اس موقع پر صرف دو الفاظ یہ کہنا چاہتا ہوں کہ Senate Standing Committee on Power میں Minister for Power and Secretary, Power Division نے یہ چیز واضح کی چونکہ یہ پروجیکٹ ورلڈ بینک کے مالی تعاون سے بننا تھا تو انہوں نے اسے Indicative Generation Capacity Expansion Plan (IGCEP) سے نکال دیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک خوش آئند بات ہے اور میری صرف یہ گزارش ہے کہ آئندہ کوئی پروجیکٹ شروع کرنے سے پہلے یہ دیکھا جائے کہ وہاں کے عوام میں بے چینی تو نہیں پائی جائے گی اور کیا ہمارے لوگوں کے لیے یہ پروجیکٹ موضوع ہے یا نہیں ہے۔ میں شکر گزار ہوں وزیر صاحب کا کہ انہوں نے بروقت اعلان کرکے کہا کہ آنے والے 10 سالوں میں اس پروجیکٹ کو خارج کر دیا گیا ہے تاکہ وہاں کے لوگ سکون کے ساتھ اپنا کاروبار کر سکیں گے، شکریہ۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر ایمل ولی خان۔

**Senator Aimal Wali Khan**

سینیٹر ایمل ولی خان: شکریہ، جناب چیئرمین! حقیقت ہے جیسے سب بول رہے ہیں اور میں بھی آج سمجھ رہا ہوں کہ سینیٹ میں ایک تاریخی دن ہے کہ جس دو قومی نظریے کے تحت یہ ملک آزاد ہوا تھا، اس ملک میں انتہاپسندی کی شدید لہروں میں یہ جو روشنی ہمیں دکھ رہی ہے تو ہم ایسی روشنیاں دیکھ کر بڑے خوش ہوتے ہیں۔ حقیقتاً آج میری طرح تمام تر یا زیادہ تر پاکستانیوں کا سر فخر سے اونچا ہوگا کہ آج ہمارےUpper House, Senate کو آپ Chair کر رہے ہیں اور الحمد للہ کھل رہے ہیں۔ یہ ہمارے لیے بڑے فخر کی بات ہے۔ میں اس motion پر بات کروں گا اور آپ کی اجازت سے تھوڑا سا اس سے انحراف بھی کروں گا۔ میں سب سے پہلے یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ پاکستان آفتوں کا ایک ڈھیر بن چکا ہے اور وہ آفات اس دفعہ تو ہمcloud burst کی بات کر رہے ہیں لیکن ہر سال جب Monsoon کا season آتا ہے تو ہم سیلابوں کی باتیں کر رہے ہوتے ہیں۔ کچھ سال یہ شرح زیادہ ہو جاتی ہے اور کچھ سال یہ کم ہو جاتی ہے۔

جناب والا! میں آپ کے notice میں سب سے پہلے یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ سینیٹ کی کیا حیثیت ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ کسی سکول یا کالج میں تقاریر کا جو مقابلہ ہوتا ہے، اس کی شاید سینیٹ سے زیادہ حیثیت ہو، اس میں جو اچھی تقریر کرتا ہے اسے کم از کم ایک انعام تو مل جاتا ہے۔ یہاں تقاریر کرتے جائیں، لوگ سنیں گے، عوام بھی ٹی وی پر سنیں گے اور حکومت بھی ماشاء اللہ ٹی وی پر سنے گی۔ جناب والا! یہ کرسی کی تذلیل ہے، یہ سینیٹ ہے، تین گھنٹے کا اجلاس جو شام کے پانچ بجے بلایا جاتا ہے، آٹھ بجے اس کی حالت یہ ہے کہ اجلاس چل رہا ہے اور ایک بھی وزیر موجود نہیں ہے، ایک بھی Advisor موجود نہیں ہے جہاں Ministers and Advisors کی قطاریں لگی ہیں۔ ایک اچھے poultry farm میں اتنے انڈے نہیں ملیں گے جتنے آپ کو پاکستان میں Ministers and Advisors ملیں گے۔ آپ بھی کہہ رہے ہیں کہ بہت سنجیدہ بات ہے اور میں دونوں طرف سے ایک ایک ممبر کو بات کرنے کا موقع دوں گا۔ اللہ کرے یہ حکومت تصاویر کے ذریعے ہماری بات سن لے۔ جناب والا! پاکستان کی تاریخ میں editing کا مزہ اتنا آگیا ہے کہ میری سینیٹ کے floor پر پچھلی تقریر edit ہوئی پڑی ہے۔ آزادی اظہارِ رائے کے حالات یہ ہیں کہ اُس دن کوئی الفاظ expunged نہیں ہوئے ہیں اور میں اپنی یہ توہین سمجھتا ہوں، میں اس سینیٹ کی

توہین سمجھتا ہوں۔ اگر میں چاہوں تو میں عدالت بھی جاسکتا ہوں کیونکہ as a Senator this is my ultimate right, میرے پاس الحمدللہ کوئی اور اختیار نہیں ہے، میرے پاس کیا سینیٹ کے پاس نہیں ہے تو جو ایک اختیار ہم نے اس platform کو دیا ہے، اپنی تقاریر کرنے کا مقابلہ بنایا ہوا ہے، ہماری تقاریر official website سے کاٹی جاتی ہیں۔ میں اس تاریخی دن یہ التجا کروں گا کہ اس کرسی کے پاس بہت طاقت ہے۔ کاش! ایک دن میں اس کرسی پر بیٹھوں، میں بتاؤں گا کہ اس کرسی کے پاس کیا طاقت ہے، پھر ادھر تقاریر نہیں ہوں گی، سیدھی لکھائی ہو گی، مسئلے حل ہوں گے۔ جناب والا! ایک notice لے لیں کہ سینیٹ کی official تقاریر کیسے کاٹی جاتی ہیں، یہ تو حد ہے۔

جناب والا! اب میں اپنی بات کی طرف آتا ہوں کیونکہ تقریری مقابلوں میں کچھ نہیں ہوتا، ہم نے صرف باتیں ہی کرنی ہوتی ہیں۔ میں پوری قوم کی وکالت کرتے ہوئے یہ سوال پوچھنا چاہتا ہوں کہ NDMA and PDMA کیا ہیں، کس لیے ہیں اور ان کا کیا کردار ہے؟ کیا NDMA اس لیے بنایا گیا ہے کہ جب بونیر اور سوات میں سیلاب آئے گا تو video میں ہے کہ NDMA والے وزیراعظم صاحب کو briefing دے رہے ہیں لیکن وہ سوات اور بونیر میں نہیں ہیں، what is this? PDMA کدھر ہے؟ میں یہ سوال بھی پوچھنا چاہتا ہوں کہ قوم کو واضح ہو جائے کہ وفاقی حکومت نے پختونخوا کی Rescue 1122 کے کچھ اثاثہ جات پر قبضہ کیا ہوا ہے، ان پر کیوں قبضہ کیا گیا ہے اور وہ واپس کیوں نہیں دے رہے؟ ہم سمجھتے ہیں کہ جب آفات زیادہ ہوں تو حکمران بھی اپنے گریبانوں میں دیکھ لیں اور عوام بھی ذرا اپنے گریبانوں میں دیکھ لیں۔ Cloudburst is not a normal thing I understand, یہ ایک آفت ہے، شاید ان لوگوں نے یہ term ابھی سنی ہو گی، ہم تو بچپن سے سنتے ہیں کہ یہ پانی کا تندر ہے۔ ہماری پختون تاریخ میں تین قسم کے 'تندر' ہیں، ایک آنکھ کا ہے، ایک بجلی کا ہے اور ایک پانی کا ہے، یہ کوئی نئی چیز نہیں ہے۔ ہماری language میں اس کے لیے ایک term ہے، ایک concept ہے۔ ہم سالانہ سیلابوں سے نہیں بچ پاتے، ہر سال سیلاب آتے ہیں تو اس ملک کے بے چارے عوام cloudburst سے کیسے بچیں؟

جناب والا! باقی باتیں بے کار ہیں۔ لوگ پھر کہیں گے کہ ہم سب کو ادھر لے آتے ہیں لیکن آئینی طور پر آج بھی ان سب کا حل اسی میں ہے کہ 18th Amendment پر من و عن عمل ہو۔ سیلاب، cloudburst, سب کا حل اس میں ہے کہ آپ ایک بہترین بلدیاتی نظام اس ملک کے عوام کو دیں اور اس بلدیاتی نظام کے سارے وسائل ان کے سپرد کر دیں۔ لاہور میں سیلاب نہیں آئے گا، لاہور کو سیلاب کی ضرورت نہیں ہے لیکن سوات، کالام، دیر میں ہر سال سیلاب آتے ہیں، اُدھر ضرورت ہے، وہاں کے لوگ اس کے لیے سوچ لیں گے۔ ہم نے سب کچھ لا کر SIFC بنائی ہے ایک window پھر نہ ہم نے ایک کو دیکھنا ہے، نہ دوسرے کو دیکھنا ہے، ہم نے سب کو لا کر وردی پہنائی ہے، سب کو ٹوپیاں پہنائی ہیں، ہر چیز کو چاند تارے پہنانے ہیں، ہمیں یہ بہت شوق ہے۔ NDMA is a failure and PDMA is a failure. اس وقت جو بات عجیب ہے اور میں یہ بات قوم کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں، cloudburst جیسے ہی ہوتا ہے، دو منظّم تنظیمیں ہیں جو ہر وقت سیلاب یا ان چیزوں میں کام کرتی ہیں، ایک جماعت اسلامی کی تنظیم 'الخدمت' ہے جو الحمد للہ بہت منظّم تنظیم ہے۔ ہمارا ایک چھوٹا سا بچہ ہے، ہم نے تین، چار سال پہلے 'خدائی خدمت گار آرگنائزیشن' کے نام سے ایک ادارہ بنایا ہے، یہ خدائی خدمت گاری کا revival ہے۔ بونیر اور جہاں سیلاب آئے ہیں وہاں یہ سارے خدائی خدمت گار اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ میرے ایک کیمپ کے خدائی خدمت گار کو نشانہ بنایا جاتا ہے، یہ کل ہوا ہے۔ اس کی آج تک کسی سے ذاتی دشمنی ہے اور نہ کچھ اور ہے، ہمیں پتا نہیں چلتا۔ میرا ایک خدائی خدمت گار جو بونیر میں خدمت کر رہا ہے، اس نے اپنا account number دیا تھا کہ میں already on the filed ہوں، میں خدمت کر رہا ہوں تو جس کو جو مدد کرنی ہے وہ کرے، ہمارے سب لوگ اُدھر خدمت کر رہے ہیں، آپ یقین نہیں کریں گے کہ بینک والوں نے اسے بلایا اور کہا کہ یہ account بند کرو۔ اس نے کہا کہ میں تو اسے relief work کے لیے استعمال کر رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اداروں کی طرف سے حکم ہے کہ یہ account بند کریں۔ جہاں میرے خدائی خدمت گاروں کے camps لگے ہوئے ہیں، administration باقاعدہ وہاں آ کر انہیں کہہ رہی ہے کہ یہاں سے اٹھ کر چلے جائیں، یہ کیا ہے؟ اس ریاست کو ہماری خدائی خدمت گاری بھی قابل قبول نہیں ہے۔ I want the Chair to take notice of this. کل کو پھر آپ کی قوم میں خدمت کا جذبہ بھی

نہیں ہو گا، لوگ کہیں گے کہ ہم خدمت کرنے کے لیے نکلتے ہیں تو ہمیں نشانہ بنایا جاتا ہے۔ آپ یہ دہشت گرد ہے، کیا ہے؟ ہم جب تک سینیٹ، قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کو خالص آئین ساز ادارے نہیں بنائیں گے، ہم جب تک MNAs and MPAs سے ٹھیکیدارانہ نظام نہیں لیں گے تب تک ہمارے مسائل حل نہیں ہو سکتے۔ جناب چیئرمین! میں صرف پانچ منٹ لوں گا۔ کل ایک APC منعقد ہوئی ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر ایمل ولی خان: وہاں سے تو آپ بھاگ گئے، یہاں تو سن لیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں دو منٹ لے لیں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب والا! یہ ہمارے بہت اچھے دوست ہیں لیکن مجبوریاں ہوتی ہیں۔ یہ کل بھی ہم نے کہا کہ ہماری بڑی بدقسمتی ہے، ہمارا جن سے گلہ ہے وہ تو سامنے نہیں ہیں۔ جب ہم ان سے گلہ کرتے ہیں تو سامنے ڈھال بن جاتے ہیں۔ بدقسمتی سے ڈھال اِدھر بھی ہے اور اُدھر بھی ہے۔ جس کو اُدھر بٹھادیا وہ ہمارے لیے ڈھال بن گیا۔ پھر وہ بیچ میں buffer zone کا کردار ادا کرتے ہیں۔ میرے خیال میں یہ buffer zone کا کردار ادا کرنا دونوں طرف جاری ہے۔ آپ غلط وکالت کرتے ہیں۔ نہ جھکیں اتنا، آپ جتنا جھکیں گے، وہ آپ کو اور جھکائیں گے۔ کس حد تک جھکیں گے؟ چوبیس نکات جو کل کے اے پی سی میں تھے، کیا وہ آپ نہیں مانتے؟ کیا آپ یہ نہیں مانتے کہ اس ملک میں دہشت گردی نہیں ہونی چاہیے؟ کیا آپ نہیں مانتے کہ اس ملک میں جبری گمشدگیاں نہیں ہونی چاہییں؟ کیا آپ نہیں مانتے کہ اس ملک میں سیاسی قیدی نہیں ہونے چاہییں، سب کو باہر ہونا چاہیے؟ کیا آپ نہیں مانتے کہ اس ملک میں سیاسی آزادی ہونی چاہیے؟ کیا آپ نہیں مانتے کہ اس ملک میں میڈیا آزاد ہو؟ کیا آپ نہیں مانتے کہ آئین پر عمل ہونا چاہیے؟ کل ہمیں سنایا جارہا تھا کہ آپ غیر آئینی بات کررہے ہیں۔ بابا! جو حکومت میں بیٹھتا ہے، آئین پر عمل نہیں ہوتا۔ کیا آپ نہیں سمجھتے کہ اٹھارویں آئینی ترمیم پر عمل ہونا چاہیے؟ سرتاج عزیز جو مسلم لیگ کا بندہ

تھا جس نے ایک کام کیا اور 25th Amendment بنائی اور سابق فاٹا کے سات اضلاع سے مسلم لیگ (ن) نے وہ وعدہ کیا، کیا اس پر عمل نہیں ہونا چاہیے؟ اس میں پھر باقی کی کیا بات ہے۔ بد قسمتی سے، یہ وہ ساری باتیں ہیں جو بنیادی باتیں ہیں۔ کل ہم نے کچھ اپنا ذاتی نہیں کیا۔ کیا این ایف سی ایوارڈ نہیں ہونا چاہیے؟ یہ تو آئین کی باتیں ہیں لیکن بد قسمتی سے جب اچھے corridor میں آپ بیٹھ جاتے ہیں تو ان ہی باتوں پر آپ دستخط نہیں کر سکتے۔ ہاں، کریں گے، یہی کاغذ، میں آپ کو یاد دلاؤں گا، آپ دستخط کریں گے لیکن کب، جب hybrid regime pro-max سے بھی آگے چلی جائے اور اس ریاست کو آپ سے مزید جھکنے والے سیاستدان مل جائیں تو پھر شاید آپ بھی ہمارے ساتھ بیٹھ کر ان تمام چیزوں پر دستخط کریں گے۔

جناب! میں نے ایک شہید پر اس حکومت سے بار بار request کی ہے کہ ایک جوڈیشل انکوائری کمیشن بنائیں۔ یہ نہیں بنا پا رہے ہیں۔ یہ ہماری حیثیت ہے؟ ہمارے سامنے commit کرتے ہیں۔ تارڑ صاحب مجھے commit کرتے ہیں، اس کا طریقہ بھی مجھے سکھاتے ہیں۔ مولانا خانزیب شہید کی بات ہو رہی ہے۔ طریقہ بھی مجھے سکھاتے ہیں کہ اس کا ایسے کریں گے، اسے کابینہ میں لے کر جائیں گے اور پھر کابینہ منظوری دے گی اور کابینہ جج کو خط لکھے گی تو میں نے کہا جی پلیز یہ کریں۔ وہ بھی نہیں کر پا رہے۔ کیوں نہیں کر پا رہے؟ اگر یہ ریاست کہتی ہے کہ شہید مولانا خانزیب کو ٹی ٹی پی یا کسی دہشت گرد نے شہید کیا ہے تو بنا لیں ایک انکوائری کمیشن، اس میں کیا ہے۔ لیکن نہیں، اس ریاست کو پتا ہے کہ مولانا خانزیب شہید کو نہ ٹی ٹی پی نے شہید کیا ہے، نہ کسی اور نے۔ جنہوں نے شہید کیا ہے پھر وہ سامنے آئیں گے۔ لہٰذا ایک جوڈیشل انکوائری کمیشن اس حکومت سے نہیں بن پا رہا۔

میں آپ کو request کرتا ہوں۔ جناب! آپ بہت عزت دار ہیں، آپ نے بڑی سختیاں جھیلی ہیں۔ مجھے بڑی فکر ہوتی ہے ان مسلم لیگ کے workers کی جنہوں نے قید و بند سہے ہیں ووٹ کو عزت دو کے لیے۔ جناب! آپ کی سیاست ایک وزارت عظمیٰ تک نہیں ہونی چاہیے۔ آپ کی سیاست کو پانچ سال یا دس سال کے اقتدار تک محدود نہیں ہونا چاہیے۔ کیا دس سال بعد مسلم لیگ (ن) ختم ہو گی؟ میں نہیں سمجھتا۔ لہٰذا، آپ کم از کم وہ وقت نہ بھلائیں جس وقت آپ ایوان اقتدار سے باہر ہوتے ہیں اور پھر آپ ہی کے دل میں جو باتیں ہوتی ہیں، آج اگر ہم وہ باتیں کرتے ہیں

توکل سے یہ چل رہا ہے۔ ہم نہ پاکستان کے خلاف ہیں، نہ آئین پاکستان کے خلاف ہیں، نہ پاکستان کے وجود کے خلاف ہیں، نہ ہمیں کسی ادارے سے تکلیف ہے، نہ ہماری کسی کے ساتھ ذاتی دشمنی ہے۔ ہم اگر پاکستان کو مانتے ہیں تو وہ وہ پاکستان ہے جو 1973 کے آئین پر بنا ہوا ہے۔ اُس پاکستان کے آئین کے اندر جس ادارے کا جو مقام ہے، وہ ادارہ اپنے مقام پر جائے۔ ہمارے لیے سب پیارے ہیں، فوج کے جوان ہمارے لیے پیارے ہیں۔ ہمارے لیے ہر ادارہ پیارا ہے لیکن ہر ادارہ اپنا کام کرے۔ اب اگر میں سیاستدان وردی پہن کر بندوق اٹھا کر بارڈر پر جاؤں تو میں لوگوں کو برا لگوں گا۔ اسی طرح اگر وردی والے آکر ہمارا کام کریں گے تو پھر آپ لوگوں کو برے لگتے ہیں۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ سینیٹر ندیم احمد بھٹو صاحب۔

**Senator Nadeem Ahmed Bhutto**

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: شکریہ، جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے آپ کو مبارک باد دینا چاہوں گا اور آپ کے علم میں اضافہ کرنا چاہوں گا کہ آپ اس ایوان کے لاڈلے ممبر ہیں۔ آپ کے لیے اس ایوان نے نو مرتبہ thumping کی ہے۔ آپ واحد چیئرمین ہیں جس کے لیے اس ایوان میں نو مرتبہ thumping ہوئی ہے۔ آپ کو بہت بہت مبارک ہو۔ اس کے بعد میں سینیٹر محسن عزیز صاحب کے motion پر بات کروں گا۔ یہ بہت اچھا motion ہے اور وقت کی اہمیت کے حساب سے انہوں نے بروقت یہ motion submit کیا ہے۔ میں صرف اس ایوان کی توجہ دلانا چاہوں گا کہ جو بین الاقوامی ماحولیاتی ادارے ہیں، وہ بڑے عرصے سے یہ بتاتے آ رہے ہیں اور تنبیہ کرتے آ رہے ہیں۔ بین الاقوامی ماحولیاتی اداروں کی رپورٹس ہیں کہ پاکستان ان دس ممالک میں شامل ہے جو ماحولیاتی تبدیلی کا سب سے زیادہ شکار ہیں۔ یہ جو clouds burst ہو رہے ہیں، یہ جو flash flooding ہو رہی ہے، یہ جو urban flooding ہو رہی ہے۔ اس کے لیے ہمیں پہلے سے تیاری کرنی چاہیے تھی۔ یہاں بات ہوئی این ڈی ایم اے کی اور بہت سارے دوستوں نے 2022 کے سیلاب کے حوالے سے بات کی۔ میں تھوڑا سا اور ماضی میں لے کر جانا چاہوں گا۔ 2010 میں بھی super flood آیا تھا۔ 2011 میں بھی سیلاب آیا تھا اور اس سے بھی خیبر پختونخوا، صوبہ سندھ اور پنجاب کے بہت سارے حصوں کا نقصان ہوا تھا۔ یہ ہمارے لیے جو alarming situation رہی ہے، یہ 2010 سے رہی ہے۔ اس وقت جب پہلا super

flood آیا تھا، اس وقت ہمیں بہت کچھ سیکھنے کی ضرورت تھی لیکن بد قسمتی سے ہم اس طرح نہیں سیکھ سکے اور حادثات ہی ہمیں سکھاتے ہیں۔ جب 2005 میں زلزلہ آیا، عمارتیں collapse ہوئی تھیں، ان میں جو لوگ زندہ بچ گئے تھے، ان کو نکالنے کے لیے کئی دن تک ہمارے پاس وہ مشینری نہیں تھی۔ حال ہی میں دریائے سوات میں ایک family سیلاب کی نذر ہوئی تو ہمارے پاس کوئی ایسی ٹیکنالوجی نہیں تھی، کوئی ایسی سہولت نہیں تھی کہ ان کو ہم بچا سکیں۔ یہ حادثات ہمیشہ ہمیں یہ سکھاتے ہیں۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہم ان سے سیکھتے نہیں ہیں۔ ہمیں یہ حادثات بتاتے ہیں کہ ہمیں کس قسم کی تیاری کرنی چاہیے۔ ہم ایک ایٹمی طاقت تو ہیں لیکن افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ جو urban flooding ہو رہی ہے، اس کے پیچھے جو محرکات ہیں، یہ کس وجہ سے ہیں۔ سارا قصور، ساری باتیں nature پر نہیں چھوڑنی چاہییں۔ انسان نے جب سے nature میں مداخلت کرنا شروع کی ہے، اس کے نتائج ہم آج بھگت رہے ہیں۔ پلاسٹک کے استعمال کو کم سے کم کرنا چاہیے۔ اس ماحول کو بہتر کرنے کے لیے درختوں کے کٹاؤ کو روکنا چاہیے۔ جہاں جہاں جنگلات ہیں، جس بھی صوبے میں جنگلات ہیں، ہر جگہ درختوں کا کٹاؤ ہو رہا ہے۔ یہ جو سیلاب آ رہا ہے، اس کی وجہ سے قیمتی جانیں گنوا رہے ہیں، جو شہید ہو رہے ہیں۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ حالیہ مون سون سیزن میں ساڑھے چھ سو سے زیادہ لوگوں کی قیمتی جانیں flash flooding اور urban flooding کی نذر ہو چکی ہیں۔

میں کہنا یہ چاہتا ہوں کہ ہمیں اس سے سیکھنا چاہیے۔ جب بھی flash flooding اور urban flooding ہوتی ہے تو دریا کبھی بھی اپنا راستہ نہیں بھولتا، ایک سو سال بعد بھی دریا اپنے اصل راستے پر آتا ہے۔ جو نقصان hilly areas یا آزاد کشمیر، خیبر پختونخوا یا گلگت بلتستان میں ہوا ہے، لوگ دیکھیں کہ جو دریاؤں کے راستے ہیں، برساتی نالوں کے راستے ہیں، وہ جو قدرت نے دیا ہے، ان راستوں میں جو لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، انہوں نے اپنی قیمتی جانیں بھی گنوا دی ہیں۔ ان کے گھر بار، ہر چیز ختم ہو گئی۔ اس موضوع پر بہت سارے ممبران نے بات کی۔ میں بات کروں گا کہ rescue کا کام ہو رہا ہے۔ میں relief کی بات کروں گا۔ 2022 کے super flood کے دوران سندھ حکومت اور ہمارے چیئرمین، جناب بلاول بھٹو زرداری صاحب نے 21 لاکھ گھروں کا اعلان کیا۔ تقریباً چھ لاکھ گھر، اگر کمی بیشی ہو جائے تو اس کے لیے معذرت چاہتا ہوں، چھ لاکھ گھر ہم

لوگوں کے حوالے کر چکے ہیں۔ یہ جو گھروں کے بنانے کا سلسلہ ہے یہ مستقل جاری ہے۔ میں یہاں کوئی سیاست نہیں کروں گا، یہ جو خیبر پختونخوا کے لوگ ہیں وہ بھی اُتنے ہی پاکستانی ہیں جتنے کہ ہم پاکستانی ہیں۔ میری محبت، میری ہمدردیاں اور میرا سب کچھ خیبر پختونخوا صوبے کے لیے ہیں۔ میں یہاں پر وفاقی حکومت سے یہ demand کروں گا کہ اُن کے relief کے لیے خدارا سب سے پہلے تو وہاں پر emergency declare کریں۔ اُس کے بعد اُن لوگوں کو باعزت طریقے سے گھر بنا کر دیں جو دریا کے راستے میں نہ آئیں، جو ندی نالوں کے راستے پر نہ ہوں۔

خیبر پختونخوا میں لوگوں کا ذریعہ معاش tourism پر منحصر ہے۔ تو tourism کے لیے وہاں کی PDMA یا NDMA یا وہاں کی جو صوبائی حکومتیں ہیں، وہ ایک ایسا لائحہ عمل بنائیں کہ لوگوں کو ایک تو دریا سے تھوڑا پیچھے لے جائیں اور لوگوں کو باعزت طریقے سے اپنا معاش چلانے میں آسانی ہو۔ یہ جو ماحولیاتی تبدیلی ہے، تو آپ سمجھ لیں کہ یہ اُس کا آغاز ہوا ہے۔ ابھی ہمیں بہت سارے super floods, بہت سارے cloud bursts اور بہت ساری flash flooding کا سامنا کرنا ہے۔ ہم نے اب بھی اگر تیاری نہیں کی تو اللہ نہ کرے، اللہ نہ کرے کہ ہم اس سے بھی بڑا کوئی نقصان نہ کر بیٹھیں۔

ابھی وفاقی حکومت سے ان ساری چیزوں کی، خاص طور سے یہ ذمہ داری NDMA اور PDMAs کی بنتی ہے تو سب سے پہلے اپنے آپ کو well equip کریں۔ ان حادثات اور disasters میں جس بھی machine کی ہمیں ضرورت پڑ سکتی ہے، اُس machinery کا بندوبست کیا جائے اور rescue کا اور relief کا proper mechanism ہو۔ جو لوگ ایسے disasters سے زخمی ہو جاتے ہیں، اُن کو نکال کر hospitals تک پہنچانے کے لیے کوئی ایسا mechanism تیار کریں جس سے نقصانات کم سے کم ہو سکیں۔ چیئرمین صاحب! آپ کا بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر عون عباس بپی صاحب۔

**Senator Aon Abbas**

سینیٹر عون عباس: چیئرمین صاحب! پیچھے کوئی رہ تو نہیں گیا۔ کوئی رہ گیا ہو تو آپ اُس سے بھی کروالیں، میں بعد میں کرلیتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی جی، یہاں اور یہاں والے رہ گئے ہیں۔

سینیٹر عون عباس: ,Anyways چیئرمین صاحب! سب سے پہلے جیسے کہ تمام دوستوں نے آپ کا شکریہ ادا کیا، آپ کو مبارک دی۔ تو میں بھی آپ کو مبارک دوں گا۔ یقین جانیں، آج as a Pakistani ایک بہت بڑا دل ہوا پڑا ہے آپ کو اس seat پر دیکھ کر نہ صرف بلوچستان بلکہ minorities سے، ہندو community سے یہاں بیٹھ کر یقین کریں کہ آج میں اپنے آپ پر فخر محسوس کر رہا ہوں۔.That’s why I want to clear you on this چیئرمین صاحب! جیسے کہ سینیٹر ایمل ولی نے آج زیادہ وقت لیا۔

(مداخلت)

سینیٹر عون عباس: نہیں، میں اپنا time لوں گا اور تھوڑا سا divert بھی کروں گا۔ آج تقریر شروع کرنے سے پہلے، چونکہ مجھے تقریر کا موقع نہیں مل سکا، میں اپنا احتجاج بھی رکھوں گا۔ میرے دو ساتھی سینیٹر شبلی فراز صاحب اور سینیٹر اعجاز چوہدری صاحب ہمارے درمیاں موجود نہیں ہیں۔ Although آج ہم کسی تقریر میں انہیں یاد نہیں کرسکے لیکن چیئرمین صاحب! ایک چیز یاد رکھیں کہ یہ جو وفا کی قیمت ہے نا، یہ اِن لوگوں نے صرف وفا کی قیمت ادا کی ہے۔ وفا کی قیمت اپنے نظریے کے ساتھ، وفا کی قیمت اپنے leader کے ساتھ، اپنے اخلاق کے ساتھ، اپنے اصولوں کے ساتھ اور جو اس ملک اور اس جمہوریت نے اس قائدِ اعظم کی تصویر کے نیچے جو ایک پیغام دیا ہے کہ جو کوئی بھی اپنے اصولوں سے وفا کرے گا، اُس کے ساتھ وہی ہو گا جو اعجاز چوہدری اور شبلی فراز کے ساتھ ہوا ہے۔ دس دس سال کی سزا صرف وفا کے چکر میں دے دی اور اُن لوگوں نے اپنا سر کٹوا دیا، اپنی سیاست چھوڑ دی لیکن اپنی انا اور اپنے اصول کے خلاف کبھی کھڑے نہ ہوئے۔ تو آج پاکستان تحریک انصاف، میں اپنی طرف سے، اس کی پوری مذمت بھی کرتا ہوں اور اُن کو خراجِ تحسین بھی پیش کرتا ہوں کہ ہم کبھی بھی اُن دونوں کو نہیں بھولیں گے۔ آپ ہمیشہ ہمارے دلوں میں ایسے رہیں گے کہ

جیسے آپ یہاں بیٹھا کرتے تھے۔ جناب! یہ تھا نمبر ایک۔ دوسرا یہ کہ سینیٹر فلک ناز چترالی نے ابھی میری توجہ دلائی ہے، یوٹیلیٹی سٹورز کے یہاں ملازمین آئے بیٹھے ہیں۔آپ کے توسط سے۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ فلک کی بات نہ کریں۔

سینیٹر عون عباس: نہیں بس آخری بات، فلک بولنا نہیں چاہ رہی تھیں۔ وہ کہتی ہیں کہ آپ raise کریں۔ یہ ساڑھے گیارہ ہزار ملازمین ہیں۔ میں صرف اتنا بتادوں کہ میں اِن کو آپ کے توسط سے باور کروا دیتا ہوں کہ ہم next Standing Committee میں ان لوگوں کے اس issue کو اُٹھائیں گے اور حکومت سے ان گیارہ ہزار ملازمین، جن کو ایک جُنبشِ قلم سے فارغ کر دیا گیا ہے، ان کے اس issue کو وہاں اٹھا کر government سے جواب طلب کریں گے کہ آخر ان کو فارغ کرنے سے پہلے جو due diligence تھی، ان کے right پر بات کرنے کے لیے کیا وہ مکمل کی گئی یا نہیں کی گئی۔ تو میں آپ کو احساس دلاتا ہوں، یقین دلاتا ہوں کہ ہم آپ کے issues کو دوبارہ اپنی Standing Committee میں بھی اٹھائیں گے۔

چیئرمین صاحب! اب آ جاتے ہیں disaster کی طرف۔ یقین کریں کہ بڑی تکلیف کا دن ہے اور جو کچھ اس قوم نے، اس ملک نے TV پر دیکھا ہے، وہ ہم نے تو پہلی دفعہ دیکھا۔ مطلب دریا میں اور ندیوں میں پتھر بہتے ہم نے چائنہ میں اس طرح کے disasters دیکھے تھے، میکسیکو میں دیکھے تھے، شاید انڈیا کی کسی ریاستوں میں دیکھا ہو لیکن جب پہلی دفعہ پاکستان میں ایسا دیکھا تو عجیب سا لگ رہا تھا کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔ یقیناً اس کے بہت سارے محرکات ہیں۔ چیئرمین صاحب! کچھ چیزیں دیکھنے والی ہیں۔ ہمارا یہاں پر جو NDMA کا role ہے، وہ کسی نے آج تک identify نہیں کیا۔ ہماری حکومت میں بھی NDMA کا بڑا role ہوتا تھا لیکن آج تک ان سے کوئی سوال نہیں پوچھ سکا کہ ان کے funds کتنے ہیں؟ کوئی کیسے استعمال کرتا ہے۔

اب جیسے ایمل ولی صاحب فرمارہے تھے کہ کیا کوئی چیئرمین NDMA کو یہاں بلا کر پوچھ سکتا ہے کہ حضور! یہ اربوں کے funds ہیں۔ جب پوری دنیا ان کو funding کرتی ہے تو وہ حکومت کے پاس نہیں جاتے بلکہ ان کے پاس چلے جاتے ہیں۔ تو یہ واحد ادارہ ہے جو relief کا کام کر

رہا ہے اور ان سے کوئی سوال نہیں پوچھ سکتا کہ جناب، بونیر میں یا سوات میں اتنے لوگ اگر آفت میں آ چکے ہیں تو آپ کیسے move کریں گے۔ وہ صرف ایک press conference کر کے side پر ہو جاتے ہیں اور کسی وجہ سے کوئی اُن سے سوال نہیں پوچھتا۔

چیئرمین صاحب! آپ order کریں اور چیئرمین NDMA کو یہاں بلائیں اور ان سے کہیں کہ آپ نے کیا کیا؟ آفت تو خدا کی طرف سے آ گئی، آپ کا اس میں role کیا تھا؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب جواب دیں گے۔

سینیٹر عون عباس: جی، چیئرمین صاحب! آپ کو ایک مزے کی بات بتاؤں کہ 2010 میں، جیسے کہ سرمد صاحب نے فرمایا کہ جی Billion Tree Tsunami میں بوٹیاں لگا دیں یا درخت لگا دیے، 2010 میں اس طرح کا سیلاب آیا تھا۔ اُس وقت پیپلز پارٹی کی national government تھی، گیلانی صاحب اُس وقت وزیر اعظم تھے۔ اُس وقت پاکستان مسلم لیگ (ن) کی پنجاب میں حکومت تھی، شہباز شریف صاحب وزیر اعلیٰ تھے اور خیبر پختونخوا میں ایمل ولی کی پارٹی، جو ANP تھی، امیر حیدر ہوتی صاحب وہاں کے وزیر اعلیٰ تھے جب 2010 کا سیلاب آیا تھا۔ سیلاب آنے سے پندرہ دن پہلے ساری دنیا کو پتا تھا کہ جولائی اور اگست میں مون سون کی بارشیں ہوتی تھیں۔ یہ سب کو پتا تھا لیکن خاموش رہے۔ 2010 کا سیلاب جب اچانک ہمارے پاس جنوبی پنجاب میں آیا تو ایک عباس والا بند ہے، جو اُس وقت کوٹ ادو تحصیل تھی، ڈیرہ غازی خان ڈسٹرکٹ میں ضلع مظفر گڑھ تھا، وہ رات کو بارہ بجے ٹوٹا جس سے ساڑھے گیارہ سو لوگ شہید ہوئے تھے، ستر لاکھ لوگ اپنی زمینوں سے باہر چلے گئے تھے اور کئی ہزاروں اور لاکھوں جانور ڈوب کر مر گئے تھے لیکن اُس وقت یہ تینوں governments جن کا میں نے نام لیا ہے، کسی نے اُن کو مَوردِ اِلزام نہیں ٹھہرایا کہ بیس دنوں سے پہلے ان کو پتا تھا کہ یہ آنے والا ہے اور کوئی بولا نہیں تھا۔

آج میں پھر آپ کو باور کروا رہا ہوں کہ ایک ہفتے یا دس دن سے آپ لوگ دیکھ رہے ہیں کہ سیلاب کا پانی آ رہا ہے۔ سب کو پتا ہے کہ یہ پانی Indus میں اکٹھا ہو گا۔ Indus یہاں سے ڈیرہ اسماعیل خان جائے گا۔ ڈیرہ اسماعیل خان سے ڈیرہ غازی خان ڈویژن سے ہوتا ہوا سکھر کے راستے سندھ

میں داخل ہو جائے گا۔ میں آج آپ کو باور کروا دیتا ہوں کہ پہلی ستمبر کے قریب یہ پانی ہمارے جنوبی پنجاب میں آئے گا۔ ڈیرہ غازی خان ڈویژن، ڈیرہ غازی خان ڈسٹرکٹ، لیہ ڈسٹرکٹ، کوٹ ادو، مظفر گڑھ، راجن پور اور رحیم یار خان، یہ ہمارے چھ اضلاع میں سیلاب آنا ہے لیکن پریشانی کسی کو نہیں ہے کیونکہ وزیر اعظم صاحب ایک ہفتے دس دن کے لیے چائنہ جا رہے ہیں، وزیر اعلیٰ صاحبہ جاپان چلی گئی ہیں۔ پتا نہیں انہیں جاپان چائنہ سے اچانک کیا محبت ہو گئی ہے اور ان کو اس وقت یہ پتا نہیں ہے اور یہی سیلاب جو آپ TV پر دیکھ رہے ہیں، وہ میرے جنوبی پنجاب میں داخل ہو جائے گا۔

اب یہ کہتے ہیں کہ خدا کی طرف سے ہے لیکن اس وقت سب کو پتا ہے کہ یہ سیلاب جب آ کر سندھ میں اکٹھا ہو گا تو یہ بند توڑے گا۔ یہ لوگوں کو نقصان پہنچائے گا لیکن چونکہ preference اور ہے کہ میں نے ایک ہفتے کے لیے جاپان جانا ہے، میں نے ایک ہفتے کے لیے چائنہ جانا ہے۔ تمہیں کچھ نہیں ملنے والا۔ نہ جاپان سے ملے گا اور نہ ہی چائنہ سے ملے گا۔ جو ملنا ہے وہ اس عوام سے ملنا ہے لیکن پروا نہیں ہے۔ کبھی ووٹ تو لیا نہیں ہے۔ یہ بغیر ووٹ کے جو وزارتیں ملتی ہیں، یہ بغیر ووٹ کے جو حکومتیں ملتی ہیں تو اُس میں یہی کچھ ہوتا ہے۔ محبت عوام سے نہیں ہوتی، محبت اُن آقاؤں سے ہوتی ہے جنہوں نے آپ کو حکومتیں دی ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں۔

چیئرمین صاحب! ہم پر تنقید کرنے والے یہ سوچ لیں کہ خیبر پختونخوا کے پاس کون سا PDMA ہے، اُن کے پاس کون سا ہیلی کاپٹر ہے۔ ایک ہیلی کاپٹر ویسے ہی گر گیا۔ چیئرمین صاحب! دیکھیں، آپ ہمارے وسائل کی بات کریں۔ یہ خدائی چیزیں ہیں۔ NDMA کو بلا کر پوچھیں، آپ ہم پر تنقید کیے جا رہے ہیں بار بار۔ مجھے یاد ہے کہ 2021 میں بھی سیلاب آیا تھا لیکن وہ چھوٹا سیلاب تھا۔ یقین جانیں کہ عمران خان صاحب ایک دن ڈیرہ غازی خان جاتے تھے۔ اگلے دن رحیم یار خان جا رہے تھے۔ پھر ہم تونسہ آ رہے تھے۔ پھر ہم راجن پور جا رہے تھے۔ میں ہیلی کاپٹر میں اُن کے ساتھ ہوتا تھا اور واپس جاتے ہوئے کیا کہہ کر جاتے تھے کہ بزدار اور مجھے، چونکہ میں جنوبی پنجاب کا صدر تھا، ان لوگوں کو اکیلا چھوڑنا نہیں ہے۔ ہم پوری تنظیم اور پوری administration کے ساتھ وہاں دن رات کام کرتے تھے کہ یہ ایسا نقصان نہ ہو کہ جو government کے لیے کوئی نقصان دہ نہ ہو کیونکہ ہم feel کرتے تھے اور ہم عوام کے ووٹ سے آئے تھے۔

چیئر مین صاحب! انہیں بھی کہیں کہ تھوڑا سا درد لیں اور میں آپ سے پھر کہہ رہا ہوں، یاد رکھیں کہ پہلی ستمبر کو جنوبی پنجاب کے چھ اضلاع میں سیلاب آئے گا، بند ٹوٹیں گے، لوگ ڈوبیں گے، لوگ وہاں سے displace ہوں گے، لوگوں کے مویشی ڈوب کر مریں گے لیکن ان کو نہ آج پرواہ ہے اور نہ اُس وقت پرواہ ہو گی لیکن میں یہ advance میں بتاتا جارہا ہوں کہ ایسا ہونے والا ہے۔

چیئر مین صاحب! آخری چیز یہ کہ مجھے شہادت اعوان نے کہا اور مجھے پرچی لکھ کر بار بار میرے استاد محسن عزیز کہہ رہے ہیں کہ شہادت اعوان صاحب کو بتائیں کہ حضور! ڈیم بننے سے لوگوں کا نقصان نہیں ہوتا۔ ڈیم بننے سے economic activity ہوتی ہے۔ تو جن صاحب نے بھی ان کو خط لکھ کر دیا ہے تو وہ بار بار احتجاجاً مجھے کہہ رہے ہیں کہ اگر تم نے نہ کہا تو تمہیں باہر نکال دوں گا کہ شہادت اعوان صاحب کو بتاؤ کہ جناب! ڈیم پر اعتراض نہ کریں۔ ڈیم والا process تو ویسے رک چکا ہے لیکن ڈیم بننے سے کسی چیز کا نقصان نہیں ہو رہا۔ آخری چیز چیئر مین صاحب! یقین جانیں کہ آپ کو یہاں دیکھ کر واقعی بڑی خوشی ہو رہی ہے۔ اللہ ہمیشہ آپ جیسے workers کو اور ہماری minorities کو ایسے ہی عزت دے اور یہاں بٹھائے۔ آج واقعی میں آپ کو پھر مبارک باد دیتا ہوں۔ پاکستان زندہ باد، عمران خان زندہ باد۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر سید وقار مہدی صاحب۔

**Senator Syed Waqar Mehdi**

سینیٹر سید وقار مہدی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ چیئر مین صاحب۔ اپنے دوسرے ساتھیوں کی طرح میں بھی آپ کو اپنی جانب سے اور اپنے ساتھیوں کی جانب سے اس نشست پر سربراہی اور صدارت کرنے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ واقعی، جیسے دوسروں نے کہا مجھے بھی آپ انتہائی خوبصورت لگ رہے ہیں۔ ہنس مکھ لگ رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی عزتوں میں اور اضافہ فرمائے۔

جناب چیئر مین! سینیٹر محسن عزیز صاحب کی پیش کردہ motion پر بات ہو رہی ہے تو میں سب سے پہلے ان تمام شہداء کے لئے جو چھ سو پچاس سے زائد اس سانحہ میں شہید ہو گئے ہیں اور

ان زخمیوں کے لئے دعا گو ہوں اللہ تعالیٰ ان کو جلد سے جلد صحت یاب کرے اور جو شہید ہوئے اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند کرے۔ یہ سانحہ خیبر پختونخوا میں ہو، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے علاقوں میں بھی اس قسم کی قدرتی آفات آئیں لیکن سب سے زیادہ متاثر ہمارا خیبر پختونخوا ہوا۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ ابھی تک ہمارے ملک میں early warning system یا early flood warning system موجود نہیں ہے، جس کے تحت ہم لوگوں کو آگاہ کر سکیں اٹھارہ گھنٹے پہلے یا چوبیس گھنٹے پہلے کہ اس علاقے میں کوئی بارش آنے والی ہے، کوئی Flood آنے والا ہے یا کوئی ایسی صورت حال پیدا ہونے والی ہے جس سے عوام کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑے۔

جہاں تک بات environment and climate change کی ہو رہی ہے میں آپ کو عرض کروں کہ پورے پاکستان میں اس حوالے سے حکومت نے یا صوبائی حکومتوں نے کوئی awareness کا پروگرام شروع نہیں کیا۔ عام آدمی کو climate change کے حوالے سے معلومات نہیں ہیں۔ ہم بچپن میں اپنے زمانے میں بازار سے بیج لایا کرتے تھے اور درخت لگایا کرتے تھے۔ اس وقت ہمارے schools میں teachers یہ ہمیں پڑھایا بھی کرتے تھے۔ لیکن اب climate change کے حوالے سے یا environment کے حوالے سے کوئی تدریس کا عمل کسی College یا School یا University میں نہیں ہوتا اور اس کے حوالے سے کوئی public service message بھی نہیں ہوتا کہ اس کے لئے لوگوں کو awareness دی جائے، یہ climate change کی صورت حال بہت ضروری ہے۔ یہ نہیں ہے کہ چھ مہینے یا ایک سال میں ختم ہو جائے گا یہ climate change کا مسئلہ برسوں ہمیں face کرنا پڑے گا۔

جہاں تک بات ہے کہ اس طرح کی صورت حال جب پیدا ہوتی ہے تو جو local انتظامیہ ہوتی ہے وہ alert نہیں ہوتی۔ محکمہ موسمیات کسی حد تک اپنی prediction کرتا ہے لیکن بعض اوقات وہ درست نہیں ہوتی اور کبھی درست ہو جاتی ہے۔ جب یہ صورت حال پیدا ہوتی ہے تو ظاہری بات ہے جہاں سے flood چلتا ہے اور جہاں پہنچتا ہے تو ایک networking ہوتی ہے۔ ایک زمانے میں sirens بجائے جاتے تھے، Civil Defence کا عملہ یا ایک محکمہ وہ active ہوتا تھا۔ ہم scouts کو activate کرتے تھے۔ پاکستان قومی رضاکار ہوا کرتے تھے جو ایسے

disasters یا بہت سارے مواقعوں پر، جنگ کے موقع پر بھی، مدد کرتے تھے۔ لیکن وہ اب نظر نہیں آتے۔

یہ ایک بڑا سانحہ ہے اور مجھے افسوس ہے کہ خیبر پختونخوا کے Chief Minister نے کیونکہ یہ ایک یک جہتی کا معاملہ ہے اس نے بیان دیا کہ مجھے کسی کی مدد نہیں چاہیے۔ یہ افسوس ناک ہے۔ صوبہ سندھ کی حکومت نے، پنجاب نے بھی اور بلوچستان کی حکومت نے بھی ان کے سارے ادارے، انہوں نے بھی کیا۔ میرے Chief Minister سندھ، مراد علی شاہ صاحب نے خیبر پختونخوا کے Chief Minister کو فون کیا، Governor KP کو بھی فون کیا اور ساری صورت حال پوچھی۔ میں آپ کو بتاتا چلوں کہ حکومت سندھ کی جانب سے آج چیئرمین بلاول بھٹو زرداری صاحب کی ہدایت پر سو (۱۰۰) Water Filtration Plants Hilal-e-Ahmar کے حوالے، پشاور میں کیے گئے ہیں۔ چار ہزار ration bags وہاں پہنچائے گئے ہیں۔ food, non-food items کے trucks جو پندرہ سے زائد ہیں وہ وہاں بھیجے گئے ہیں جو Hilal-e-Ahmar کے حوالے کئے گئے ہیں۔ یہ ہم نے first phase میں جو فوری طور پر ممکن ہو سکا، ہنگامی طور پر وہاں پہنچا دیئے ہیں۔

دیکھنے کی ضرورت یہ ہے کہ یہ بالکل سانحہ ہے اس پر سیاست نہیں ہونی چاہیے۔ یہ انسانی ہمدردی کا معاملہ ہے لیکن کوتاہی کہاں ہوئی؟ صوبائی حکومت کا PDMA ہے یا بات NDMA کی بھی ہو رہی ہے، اس موقع پر سب کو ایک ہونا چاہیے، چاہے وہ کسی بھی صوبے میں ہو۔ ہمارے صوبے میں 2022 میں جو سیلاب آیا اس نے ہمارے لاکھوں لوگوں کو متاثر کیا۔ وہاں پر گاؤں کے گاؤں ختم ہو گئے۔ بلاول بھٹو زرداری صاحب اس وقت وزیر خارجہ تھے انہوں نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل سے رابطہ کیا اور وہ پاکستان آئے۔ انہوں نے سندھ کے مختلف شہروں کا دورہ کیا اور پھر بلاول بھٹو زرداری صاحب عالمی فورم پر گئے ان کو convince کیا کہ climate change کی وجہ سے سب سے زیادہ متاثر پاکستان ہو رہا ہے۔ اس کے نتیجے میں وہ فنڈ قائم ہوا، اس کے تحت اکیس لاکھ مکانات صوبہ سندھ میں بنائے جا رہے ہیں۔ یہ دنیا کی سب سے بڑی housing scheme ہے جو flood affectees کے لئے ہم بنا کر دے رہے ہیں۔ جیسے میرے دوست ندیم صاحب

نے کہا کہ چھ لاکھ سے زائد مکانات وہاں بنائے گئے ہیں اور وہ خواتین کو مالکانہ حقوق کی بنیاد پر ان کے حوالے کیے جا رہے ہیں۔ سینیٹ سے یا پاکستان سے کوئی بھی شخص جاکے وہاں کا visit کر سکتا ہے۔ پاکستان کے صحافیوں نے بھی جا کر وہ جگہیں دیکھی ہیں اور مختلف TV Channels پر اس کو دکھایا گیا ہے۔

میں گزارش کروں گا وزیر اعظم پاکستان جناب شہباز شریف صاحب سے کہ وہ بھی ان متاثرہ علاقوں کا دورہ کریں۔ جہاں لوگ متاثر ہوئے ہیں جن کے گھر تباہ ہو گئے ہیں اور صفحہ ہستی سے مٹ گئے ہیں۔ ان کے لئے مکانات بنا کر دیے جائیں، ان کی دادرسی کی جائے ان کو compensate کیا جائے۔اس میں livestock بھی بڑی تعداد میں متاثر ہوا ہے کیونکہ گاؤں دیہات کے اندر لوگوں کا گزر بسر livestock پر ہوتا ہے۔ وہ بھی بڑی تعداد میں متاثر اور ہلاک ہو گئے ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ جیسے گلگت اور کشمیر میں بہت سارے tourists جاتے ہیں اور یہ صورت حال جولائی سے اگست تک ہمیشہ رہتی ہے، تو اس حوالے سے بھی سیاحوں کو آگاہ کرنا چاہیے کہ ان علاقوں میں نہ جائیں کیونکہ آپ نے دیکھا کہ یہیں پنڈی کے اندر DHA میں باپ بیٹی کی گاڑی بہا کر پانی لے گیا۔ سید پور اسلام آباد میں نالے کے اوپر encroachment قائم تھی وہاں پر آپ نے دیکھا کیا ہوا اس سے بھی تباہی ہوئی۔جب یہ encroachment ہوتی ہے تو وہ ادارے کہاں ہوتے ہیں جب یہ قبضے ہو رہے ہوتے ہیں۔اس کا مطلب ہے کہ ان کی ملی بھگت سے ہوتے ہیں۔ میں مطالبہ کرتا ہوں کہ جہاں جہاں بھی پانی کی گزرگاہ ہے، چاہے وہ دریا کی ہے، ندی کی ہے، نالے کی ہے، وہاں جب encroachment ہوتی ہے وہاں سے اس کو خالی کرنا چاہیے اور جن لوگوں کو وہاں سے نکالا جائے، ان کو کسی جگہ لے جاکے بسانا چاہیے۔ کیونکہ پاکستان پیپلز پارٹی "روٹی، کپڑا اور مکان" کے نعرہ پر یقین رکھتی ہے ہم کسی کو بے گھر نہیں کرنا چاہتے لیکن یہ کرنا چاہیے۔ بات ہوئی Tsunami کی، وہ Tsunami کے لاکھوں درخت ہمیں نظر نہیں آئے لیکن لاکھوں درخت کاٹ ضرور دیئے گئے، وہ ختم کر دیئے گئے، environment کو تباہ کیا گیا۔ اس کی بھی تحقیقات ہونی چاہیے۔

میری گزارش یہ ہے کہ جو لوگ متاثر ہیں ان کو فوری طور پر compensate کیا جائے، ان کو مکانات بنا کر دیئے جائیں اور جو لوگ ذمہ دار ہیں، جن دریاؤں پر جن لوگوں نے تعمیرات کروائیں، NOC دی، اس کے اوپر بھی action ہونا چاہیے۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر محترمہ فلک ناز چترالی صاحبہ۔

**Senator Falak Naz**

سینیٹر فلک ناز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ چیئرمین صاحب آپ نے مجھے موقع دیا لیکن کیا فائدہ ہے اس وقت موقع دینے کا۔ مجھے بہت افسوس ہو رہا ہے، میرا خیبر پختونخوا ڈوب چکا ہے اور وہاں پر سوگ کا سماں ہے۔ ابھی تک جو انسانی جانیں ہیں وہ ملبے تلے ہیں اور میرے خیال میں یہ جو اموات ہیں یہ ہزاروں سے زیادہ تعداد میں ہیں جس کا rough estimate میں بتایا جا رہا ہے۔ لیکن حکومتی ارکان treasury bench والے یہاں پر کوئی بھی موجود نہیں ہیں اور اس کے علاوہ Minister بھی چلا گیا۔ ہمیں پتا ہے کہ پختونوں کا خون بہت سستا ہے۔ کبھی دہشت گردی کے نام سے پختونوں کو مارا جاتا ہے، یہ تو ایک قدرتی آفت ہے۔ ہمارے اوپر قیامت کی گھڑی ہے۔ چیئرمین صاحب چاہیے تھا کہ یہ ہمارے ساتھ اظہار یک جہتی کے لئے یہاں پر سینیٹر شیری رحمان صاحبہ Standing Committee on Climate Change کی Chairperson ہیں، میں بھی اس کمیٹی کی رکن ہوں، وہ ہمیں سوات لے جاتیں، ہم ان جگہوں کا دورہ کرتے، وہ یہاں آئی تھیں، انہیں اپنے مفادات عزیز ہیں۔ آپ کو پتا ہے کہ ہمارے صوبے خیبر پختونخوا میں دو دنوں سے جو حالت ہے، قیامت کا سماں ہے۔

جناب چیئرمین! آپ کو یہ بات بتاتے ہوئے میری آنکھوں میں آنسو آ رہے ہیں، کل مساجد میں اعلان ہو رہے تھے کہ خدارا کوئی خواتین ہیں، دوسرے شہروں سے خواتین کو بلا رہے تھے کہ آ کر ان خواتین کو غسل دیں۔ وہاں پر کوئی نہیں تھا، بونیر میں تمام گھر صفحہ ہستی سے مٹ چکے تھے، اس کے علاوہ وہاں کوئی جوان نہیں تھے کہ وہ ان جنازوں کو کندھا دیتے۔ اس کے علاوہ وہاں ایک گھر میں 22 اموات ہوئی ہیں اور ان میں اگر کوئی بچ گیا ہے تو وہ اس وقت گھر سے باہر ہو گا اس لیے وہ ایک بچہ بچ گیا۔ ان حالات میں یہ لوگ ہمیں یہاں اکیلے چھوڑ گئے ہیں، ہم لوگ اس وقت غم سے

نڈھال ہیں، پورا treasury bench خالی پڑا ہے، یہ ان کے لیے شرم کا مقام ہے۔ یہ لوگ ریوڑیوں کی طرح یہاں Bill لاتے ہیں اور اس وقت یہ ایوان کھچا کھچ بھرا ہوتا ہے، ابھی میرا خیبر پختونخوا جہاں پر قدرتی آفت آئی ہے وہاں قیامت کا سماں ہے، ابھی بھی لوگ ملبے کے نیچے دبے ہوئے ہیں۔ ابھی وہاں پر اموات کا تخمینہ نہیں لگایا گیا ہے، ابھی وہاں پر صحیح طریقے سے کام شروع نہیں ہوا ہے۔ میں اپنی پاک فوج کو سلام پیش کرتی ہوں، وہ سب سے پہلے وہاں پہنچے ہیں اور پاک فوج کے جوان وہاں پر شانہ بشانہ کام کر رہے ہیں۔ میں خیبر پختونخوا کی حکومت کو سلام پیش کرتی ہوں، میرے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور صاحب وہاں پر تین دنوں سے بیٹھے ہوئے ہیں، چیف سیکرٹری اور کور کمانڈر وہاں بیٹھے ہوئے ہیں۔

کیا یہ لوگ آسمان سے اترے ہیں، یہاں ایک منسٹر بھی نہیں بیٹھا ہوا ہے، ہماری باتوں کا جواب دینے والا کوئی نہیں ہے۔ ہمارے غموں اور زخموں پر مرہم رکھنے کے لیے یہاں بیٹھ جاتے، ہمارے خیبر پختونخوا میں آج قیامت کا سماں ہے۔ ایک گھر میں 22 اموات ہوئی ہیں اور ایک دوسرے گھر میں 48 اموات ہوئی ہیں، ان کو چاہیے تھا کہ یہ اس وقت یہاں بیٹھتے، یہ سارا ایوان خالی پڑا ہے۔ پوری دنیا میں کیا پیغام جائے گا۔ خیبر پختونخوا کی حکومت ہمارے لیے کافی ہے۔ اس معاملے میں سیاست کرنے کی بات نہیں ہے کہ PTI کی حکومت میں یہ ہوا، یہ قدرتی آفت ہے، ان کو چاہیے تھا کہ مصیبت کی اس گھڑی میں یہ تمام لوگ اکٹھے ہو جاتے، ہم وہاں جاتے، ان لوگوں کی دادرسی کرتے لیکن مجھے افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ یہ بہت [***][1] مقام ہے۔ اس بات کو آپ expunge کر دیں مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے، ان کو [***] چاہیے۔ جناب چیئرمین! میں آپ سے پوچھنا چاہتی ہوں کہ ہماری Queen C.M. Punjab وہ کس capacity میں air-force کا جہاز لے کر جاپان گئی ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مہربانی کرکے آپ flood پر بات کریں۔

[1] [*Words expunged as ordered by the Chair*].

سینیٹر فلک ناز: میں اسی پر بات کر رہی ہوں۔ میں گورنر پنجاب کو سلام پیش کرتی ہوں، وہ اپنا غیر ملکی دورہ منسوخ کر کے سیلاب زدگان کے ساتھ اظہار یک جہتی کے لیے واپس پاکستان پہنچ گئے ہیں۔ ہماری Queen C.M. Punjab وہ چالیس افراد پر مشتمل وفد اور پانچ کنیزوں کے ساتھ، آپ پانچ کنیزوں والی بات کو expunge کر دیں، پانچ کنیزوں اور اپنے تمام beauticians ساتھ لے کر گئی ہیں، اس وقت پاکستان میں چالیس فیصد سے زیادہ لوگ غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں، ہمارے ملک میں تو لوگ دو وقت کا کھانا نہیں کھا سکتے ہیں اور وہ ملکہ برطانیہ کی طرح Queen of Punjab air-force کے جہاز میں گئی ہیں، یہاں تو air-force کا جہاز وزیراعظم کو دیا جاتا ہے یا صدر لے جاتے ہیں، ہمارے خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ، سندھ یا بلوچستان کے وزیراعلیٰ economy class میں جاتے ہیں لیکن یہ لوگ جب جاتے ہیں، واقعی یہ Queen ہیں، جس طریقے سے وہ گئے ہیں، اس پر میں واہ جی واہ کہہ سکتی ہوں۔ دوسری بات یہ ہے کہ 14 اگست کو یہ لوگ ایک دوسرے کو تمغے سے نواز رہے تھے۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ flood پر بات کریں، آپ پھر موضوع سے ہٹ رہی ہیں۔

سینیٹر فلک ناز: میں کس پر بات کروں؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سیلاب پر بات کریں۔

سینیٹر فلک ناز: میں سیلاب پر ہی بات کر رہی ہوں۔ جو تمغے 14 اگست کو دیئے گئے ہیں اس کے بعد ہی تو سیلاب آ گیا، ہم تو تمغوں پر بات کر رہے تھے۔ اگر اس طرح سے تمغے ملتے ہیں تو مجھے وہ دن یاد ہے کہ کیسے کیسے لوگوں کو تمغے ملتے تھے، عبدالستار ایدھی کو، ڈاکٹر عبدالقدیر خان کو، عبدالسلام صاحب کو، ان کو چاہیے کہ احتجاجاً اپنے تمغے واپس کریں۔ یہ جو تمغے دیئے جا رہے تھے، باپ بیٹے کو دے رہا ہے کہ ہمارے tax کے پیسوں سے وہاں غیر ملک میں tiktok بنانے پر اور ہمارے

Information Minister عطااللہ تارڑ کو میرے خیال میں تمغہ دینا [***][2] ہے۔ یہ جو تمغے دے رہے ہیں انہیں [***] چاہیے، آپ اس بات کو expunge کر دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ الفاظ expunge کیے جائیں۔

سینیٹر فلک ناز: Expunge کریں، ٹھیک ہے، یہ بات expunge کریں کہ [***] چاہیے۔ میں یہ والی بات کہہ رہی ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ الفاظ expunge کیے جائیں اور آپ براہ مہربانی اپنی بات ختم کریں، آپ کے ساتھیوں کو بھی speech کرنی ہے۔ یہ مناسب نہیں لگتا ہے کہ ایک اچھے forum پر ماشاء اللہ۔۔۔

سینیٹر فلک ناز: میں کسی کی ذات پر بات نہیں کر رہی ہوں میں نے تمغوں کی بات کی ہے۔ میں کسی کی ذات کی بات نہیں کرتی ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ اپنے ساتھیوں کو بھی موقع دیں، آپ کے ساتھی بھی بات کرنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر فلک ناز: ہمارے ملک میں تو ایسا نظام ہے کہ COVID کے دنوں میں جس نے اس ملک میں انسانیت کی خدمت کی ان میں ڈاکٹر یاسمین راشد صاحبہ کا ایک بڑا نام ہے، ان کو بیس سال کی سزا دی گئی ہے اور سندھ میں عزیر عزیز جو سو بندوں کا قاتل ہے اسے رہائی مل گئی ہے، یہ ہمارے ملک کا نظام ہے۔ ہماری ملک میں یہی نظام چلتا ہے۔ میں اس ملک کے نظام کو سلام پیش کرتی ہوں اور میرا اور امت مسلمہ کا لیڈر عمران خان، ان شاء اللہ تعالیٰ وہ آئے گا، جو ناحق جیل میں ہے، اس نے آج سے آٹھ نو سال پہلے climate change کی بات کی تھی اور میں اپنے چترال کی بات بھی کروں گی۔ میں اس سے پہلے بھی تقریباً اپنی ہر speech میں یہی بات کرتی ہوں کہ میرے چترال میں جنگلات کی بے دریغ کٹائی ہو رہی ہے۔ ہماری سینیٹر صاحبہ روبینہ خالد صاحبہ نے کہا تھا کہ ٹمبر مافیا

[2] [*Words expunged as ordered by the Chair*].

بے دریغ کٹائی کر رہا ہے اور میں نے اس پر بڑی آواز اٹھائی ہے۔ آپ کو پتا ہے کہ پاکستان میں مافیا بہت مضبوط ہوتے ہیں۔ ہمارے چترال میں firewood کا دارومدار جنگلات پر ہے اور اس سے پہلے انہی کی حکومت، imported حکومت، فارم 47 کی حکومت میں چترال میں gas plant لگائے گئے تھے، وہاں پر انہوں نے زمین بھی خریدی تھی اور باہر سے اربوں روپے کی مشینیں بھی منگوائی تھیں، پھر پتا نہیں ان کا دل چاہا اور انہوں نے انہیں کسی اور جگہ منتقل کیا، ابھی بھی جو سیلاب آئے گا خدانہ کرے، خدانہ کرے، چترال ابھی بچا ہوا ہے لیکن اس مرتبہ بارش ہوئی تو سب سے زیادہ خطرہ ہمارے چترال کو ہے۔ مجھے منسٹر صاحب بتائیں کہ انہوں نے جو باہر ممالک سے مشینیں منگوائی تھیں اور چترال میں دو سے تین جگہ پر انہوں نے gas plant کے لیے زمینیں بھی خریدی تھیں، پتا نہیں وہ کہاں منتقل کی ہیں، اور باقی میں کیا بات کروں۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کا بہت بہت شکریہ۔ آپ نے اور بات بھی کرنی ہے؟

سینیٹر فلک ناز: اور پاکستان زندہ باد، عمران خان زندہ باد۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر دلاور خان صاحب، نہیں ہیں۔ سینیٹر ذیشان خانزادہ صاحب، نہیں ہیں۔ سینیٹر گردیپ سنگھ صاحب۔

## Senator Gurdeep Singh

سینیٹر گردیپ سنگھ: وائے گرو جی کا خالصہ، وائے گرو جی کی فتح۔ چیئرمین صاحب، میں خود بھی اس علاقے سے belong کرتا ہوں جس علاقے میں سیلاب آیا ہوا ہے۔ میرا تعلق شانگلہ سوات سے ہے۔ جس طرح ابھی وہاں situation ہے تو جناب چیئرمین میں منسٹر صاحب سے یہ request کروں گا اور سیاسی باتیں تو نہیں کروں گا لیکن میں چند باتیں کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت عوام کو جو تکلیف ہے، مالاکنڈ region میں، بونیر، سوات، شانگلہ اور باجوڑ میں جو سیلاب آیا ہوا ہے اس میں جن لوگوں کی جانیں جا چکی ہیں اور جو بچے، خواتین اور بزرگ شہید ہو چکے ہیں، یہ بہت بڑا سانحہ ہے۔ اس سانحہ کو دیکھتے ہوئے میں اپنی وفاقی حکومت سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ دیکھیں اس وقت اپنے عوام کے ساتھ کھڑے ہونے کی ضرورت ہے۔ اس حکومت کو چاہیے اور وزیراعظم کو چاہیے تھا کہ وہ وہاں جاتے اور لوگوں کے اس دکھ اور سانحہ میں ان کے ساتھ شریک ہوتے تو ایک اچھا

پیغام جاتا۔ دیکھیں خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ علی امین گنڈا پور صاحب تو اسی وقت پہنچ گئے تھے۔ لیکن پاکستان ایک صوبہ نہیں ہے کہ خیبر پختونخوا الگ صوبہ ہے اور پنجاب الگ ہے اور سندھ اور بلوچستان الگ ہیں۔ یہ سب پورے پاکستان کی نمائندگی کرتے ہیں ہے اس house کی premises میں، ہم یہ ہی گزارش کرتے ہیں کہ یہ ملک ہم سب کے لیے ایک جیسا ملک ہے۔ اس میں یہ نہیں ہے کہ یہ پٹھان ہے، یہ سندھی ہے، یہ بلوچی ہے یا کوئی اور ہے۔ ہم سب minority ہیں یا جو بھی ہیں اس ملک کے باشندے ہیں تو ہمیں اس ملک میں اس طریقے سے رہنا چاہیے کہ ایک دوسرے کی تکلیف کو ختم کریں وہ کس طرح ختم ہو سکتی ہے اس وقت ہمارے بونیر، سوات اور شانگلہ میں جو عوام کو تکلیف ہے۔ اس وقت ہم نے اس چیز کو سمجھنا ہے کہ ان کو کیا relief دے سکتے ہیں تو ان کو relief دینے کے لیے میں حکومت پاکستان سے گزارش کروں گا کہ یہ خود وہاں جائیں جو وزیر ہیں، جو مشیر ہیں۔ اس وقت ان کو خود جانا چاہیے ایک دو مشیر، اس سے بات نہیں بنتی کہ وہ چلے جائیں اور تصویریں بنا کر چند لوگوں کو پیسے دے کر واپس آ جائیں۔

یہ بہت بڑا سانحہ ہے اس وقت لوگ بہت تکلیف میں ہیں۔ میں خود وہاں سے آیا ہوں تو یہ میری گزارش ہے حکومت سے کہ وزیر اعظم صاحب خود چلے جائیں۔ اگر بیرون ملک جا سکتے ہیں، دورے کر سکتے ہیں اس سے اچھا ہے کہ اپنی عوام کے ساتھ دکھ میں شریک ہو جائیں تاکہ عوام کی تکلیف ختم ہو سکے۔ ان کو اس وقت چھت کی ضرورت ہے ان کے گھر تباہ ہو گئے ہیں۔ ان کا سب کچھ تباہ و برباد ہو گیا ہے، اس وقت آفت آئی ہوئی ہے۔ یہ آفت تو خدا کی طرف سے آئی ہے لیکن یہ نہیں معلوم کہ خدا ہمیں کس آزمائش سے آزما رہا ہے۔ میں دونوں ہاتھ جوڑ کر اس house کے توسط سے یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ہم سب کو مل کر جانا چاہیے اور عوام کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے کیونکہ یہ ایک بہت بڑا سانحہ ہے۔ اگر اس طرح ہم جائیں گے اور ان لوگوں کے ساتھ کھڑے ہوں گے اور ان کے مسئلے مسائل سن کر ان کو ایک اچھا relief دے سکیں تو میرے خیال میں میری طرف سے یہ ایک اچھی suggestion ہو گی۔

میں زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا لیکن میری تجویز ہے، کیونکہ میں اس علاقے سے تعلق رکھتا ہوں، میں منسٹر صاحب سے یہ گزارش کرتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب نے آپ کی تجویز note کر لی ہے۔ بہت بہت شکریہ۔ سینیٹر روبینہ ناز۔

**Senator Rubina Naaz**

Senator Rubina Naaz: Mr. Presiding Officer! First of all congratulations to you, it is a huge honour to preside over this esteem House, so, congratulations.

جس طرح فلک نے کہا کہ اس وقت بات کرنے کا ہمیں موقع جو دے رہے ہیں بڑا احسان ہم پر کر رہے ہیں لیکن اس کا بھی کوئی فائدہ نہیں ہے اور میرا تو خیال ہے کہ اگر ایک گھنٹہ پہلے بھی ہمیں وقت دیتے تو اس وقت بھی کوئی فائدہ نہیں تھا اور جس بات کا بہت زیادہ افسوس ہو رہا ہے وہ treasury benches کی اس انسانی سانحہ پر بے حسی اور ان کی عدم دلچسپی ہے۔ Treasury benches کی طرف آپ دیکھیں بالکل خالی پڑا ہوا ہے۔ ہم کس سے بات کریں ان کا کون سا representative اور میں طارق فضل چوہدری صاحب کو بھی داد دیتی ہوں اور اس بندے کو بھی داد دیتی ہوں جو یہ بار بار نکل جاتے ہیں لیکن وہاں سے واپس بھیجوا دیے جاتے ہیں کہ جائیں کچھ حیا رہ جائے اور آپ بیٹھ جائیں treasury benches پر اور ہماری representation کر لیں۔

So, I must give the credit to him and the person behind all this.

اس طرف سے جو mostly باتیں ہوئیں اس میں KP government کو criticize کیا گیا۔ میرا خیال ہے یہ بہت بڑا سانحہ ہے انسانی سانحہ ہے، سیلاب natural disaster ہے اور آپ کو معلوم ہے کہ اس کے against اس طریقے سے کون لڑ سکتا ہے۔ Unpredictable تھا اور جو cloud burst تھا وہ تو for the first time we are experiencing this thing. اگر تھا بھی تو پہلے ہم نے اس صورت میں اور اتنی بڑی تباہی کے ساتھ اس کو face نہیں کیا تھا لیکن اس کے باوجود اس side سے

treasury benchesکی طرف سے جوclear cut criticismکی شکل میں اس سانحہ کے وقت پر بھی سیاست کی جارہی ہے۔ وہ انتہائی افسوس ناک ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر! یہ موقع اس قسم کی سیاست کرنے کا نہیں ہے کہ federating unitsکامسئلہ ہے اورcentreالگ ہے اور وہاں پر الگ ہے۔ کچھ نے پنجاب کی مثالیں دیں کچھ نے سندھ کی مثالیں دی، اب ہمارا مسئلہ KP میں کیا ہے۔ ہمارا مسئلہ یہ ہے کہ ہم میں ظرف بہت زیادہ ہے، ہم سچے ہیں، ہم loyal ہیں۔ ہم لمبے لمبے boot پہن کر 007 بن کر نہیں پھر سکتے اور نہ ہی ہمtik tokکے لیے مناسب جگہوں کا انتخاب کرتے ہیں کہ وہاں پر ہمارا میک اپ خراب نہ ہو، وہاں پر ہمارا لباس خراب نہ ہو، وہاں ہم اچھے لگ رہے ہوں۔ چاہے natural disaster ہے لوگوں کا جو بنتا ہے وہ بنے لیکن ہمیں اچھا لگنا چاہیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر! میں نے پنجاب سے باتیں سنیں اور پھر سندھ سے انہوں نے بہتminutelyاس چیز کا analysis کیا کہ وہاں اتنے گھر بنے، وہاں پر climate changeایک دن کا کام نہیں ہے۔All of a sudden یہ نہیں آتا اس کے کئیfactorsہوتے ہیں۔ آپ اس پر جتنا بھی PTI government کو criticize کر لیں۔ آپ صرفPTI government کو اس کے لیے موردالزام نہیں ٹھہرا سکتے۔ جتنا کچھ ہم سے ہو سکتا ہےlimited resourcesمیں اور سب کو معلوم ہے کہ KP کو کتنا حصہ ملتا ہے۔ ہمارے جائز حصے میں سے ہمیں کتنا حصہ ملتا ہے اور ادھر آج بھی ہماراCMوہاں بیٹھا ہوا ہے۔ اسی وقت وہا ل جا کر اپنی پوریteamہمارے ساتھ تمام MPAsوہاں پر موجود ہیں اور وہ لوگوں کوfacilitateکر رہے ہیں بلکہ اب تک لوگوں کے جو نقصانات ہوئے ان کی assessment بھی کی جاچکی ہے۔Gender segregated data بھیcollectکیا جاچکا ہے اور وہاں پر معاوضے کی واپسی بھی شروع ہو چکی ہے۔

آپ لوگوں نے کبھی دیکھا ہے پنجاب میں اس طریقے سےquick response یہاں پر تو سیلاب آتے ہیں ہم نے یہ بھی دیکھا ہے کہ جب سیلاب آیا تو وہاں پرvisitکرنا بھی مناسب نہیں سمجھا گیا۔PM house میںartificialلوگ لائے گئے اور ایکartificialماحول کا سماں بنا

دیا گیا کہ یہ سیلاب کے affectees ہیں۔ ہم نے وہ والی situation بھی دیکھی ہے تو کیوں اور کس حد تک آپ ہمیں تنقید کا نشانہ بنائیں گے۔ یہ وقت خدارا سیاست کا نہیں ہے آگے بڑھیں، یہ ملک آپ کا بھی ہے اور اتنا ہی ہمارا بھی ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ کامران صاحب اسی موضوع پر دوبارہ بولنا چاہیں گے؟

## Point of Public Importance raised by Senator Kamran Murtaza regarding the incident of kidnapping of Sardarzada Yousaf Ali Khan Qalandrani from Karachi and killing of Molvi Kaleem-ullah in Chaghi

سینیٹر کامران مرتضیٰ: بات تو اس موضوع سے غیر متعلق ہے مگر یہ بلوچستان سے متعلق ہے۔ Sardarzada Yousaf Ali Khan Qalandrani خضدار سے تعلق رکھتے ہیں JUI سے ان کا تعلق ہے۔ ان کو کراچی سے اٹھایا گیا ہے اور جس طرح سے اٹھایا جاتا ہے اور پھر اس کے بعد ان کے بارے میں کچھ معلوم نہیں ہے۔ یہ درست طریقہ نہیں ہے اگر ان کے اوپر کوئی الزام ہے تو ان کو اس قانون کے مطابق گرفتار ہونا چاہیے۔ اس کے علاوہ چاغی میں مولوی کلیم اللہ صاحب JUI سے تعلق رکھتے ہیں آج ان کو شہید کر دیا گیا ہے۔ مجھے نہیں سمجھ آتا کہ JUI کے پیچھے کون پڑے ہوئے ہیں اور یہ شہادتیں اور اٹھایا جانا بھی ہمارا اب شروع ہو گیا ہے۔ میں عرض کروں گا کہ اس کا notice لیا جائے دونوں معاملات کے حوالے سے خضدار میں احتجاج ہو رہا ہے اور چاغی میں مولوی کلیم اللہ صاحب والا معاملہ یہ زیادتی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی اب اور کوئی رہ تو نہیں گیا۔ میں منسٹر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری صاحب سے گزارش کروں گا کہ وہ respond کریں۔

## Tariq Fazal Chaudhary (Minister for Parliamentary Affairs)

جناب طارق فضل چوہدری (وزیر برائے پارلیمانی امور): (عربی) جناب پریذائیڈنگ آفیسر! بہت شکریہ۔ آج یقیناً چودہ نہیں بلکہ پندرہ مرتبہ سے زیادہ جس طرح ہر ممبر نے اپنی تقریر سے پہلے آپ کو ایوان کو چیئر کرنے کے حوالے سے مبارک باد دی ہے اور اپنے جذبات کا اظہار کیا۔

اس سے یقیناً آپ کی جو تمام سینیٹرز میں پسندیدگی ہے اس کا اظہار ہوتا ہے، میں بھی آپ کو دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ اس ایوان کے لیے یہ بہت عزت کی بات ہے۔ Honourable Senatorاور ہماری بہن نے کہا کہ میں جاتا ہوں اور مجھے واپس بھیج دیا جاتا ہے انہوں نے ایسی سنسنی پھیلانے کی کوشش کی حالانکہ میں دو دفعہ گیا ہوں اور آپ سے اجازت لے کر گیا ہوں اور بتاکے گیا ہوں کہ نماز پڑھنے یا چائے پینے جارہا ہوں اور ساتھ ہی میں وہاں تقریریں سن رہا ہوتا تھا اور یہاں بیٹھنا ہماری ذمہ داری ہے۔ میں کوئی ایسا کام نہیں کر رہا جو میری ذمہ داری سے ہٹ کر ہو یا کوئی احسان ہے ایسا نہیں ہے۔

میں سمجھتا ہوں چونکہ بہت دیر ہو چکی ہے ورنہ ہمارے دیگر دو تین وزرا بھی یہاں موجود تھے اور پھر ہم نے آپس میں coordinate کیا کہ I will take this responsibility کہ تمام points note کر کے ان شاءاللہ نہ صرف عوام کوconfidenceمیں لینا ہے۔ان کے جواب دینے ہیں بلکہ یہ تمام چیزیں جو کچھ معزز سینیٹرز نے کہا کہ کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ فائدہ یقیناً ہوتا ہے۔ آپ کی آواز پورے پاکستان میں جاتی ہے تمام متعلقہ اداروں تک جاتی ہے اور پھر جب ہم ہمارے جوconcernedادارے ہیں ان تک یہ سارے concerns پہنچاتے ہیں۔ جہاں جہاں کمی یا کوتاہی رہ جاتی ہے وہاں پہ بھی اس کو دور کیا جاتا ہے تو لہٰذا اس ایوان سے کوئی بھی بات جو ہوتی ہے وہ بہت اثر رکھتی ہے اور حکومت اسے بہت سنجیدگی سے لیتی ہے۔ باقی معزز سینیٹر نے بھی جو بات ابھی کی کہ اس issueپر سیاست کی جارہی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہماری طرف سے اور گورنمنٹ کی طرف سے سب سے پہلے میں یہاں سے شروع کرتا ہوں کہ سیلاب کے حوالے سے مکمل ذمہ داری کا مظاہرہ کیا گیا ہے۔ خاص طور پر جس میں KPسب سے زیادہ hitہوا ہے۔اس کاresponse کرنے کے حوالے سے جو تفصیلات مختصراً میں آگے دوں گا۔ وقت زیادہ ہو چکا ہے۔ میری کوشش ہوگی کہ میں بہت زیادہ وقت نہ لوں۔ مکمل سنجیدگی سے بات کروں گا۔ کوئی ایک بیان جو غیر ذمہ دارانہ ہو، جو سیاست کے زمرے میں آتا ہو، آپ نشان دہی کریں میں اسے واپس بھی لوں گا اس پر میں معذرت بھی کروں گا۔ کوئی ایسا بیان نہیں آیا حتیٰ کہ جو ابھی آپ نے کہا کہ ہمارے پاس محدود وسائل ہیں۔ اس کی نفی تو آپ کے اپنے وزیراعلیٰ کر رہے ہیں۔ وہ فرمارہے ہیں مجھے ضرورت ہی نہیں ہے کسی چیز کی۔ میرے پاس تو اتنے پیسے ہیں، اتنے وسائل ہیں۔

میں تو بانٹ رہا ہوں، لوٹو، کھاؤ، پیو اور عیاشی کرو جیسے ہے ہی کچھ نہیں۔ او بھئی! یہ ایسی چیزیں ہوتی ہیں کہ ترقی یافتہ ممالک کے لیے بھی قدرتی آفات سے لڑنا مشکل ہوتا ہے۔ امریکہ، چائنہ اور جاپان میں سیلاب اور زلزلے آتے ہیں۔ وہ اس کو تمام تر وسائل رکھنے کے باوجود counter نہیں کر پاتے۔ لیکن اس کے باوجود Prime Minister Sahib جو کر رہے ہیں اور NDMA جو کر رہی ہے میں اس کی تفصیل بتاؤں گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صاحبہ نے خود KP کے وزیراعلیٰ کو فون کیا۔ سندھ اور بلوچستان کے وزرائے اعلیٰ نے فون کیے ہیں۔ یہ ہماری ایک collective responsibility ہے۔ ہم لکیروں کے حساب سے یا boundary کے حساب تو ضرور کچھ صوبوں میں تقسیم ہیں۔ گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر بھی ہمارے ہیں لیکن collectively ہم سب پاکستانی ہیں اور ہماری یہ بالکل ذمہ داری ہے کہ اگر کسی بھی جیسے جسم کے کسی ایک حصے کو تکلیف ہو تو باقی جسم آرام سے نہیں رہتا تو وہ تکلیف ہم سب کی ہے اور ہماری یہ collective responsibility ہے کہ ہم اس کو take on کریں اور اس پر تمام جو وسائل ہیں ان کو بروئے کار لائیں۔

جناب چیئرمین! قیمتی جانوں کا جو نقصان ہوا ہے اس پر میں دل کی گہرائیوں سے افسوس کا اظہار کرتا ہوں۔ جو متاثرہ خاندان ہیں ان سے دلی ہمدردی ہے۔ جو شہداء ہیں۔ میں بھی بالکل ان کے لیے شہداء کا لفظ استعمال کروں گا۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند کرے۔ اس وقت پہلے میں ایوان کو یہ update کردوں کہ 26 جون سے 17 اگست تک اور خاص طور پر ابھی یہ جو حالیہ سیلاب کی لہر آئی ہے 657 لوگ اس دنیا فانی سے رخصت ہوئے ہیں اور وہ شہید ہوئے ہیں۔ 929 افراد زخمی ہیں۔ 2462 گھر تباہ ہوئے ہیں اور اس میں کہیں ایسا ہوا کہ گاؤں کے گاؤں اس میں مٹ گئے۔ Livestock تقریباً ایک ہزار کے قریب متاثر ہوئی ہے۔ جناب چیئرمین! جیسا کہ میں نے پہلے کہا کہ اس تکلیف کو پورے پاکستان نے محسوس کیا ہے اور دل سے محسوس کیا ہے۔ جو جو کچھ کر سکتا تھا اس نے کیا اور اگر کچھ نہیں کر سکتا تھا تو دعا ضرور کی اللہ تعالیٰ سے کہ ان کی جو سختیاں ہیں ان میں آسانی پیدا کی جائے اور اللہ کی ذات آئندہ ایسے حادثات سے ان علاقوں کو محفوظ رکھے۔ ایک بات جو سینیٹر روبینہ خالد صاحبہ نے کی ہے اور کافی سارے سینیٹرز نے یہ بات کی ہے۔ میں آپ کا مشکور بھی ہوں کہ آپ میرا جواب سننے کے لیے پانچ سینیٹرز موجود ہیں اور میں نے جا جا کر اور فرداً فرداً request بھی

کی ہے۔ میں نے کہا کہ میری بھی بات سن کر جانا۔ جناب چیئرمین ! میں جو ایک statement کی بات کر رہا تھا۔ یہ صرف اس صوبے کے لیے یا صرف اس واقعہ کے لیے نہیں ہے جو سینیٹر روبینہ خالد نے بات کی ہے۔ قدرتی آفت کب اور کہاں آتی ہے۔ کسی کو کوئی پتا نہیں ہے لیکن اس کے لیے پیش بندی کرنا اور تیاری کرنا یہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اختیار بھی دیئے ہیں اور آپ کے بس میں بھی یہ ہوتی ہے کہ آپ ایسے اقدامات اٹھا رکھیں۔ تمام صوبوں کو میں کہہ رہا ہوں کہ اگر خدا نخواستہ یہ آفت آتی ہے تو آپ نے کیسے اسے اپنے عوام کے لیے وہ وسائل پیدا کرنے ہیں کہ نقصان کم سے کم ہو۔ یہ ضرور ہماری ذمہ داری ہے۔ بہت ساری ان عوامل کی نشان دہی جو ہے وہ دونوں اطراف سے کی گئی ہے کہ درختوں کی کٹائی کس طرح ہو رہی ہے، موسمیاتی تبدیلیاں اس سے کیسے آ رہی ہیں، اس سے پورا climate pattern کا change ہو رہا ہے۔ اس کے ساتھ climate کا pattern تو اللہ کے ہاتھ میں ہے لیکن جو ہمارے اپنے ہاتھ میں ہے کہ جو پانی کی قدرتی گزرگاہیں ہیں اور باقاعدہ دریا ہیں ان کے اندر جا کر جب ہم construction کرتے ہیں تو یقیناً اس سے پھر جو آگے حادثات ہوتے ہیں وہ ہم سب نے دیکھے ہیں۔ جنابِ چیئرمین ! مرکزی حکومت جیسا کہ میں نے پہلے کہا Prime Minister Sahib نے خصوصی کنٹرول روم قائم کیا ہے۔ اس حوالے سے جو امدادی packages ہیں ان کی تفصیلات ساری میرے پاس ہیں لیکن مجھے بالکل اچھا نہیں لگتا کہ میں یہ کہوں کہ ہمارے سب سے زیادہ جو اضلاع متاثر ہیں کہ ان میں 9 اضلاع ہیں۔ سوات، بونیر، باجوڑ، تورغر، مانسہرہ، شانگلہ اور بٹگرام ہے کہ یہاں پر کس کس علاقے کے لیے کتنی امداد، وہ دوائیوں کی شکل میں ہو، وہ کھانے پینے کی اشیا ہوں، وہ tents, blankets and generators ہوں، یہ تمام اشیا پہنچائی جا رہی ہیں اور روزانہ کی بنیاد پر۔ میں نے کہا کہ میرے پاس وہ تفصیلات موجود ہیں۔ لیکن میں وہ یہاں ایوان میں پڑھوں گا نہیں۔ اس لیے کہ وہ ایسا لگے گا کہ Federal Government کوئی credit لینے کی کوشش کر رہی ہے۔ یہ ہماری ذمہ داری ہے اور ہم اس کو، میں آتا ہوں، آپ کا حکم ہے تو یہ ہماری پوری کوشش ہے کہ ہم اپنے تمام تر وسائل کو بروئے کار لائیں۔ Prime Minister Sahib بہت جلد ان شاءاللہ تعالیٰ تمام affected areas کا دورہ بھی کریں گے اور اس کے ساتھ ساتھ میں آپ کو یہ عرض کر دوں کہ NDMA کا چونکہ بنیادی motion تھا اور اس حوالے سے ساری گفتگو ہوئی ہے۔ بعض

remarks اور بعض چیزیں NDMAکے حوالے سے ایسی ہوئی ہیں جو NDMA کا domain نہیں ہے۔ NDMA کا جو بنیادی کام ہے وہ کیا ہے؟ کہ قدرتی آفات اور اس دوران وفاق کی سطح پر معاونت، رابطہ، نگرانی، بروقت پیشگی انتباہ کرنا، موثر تیاری اور بہتر ہم آہنگی کے ذریعے عوام اور infrastructureکے نقصانات کو بچانا ہے۔ یعنی وہ تمام resources جو NDMA کے پاس ہیں سب سے پہلے اس کام کے اوپر لگتے ہیں کہ تمام international وہ ادارے جو کہ موسمیاتی یا زلزلے کے حوالے سے یا بارش کے حوالے سے پیش گوئی کرتے ہیں اور scientificبنیادوں پر کرتے ہیں ان کے ساتھ مسلسل رابطہ اور پھر اس کے ساتھ ساتھ ان کی دی ہوئی جو معلومات ہیں اور data ہے وہ فوری طور پر صوبائی حکومتوں کے ساتھ share کرنا۔ صوبوں کی سطح پرPDMA قائم ہیں اور یہی پھر آگے ضلع کی سطح پر چلی جاتی ہیں۔ تو practically جو اس طرح کی آفات سے صوبے اگر لڑتے ہیں تو وہاں پر صوبائی حکومت اور اس کی مشینری سب سے پہلے پہنچتی ہے اور ظاہر ہے سب سے پہلے وہ پہنچ بھی سکتی ہے اور اس کے بعد یقیناً مرکزی حکومت NDMA کی شکل میں ہو یا اپنے جو مخصوص packages ہیں۔ ابھی دیکھیں ہم نے جو 7 guidelinesیہ جو ابھی حالیہ سیلاب آیا ہے۔ 28 advisory, and 7 alerts, یہ ساری جاری کی گئیں کہ پیش بندی کے طور پر ہم کتنا اس آفت سے اپنے آپ کو بچا سکتے ہیں۔ اس کے بعد جو ہماری PDMAs ہیں ان کو support دینا۔ یہ ہمارا جو Prime Minister Sahib کا package میں نے آپ کو بتایا۔ تھوڑی سی بات اس پر آگے بھی کروں گا۔ اس کے تحت وہ ساری چیزیں جو ہیں وہ ہم کر رہے ہیں۔ ہمارے وفاقی وزیر برائے شمالی علاقہ جات جن کا تعلق شانگلہ سے ہے وہ مسلسل وہاں پر موجود ہیں۔ Government کی طرف سے وہاں پر سرگرمیاں ہو رہی ہیں، جو امدادی package دیے جا رہے ہیں، وہاں پر ان کو مسلسل دیکھ بھی رہے ہیں اور انہیں control بھی کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! اس کے ساتھ ساتھ پاکستان آرمی کے جوان اور افسران ہیں وہ دور دراز کے دشوار گزار علاقوں اور مشکل راستوں میں اپنی تمام امدادی سرگرمیاں بھی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اس میں بھی ادویات ہیں، خیمے ہیں اور سڑکیں clear کر رہے ہیں۔ Temporary bridges بنائے جا رہے ہیں کیونکہ بہت سارے اضلاع ایک دوسرے سے کٹ گئے ہیں۔ جو ان کے

راستے تھے پلوں کے ذریعے جڑتے تھے اور اس کے بعد وہ زمینی اور فضائی دونوں راستوں کے ذریعے یہ تمام امداد ان علاقوں تک پہنچا رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ rescue کی جو بات ہے، یہ جو بات ابھی کی گئی کہ کچھ ایسے واقعات ہوئے ہیں جن کی ویڈیوز بڑی دلخراش ہیں۔ ابھی اس سیلاب سے پہلے بھی کچھ ایسی families جو دریا کے بیچ میں trap ہو گئیں اور اس کے بعد ایک ایک کرکے وہ دریا برد ہوئے وہ ویڈیوز دیکھی نہیں جا سکتیں۔ آج اللہ کا شکر ہے کہ اس مرتبہ صوبائی حکومت، ہماری فوج کے جوان اور ہمارے ہیلی کاپٹرز ان سب نے مل کر کوشش کی ہے کہ اس طرح کے جو لوگ جنہیں immediate relief کی ضرورت ہے وہ دی گئی۔ اس میں ہماری Infantry کے ساتھ Engineering Corps کے لوگ، Force, Army Aviation, Air Medical Corps and FC کے جوان یہ سارے ہمہ وقت وہاں پر موجود رہے ہیں اور آج بھی موجود ہیں۔ یہ سارا کام وہاں پر جاری ہے۔ میں سمجھتا ہوں again I would say کہ یہ قدرتی آفت ایک قومی المیہ ہوتی ہے اور اس میں پوری قوم اکٹھی ہے۔ ہم ان شاءاللہ اپنے تمام تر resources once again I assure کچھ points جو raise کیے گئے ہیں جہاں مجھے محسوس ہو رہا ہے کہ ہم وہ اپنے متعلقہ اداروں کو معلومات دیں جو آج اس ایوان سے اٹھائی گئی ہیں۔ وہ ضرور ان شاءاللہ ہم دیں گے۔ جناب چیئرمین! میں یہ بھی بتا دیتا ہوں کہ ان شاءاللہ میں regularly ایوان کو مختصر انداز سے ان کارروائیوں کے حوالے سے اور جو حکومت وہاں پر کر رہی ہے، resources دے رہی ہے، امداد آ رہی ہے اور جا رہی ہے میں وقفے وقفے سے ان شاءاللہ brief کرتا رہوں گا۔ جب جب آپ کہیں گے۔ ایک دو points میں عرض کرتا چلوں۔

بلوچستان کے حوالے سے جو ابھی سینیٹر کاکڑ نے بات کی، میں صرف آدھے منٹ میں یہ بات کروں گا۔ .Very rightly he pointed out ڈاکٹر عثمان نام کا لیکچرر جو گرفتار ہوا، اس کا nexus جس طرح BLA کے ساتھ اور تمام banned organization کے ساتھ تھا، اس کا تاثر یہ دینا کہ محرومی کی بنیاد پر ایسا ہوا، میں ان کے الفاظ repeat کر رہا ہوں لیکن میں اس سے ایک جملہ آگے کہنا چاہوں گا، یہ ساری دہشت گردی وہاں پر ہو رہی ہے، قطعی طور پر یہ معاملہ محرومی کا نہیں ہے۔ اگر کسی جگہ resources کی کمی ہے تو ضرور بات ہونی چاہیے۔ خیبر پختونخوا کے لوگ بھی اگر یہ کہیں کہ ہمارے resources بڑھائے جانے چاہییں تو یہ ان کا ایک جائز حق

ہے۔ بات بھی ہونی چاہیے اور resources بڑھنے بھی چاہییں۔ وفاقی حکومت تمام صوبوں کے لیے ماں کا درجہ رکھتی ہے۔ اس سے بالکل بیٹھ کر بات کریں، ضد کریں، مانگیں اور اگر کہیں کمی رہتی ہے تو ہم دور کریں گے لیکن اس بنیاد پر اور اس نام پر وہاں پر terrorism کا ہونا، قطعی طور پر غلط ہے۔ بنیادی طور میں صرف ایک جملہ کہوں گا کہ یہ تمام دہشت گرد تنظیمیں انڈیا کی proxies ہیں، جو پاکستان کے خلاف ایک باقاعدہ سازش کے تحت ان علاقوں میں دہشت گردی پھیلا رہی ہیں۔

دوسری بات، ایمل ولی خان صاحب جو میرے بھائی ہیں، انہوں نے چونکہ براہ راست میری ذات کے حوالے سے ایک بات کی، میں اس کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ کل انہوں نے آل پارٹیز کانفرنس کی تھی۔ پرائم منسٹر صاحب کی ہدایت پر میں 12 بجے سے لے کر 7 بجے تک اس کانفرنس میں شریک رہا۔ اس کے بعد جو انہوں نے کہا کہ آپ وقت پر چلے گئے، وہ یہ تھا کہ انہوں نے کانفرنس کے آخر میں ایک اعلامیہ جاری کیا۔ میں نے ان کی 50 سے زیادہ تقاریر سنیں۔ سینیٹر عرفان صدیقی صاحب بھی میرے ساتھ وہاں موجود تھے۔ ہم حکومت کی نمائندگی کر رہے تھے۔ اب اس اعلامیے میں کچھ demands تھیں کہ یہ کام کیا جائے، فلاں ادارے کے حوالے سے یہ درستی کی جائے یا سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے۔ میں نے ان سے کہا کہ آپ یہ demands حکومت سے کر رہے ہیں۔ میں sign کر کے کس سے demand کروں گا۔ اگر میں بھی اس کا signatory ہوں، میں بھی سوالی بن جاؤں تو بات نہیں بنے گی۔ میں نے کہا کہ میں آپ سے receive کروں گا اور آپ کو رسید دوں گا کہ آپ کا اعلامیہ اور demands حکومت تک پہنچ گئی ہیں اور concerned quarters تک جائیں گی۔ اس لیے میں نے کہا کہ میرا اس اعلامیے پر sign کرنا نہیں بنتا۔ لہٰذا، بنیادی طور پر یہ وضاحت تھی جو میں نے آپ کو دی ہے۔ میں آپ کا بہت شکر گزار ہوں۔ ان شاءاللہ، جیسے میں نے پہلے بھی کہا، وقتاً فوقتاً میں ہاؤس کو update کرتا رہوں گا۔ بہت شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Motion has been talked out.

آرڈر نمبر 28 منسٹر صاحب کی request پر defer کیا جاتا ہے۔ کامران مرتضیٰ صاحب کے دو معاملات پر منسٹر صاحب نے نوٹس لے لیا ہے۔ میں بھی کہوں گا کہ اس پر رپورٹ منگوالیں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: اس سلسلے میں رپورٹ منگوالیں کہ ان کو کیوں اٹھایا گیااور مولوی کلیم اللہ صاحب کو کیوں مارا گیا، اس کی وجہ کیا ہے؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چیف سیکرٹری سے رپورٹ منگوالیں گے۔ یہ رپورٹ منگوا کر ہاؤس کو inform کردیں کہ یہ واقعہ کیوں ہوا ہے۔ شکریہ۔

The proceedings of the House stand adjourned to meet again on Tuesday, the 19th August, 2025 at 11:00 am.

--------------

*[The House was then adjourned to meet on Tuesday, the 19th August, 2025 at 11:00 am]*

--------------